ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | منگل 26 جمادی الاول 1447ھ 18 نومبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 134
رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 35 روپے

بلوچستان اسمبلی، پروازوں کے زائد کرایوں کیخلاف قرارداد منظور
ایئر لائنز نے کرایہ کم نہ کئے تو انکے منیجرز کو گرفتار کرنے کا اختیار رکھتے ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان

حکومت مہذب لیکن مربوط انداز میں بلوچستان کے حقوق کا دفاع کریگی، کوئٹہ سے ایئر لائنز کے زائد کرایوں کی وصولی کے معاملے پر وزیراعظم اور وزیر ہوابازی سے بات کر کے مسئلے کو اٹھائیں گے

بلوچستان کا عام شہری زائد کرایوں کی وجہ سے پریشانی کا شکار ہے، کوئٹہ سے کراچی اور کوئٹہ سے دبئی کا کرایہ ایک برابر، ملک کے دیگر حصوں میں اضافی کرایہ وصول نہیں کیا جارہا ہے، میر سرفراز بگٹی

اجلاس میں اسپیکر اور قائد حزب اختلاف کے درمیان نوک جھونک اور سخت جملوں کا تبادلہ، ایوان میں بات کرنے کی اجازت رولز کے تحت دی جاتی ہے، اسپیکر اسمبلی کی قائد حزب اختلاف سے معذرت

وزیر خزانہ نے بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا (ترمیمی) (مسودہ قانون مصدرہ 2025) مسودہ قانون نمبر 38 مصدرہ (2025 پیش کیا، اسمبلی نے قرارداد متفقہ طور پر منظور

کوئٹہ (سٹی رپورٹر، این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت مہذب لیکن مربوط انداز میں بلوچستان کے حقوق کا دفاع کریگی، کوئٹہ سے ایئر لائنز کے زائد کرایوں کی وصولی کے معاملے پر وزیراعظم اور وزیر ہوابازی سے ملاقات کر کے مسئلے کو اٹھائیں گے اگر ایئر لائنز نے کرائے کم نہ کیے تو انکے منیجرز کو 16 ایم پی او کے تحت گرفتار کرنے کا اختیار رکھتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران رکن اسمبلی شاہدہ رؤف کی جانب سے کوئٹہ سے ملک کے دیگر حصوں کے لیے جانے والی پروازوں کے زائد کرایوں کی وصولی پر پیش کی جانے والی قرارداد پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کا عام شہری زائد کرایوں کی وجہ سے پریشانی کا شکار ہے اس معاملے پر وزیراعظم اور وزیر دفاع و ہوابازی کو خطوط لکھے ہیں لیکن ان کا جواب نہیں ملا۔ انہوں نے کہا کہ اب اس مسئلے کا حل یہی ہے کہ تمام پارلیمانی لیڈروں کے ہمراہ وزیراعظم اور وزیر ہوابازی سے ملاقات کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ سے کراچی اور کوئٹہ سے دبئی کا کرایہ ایک برابر ہے جبکہ ملک کے دیگر حصوں میں کسی قسم کا اضافی کرایہ وصول نہیں کیا جارہا ہے۔ انہوں .... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

جسٹس محمد کامران ملاخیل قائم مقام چیف جسٹس بلوچستان تعینات
گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے حلف لیا، اہم شخصیات شریک

کوئٹہ (خ ن) گورنر ہاؤس کوئٹہ میں آج ایک پروقار تقریب حلف برداری منعقد ہوئی جس میں جسٹس محمد کامران خان ملاخیل نے بلوچستان ہائی کورٹ کے قائمقام چیف جسٹس کے عہدے کا حلف اٹھایا۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے جسٹس محمد کامران خان ملاخیل سے......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل کو نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کی جانب سے میجر جنرل محمد رضا ایزد یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین، جسٹس روزی خان بڑیچ اور جسٹس ارشد حسین شاہ سے آئینی عدالت کے جج کا حلف لے رہے ہیں

انسانیت کیخلاف جرائم، شیخ حسینہ واجد کو سزائے موت کا حکم
فیصلے کی پرواہ نہیں، سابق وزیراعظم

حسینہ واجد اور سابق وزیر داخلہ اسد الزماں کا نوٹسز کے باوجود کا مفرور ہونا جرم کا اعتراف، تین رکنی بینچ

فیصلے سے قبل کشیدگی، عوامی لیگ پر پابندی نہ ہٹائی تو عام انتخابات نہیں ہونے دیں گے، بیٹے کی دھمکی

پارٹی کارکن صبر کریں، وقت کا معاملہ ہے، سب کچھ حساب میں آئے گا، سابق بنگلہ دیشی وزیراعظم

ڈھاکہ (م ڈ) انسانیت کے خلاف جرائم کے مقدمے میں سابق وزیراعظم بنگلہ دیش شیخ حسینہ واجد کو سزائے موت سنا دی گئی، شیخ حسینہ واجد کو ان کی غیر موجودگی میں سزا سنائی گئی ہے......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

حماس نے سلامتی کونسل میں ٹرمپ کے غزہ منصوبے کی حمایت میں قرارداد کو مسترد کر دیا

قرارداد سے فلسطینیوں کی حکمرانی چھن جائیگی، غزہ میں بین الاقوامی فورس کی تعیناتی کا مطلب غیر ملکی سرپرستی ہے

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں صدر ٹرمپ کے غزہ منصوبے کی امریکا اور مسلم ممالک کی قرارداد پر ووٹنگ آج ہوگی

غزہ (م ڈ) حماس اور دیگر فلسطینی مزاحمتی گروپوں نے سلامتی کونسل میں ٹرمپ کے غزہ منصوبے کی حمایت میں قرارداد کو مسترد کردیا۔ اطلاعات کے مطابق اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں صدر ٹرمپ کے غزہ منصوبے کی امریکا اور مسلم ممالک کی قرارداد پر ووٹنگ آج ہوگی۔ سلامتی کونسل میں غزہ میں عبوری حکومت کے قیام پر بھی ووٹنگ ہوگی۔ سلامتی کونسل میں غزہ کے لیے بین الاقوامی استحکام فورس کی تعیناتی پر بھی......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

پاک افغان سرحد غیر معینہ مدت کیلئے بند، پاکستان اپنے موقف سے ہٹنے کے موڈ میں نہیں، سیکیورٹی پہلے، تجارت بعد میں، اسلام آباد کا دو ٹوک موقف
دہشتگردی کے خاتمے تک افغانستان سے تجارت نہیں ہوگی، پاکستان

سرحدی بندش معمول کا انتظامی اقدام نہیں بلکہ پالیسی میں سٹریٹجک تبدیلی ہے، افغان طالبان قیادت کو مطلع کر دیا گیا کہ کالعدم ٹی ٹی پی اور دیگر گروپوں کیخلاف ٹھوس کارروائی تک مزید مذاکرات نہیں ہوسکتے

سرحدوں کی بندش کو ایک ماہ سے زائد ہو چکا، ہزاروں ٹرک اور کنٹینرز پھنسے ہوئے ہیں، سرحدی گزرگاہیں صرف انسانی بنیادوں پر کھلی ہیں، تجارت اور معیشت سے زیادہ اہم اپنے لوگوں کی زندگی ہے، سینئر افسر

بارڈرز کی بندش کے سبب دونوں ممالک کے درمیان تجارت میں بڑی کمی ریکارڈ، اکتوبر میں سالانہ بنیادوں پر پاک افغان دوطرفہ تجارت میں 54 فیصد کمی آئی جو ماہانہ بنیادوں پر اکتوبر میں 36 فیصد کم ہوئی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان نے افغانستان کے ساتھ سرحد غیر معینہ مدت کیلئے بند رکھنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق دو طرفہ کشیدگی میں اضافے کی وجہ طالبان حکام کی افغان تاجروں وار ننگ ہے کہ وہ پاکستان پر انحصار ختم کر کے دیگر ملکوں کیساتھ......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

پاک چین انسداد دہشتگردی، سکیورٹی تعاون بڑھانے پر اتفاق
وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے چینی سفیر جیان زیڈونگ کی ملاقات

دوطرفہ تعلقات تبادلہ خیال چینی سفیر کی اسلام آباد خودکش حملے کی مذمت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان اور چین نے انسداد دہشت گردی اور سکیورٹی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے چین کے سفیر جیان زیڈونگ نے ملاقات کی جس میں پاک چین دوطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، چین کے سفیر نے اسلام آباد میں خودکش حملے کی مذمت کی۔ انہوں نے چینی جانوں......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، تہران اور استنبول ریلوے روٹ سے معیشت کو چار چاند لگیں گے، وزیراعظم

بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں پارٹنرشپ سے پاکستان ریلوے کو شاندار ٹرانسپورٹ سسٹم بنائیں گے، شہباز شریف

تھرکول کی ٹرانسپورٹیشن کیلئے وفاق اور سندھ حکومت کا اشتراک ہے، جو رقوم درکار ہیں وہ فوری طور پر فراہم کریں گے

صوبوں کے ساتھ اشتراک کے مثبت نتائج سامنے آئیں گے، فریٹ سسٹم کو پوری طرح منظم کیا جارہا ہے، حنیف عباسی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کراچی کینٹ اسٹیشن کی اپ گریڈیشن کا افتتاح کردیا۔ افتتاحی تقریب میں وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ، چیف سیکرٹری سندھ اور دیگر حکام بھی وزیراعظم کے ہمراہ تھے۔ وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے وزیراعظم کو کینٹ اسٹیشن کی اپ گریڈیشن پر بریفنگ دی۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

27 ویں آئینی ترمیم کیخلاف بھرپور احتجاج کا اعلان
آئین پر عمل درآمد نہ ہو تو معاشرے تباہ ہو جاتے ہیں، اپوزیشن

اسد قیصر کی اپوزیشن رہنماؤں کے وفد کے ہمراہ اسلام آباد جوڈیشل کمپلیکس آمد حملے پر وکلا سے تعزیت و اظہار ہمدردی

عام شہری کو تحفظ حاصل نہیں، 26 ویں اور 27 ویں آئینی ترمیم کے خلاف بھرپور آواز اٹھائیں گے ذمہ داری ہے، اسد قیصر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اپوزیشن رہنماؤں کے وفد نے اسلام آباد کی ضلع کچہری پہنچ کر حالیہ دھماکے پر وکلا سے تعزیت اور اظہار ہمدردی کیا۔ اپوزیشن رہنماؤں میں محمود اچکزئی، راجا ناصر عباس، مصطفیٰ نواز کھوکھر، سابق اسپیکر اسد قیصر اور خالد یوسف......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی آئینی عدالت کے مزید دو ججز نے حلف اٹھا لیا
جسٹس روزی خان اور جسٹس ارشد حسین شاہ سے آئینی عدالت کے چیف جسٹس نے حلف لیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی آئینی عدالت کے 2 مزید ججز نے حلف اٹھالیا۔ جسٹس روزی خان اور جسٹس ارشد حسین شاہ نے وفاقی آئینی عدالت......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی آئی خان، فورسز کی کارروائی، خارجی سرغنہ سمیت 10 دہشتگرد ہلاک

سکیورٹی فورسز نے ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے کلاچی میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا

ہلاک 4 خوارجیوں کا تعلق افغانستان سے ہے، دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں بارودی مواد، خودکش جیکٹس برآمد

راولپنڈی (زاہد احمد خان) ڈیرہ اسماعیل خان میں سکیورٹی فورسز کی کارروائی کے نتیجے میں فتنۃ الخوارج کے سرغنہ عالم محسود سمیت 10 دہشتگرد ہلاک اور 4 زخمی ہوگئے۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ سکیورٹی فورسز نے ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے کلاچی میں دہشت گردوں......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

28 ویں آئینی ترمیم جلد لائیں گے، منظور بھی ہو جائے گی، رانا ثناء
ایک جج کو یہ زیب نہیں دیتا وہ خود کو سیاسی احتجاج میں ملوث کرے، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے مشیر سینیٹر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ 28 ویں آئینی ترمیم جلد لائی جائے گی، وہ بھی منظور ہو جائے گی۔ نجی ٹی وی میں میڈیا سے......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

صدر مملکت کو چار ممالک کے سفراء نے اپنی اسناد سفارت پیش کیں
تقرریاں پاکستان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنائیں گی، آصف علی زرداری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری کو چار نئے تعینات ہونے والے سفراء نے ایوان صدر میں منعقدہ پروقار تقریب کے دوران اپنی اسناد......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

اکتوبر میں غیر ملکی سرمایہ کاری میں 23 فیصد اضافہ
براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کا حجم 179 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا، اسٹیٹ بینک

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

سعودی عرب کے ولی عہد محمد بن سلمان کا 7 سال بعد دورہ امریکا
مقصد تجارتی، تکنیکی اور ممکنہ طور پر جوہری توانائی کے شعبے میں تعلقات کو وسیع کرنا ہے

واشنگٹن (م ڈ) سعودی عرب کے ولی عہد محمد بن سلمان نے پیر کو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات کے لیے وائٹ ہاؤس کا دورہ کیا۔ اس ملاقات کا مقصد......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

پارٹی امیدوار کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لیں، جعفر مندوخیل

عوام اپنا قیمتی ووٹ دیانتدار اور عوام دوست امیدواروں کو دیں جو حقیقی معنوں میں نمائندگی کرتے ہوں

کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں پارٹی کے امیدواروں کو ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا، وفود سے بات چیت

راحیلہ حمید درانی، شعیب نوشیروانی، جمال شاہ کاکڑ، ولی محمد نورزئی اور دیگر کی ملاقات، الیکشن لائحہ پر گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات، یونین کونسل کی ترقی اور عام شہریوں کی......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

اسپیکر بلوچستان عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت اجلاس میں صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی مشترکہ قراردادوں پر اظہار خیال کر رہے ہیں

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان محکمہ پراسیکیوشن کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جسٹس کامران ملاخیل کو مستقل چیف جسٹس تعینات کرنے کا مطالبہ

ان کی جرات مندانہ عدالتی روش قابل ستائش ہے، وکلاء، قانونی ماہرین

بطور جج ہمیشہ عدالتی شفافیت اور انصاف کی بروقت فراہمی کو ترجیح دی، وکلاء

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) معروف وکلاء اور قانونی ماہرین نے جسٹس کامران ملاخیل کو قائمقام چیف جسٹس بننے پر مبارکباد دیتے ہوئے ان کی نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے اور ان کی بحیثیت مستقل چیف جسٹس تعیناتی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی جرات مندانہ عدالتی روش، عوامی مسائل سے آگاہی اور نظم و شفافیت کے حوالے سے ان کی کوششیں قابل ستائش ہیں، ان کی مستقل تعیناتی ملک اور صوبے کے لئے نیک شگون ثابت ہوگا۔ ان خیالات......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سمیت مختلف شہروں میں چینی کی قیمتیں مزید بڑھ گئیں
کوئٹہ (نیوز ڈیسک) مختلف شہروں میں چینی کی قیمتوں میں اضافہ......... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان ایک آزاد ملک، قرضوں میں نہیں پھنسنا چاہیے، امریکہ
قرض اصلاحاتی پروگرام سے پاکستان کی اقتصادی حکمت عملی کامیاب ہوگی، نیلی بکر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں امریکی ناظم الامور نیٹلی اے بیکر نے کہا ہے کہ پاکستان ایک آزاد ملک ہے اور اسے کسی ملک کے قرضوں کے جنگل میں......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

مغربی ایشیا میں کوئی ملک اسرائیل سے محفوظ نہیں، ایران
واشنگٹن کے پیدا کردہ جنگل میں مضبوط ہونا ہی واحد راستہ ہے، عباس عراقچی

تہران (م ڈ) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ مغربی ایشیا میں کوئی ملک اسرائیل سے محفوظ نہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے عالمی کانفرنس......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت ادویات کی فراہمی کا جائزہ لے، چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت
اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی آئینی عدالت میں زندگی بچانے والی ادویات سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

انوار الحق کیخلاف تحریک عدم اعتماد کامیاب، فیصل ممتاز راٹھور وزیراعظم آزاد کشمیر منتخب

فیصل ممتاز راٹھور کو 36 ووٹ ملے، تحریک عدم اعتماد کے حق میں 36 ووٹ، 2 مخالفت میں آئے

علالت کے باعث صدر بیرسٹر سلطان محمود نئے وزیراعظم سے حلف نہیں لیں گے، اسپیکر حلف لینگے

مظفر آباد (بیورو رپورٹ) آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی میں وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق کے خلاف تحریک عدم اعتماد کامیاب ہوگئی، فیصل ممتاز راٹھور وزیراعظم آزاد کشمیر منتخب ہوگئے ہیں ان کی حلف برداری (آج) منگل کو ہونے کا امکان ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم آزاد کشمیر کے امیدوار فیصل ممتاز راٹھور کو 36 ووٹ ملے تحریک عدم اعتماد کے حق میں 36 ووٹ جبکہ 2 مخالفت میں آئے، اس طرح فیصل ممتاز راٹھور وزیراعظم آزاد کشمیر منتخب ہوگئے۔ تحریک کی کامیابی کے بعد وزیراعظم ممتاز راٹھور کی حلف برداری (آج) منگل کو ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع نے......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ تربت میں بچوں کو ویکسین پلا کر خسرہ و روبیلا مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

پاکستان کے 20 پسماندہ اضلاع کی فہرست جاری، 17 کا تعلق بلوچستان سے ہے

بلوچستان میں پسماندگی روزگار کے بحران، کمزور معیشت اور حکومتی سرمایہ کاری کے فقدان کی علامت ہے

صوبے میں سڑکیں، صحت، تعلیم اور روزگار نہ ہونے کے برابر، 65 فیصد گھر کچے، فوری اقدامات ناگزیر ہو چکے

ایمرجنسی رسپانس اور ترقیاتی منصوبوں کی رفتار سست ہے، بلوچستان اور خیبر پختونخوا کمزور صوبے قرار

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) پاکستان پاپولیشن کونسل نے ملک کے 20 پسماندہ ترین اضلاع کی تازہ فہرست جاری کر دی ہے، جس نے ترقیاتی وسائل کی غیر مساوی تقسیم اور بنیادی سہولیات کے شدید فقدان کو ایک بار پھر نمایاں کر دیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ملک کے ان 20 اضلاع میں سے 17 کا تعلق بلوچستان سے ہے، جو اس صوبے میں بڑھتی ہوئی محرومی......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں بجلی اور گیس کا شدید بحران برقرار
انٹرنیٹ سروس بند کردی گئی، عوام سوسال پیچھے دھکیل دیے گئے

کوئٹہ حالیہ انتظامی ناکامیوں کے باعث عجیب سی کیفیت اختیار کر چکا

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان اس وقت شدید بحران کی صورتحال سے دوچار ہے۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت مختلف اضلاع میں گیس کی طور پر غائب ہے، بجلی کی لوڈشیڈنگ میں نمایاں اضافہ ہوگیا ہے، جبکہ انٹرنیٹ سروس بھی مسلسل معطل ہے......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

دبئی ایئر شو میں پاکستانی JF17 تھنڈر کی دھوم، عالمی ادارے متوجہ

اونچی پروازوں، تیز رفتاری کے مظاہروں اور فارمیشن میں کیئے گئے فضائی شو کو بے حد سراہا گیا

متعدد ملکی اور غیر ملکی شرکا سبز ہلالی پرچم سے سجے پاکستانی طیاروں کو دیکھ کر تصاویر بناتے نظر آئے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) دبئی ایئر شو میں JF17 تھنڈر کی دھوم، پاکستانی اور اماراتی طیاروں کی مشترکہ پرواز نے شرکا کے دل جیت لیے دبئی ایئر شو 2025 کا آغاز المکتوم انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر شاندار فضائی کرتب کے ساتھ ہوا جس میں دنیا بھر کی فضائی اور......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی پولیس بلوچستان کا ریڈ زون میں سکیورٹی انتظامات کا معائنہ

سول سیکرٹریٹ، ناکہ جات، سمارٹ پولیس اسٹیشن اور سول لائن تھانہ کا جائزہ

کوئٹہ میں گشت، چیک پوسٹوں کی استعداد کار کو بہتر بنایا جا رہا ہے، آئی جی پولیس

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے حساس ترین علاقے ریڈ زون میں سکیورٹی صورتحال کا از سر نو جائزہ لینے کے لیے آئی جی پولیس بلوچستان......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

مدینہ میں آئل ٹینکر بھارتی عمرہ زائرین کی بس سے ٹکرا گیا، 42 افراد جاں بحق

بس میں سوار افراد کا تعلق بھارتی ریاست تلنگانہ کے شہر حیدر آباد سے تھا جاں بحق افراد میں خواتین اور بچے شامل

بس مکہ سے مدینہ منورہ جارہی تھی، تصادم کے بعد شدید آگ بھڑک اٹھی متعدد موقع پر جاں بحق، زخمی قریبی ہسپتال منتقل

مدینہ (م ڈ) بھارت سے سعودی عرب جانے والے عمرہ زائرین کی بس آئل ٹینکر سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں 42 افراد جاں بحق ہوگئے عرب میڈیا کے مطابق عمرہ کے......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

پنجاب میں داعش خراسان کے عناصر موجود نہیں، وزارت اطلاعات
پاکستان نے زلے خلیل زاد کا داعش خراسان کے کمانڈر کی ہلاکت کا دعویٰ مسترد کردیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت اطلاعات و نشریات نے امریکا کے سابق خصوصی ایلچی برائے افغانستان زلمے خلیل زاد کے اس دعوے کی تردید کی جس میں انہوں......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت نے ٹرمپ کے دباؤ میں امریکا سے گیس خریدنے کا معاہدہ کرلیا
سالانہ 22 لاکھ ٹن ایل پی جی کیلئے ایک سالہ معاہدہ کیا ہے، بھارتی وزیر کی گفتگو

واشنگٹن، نئی دہلی (م ڈ) بھارت نے پیر کے روز کہا ہے کہ اس نے ایک اہم معاہدہ طے کر لیا ہے جس کے تحت امریکا مائع پیٹرولیم گیس (ایل پی جی) کی درآمدات کا تقریباً......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

11 ویں این ایف سی ایوارڈ کا ابتدائی اجلاس پھر ملتوی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی مالیاتی کمیشن (این ایف سی) جسے تین ماہ پہلے تشکیل دیا گیا تھا، کا ابتدائی اجلاس اب بھی ہوتا نظر نہیں آرہا، 18 نومبر کی مجوزہ تاریخ بھی مؤخر کردی گئی ہے، اور اس دوران موجودہ مالی سال کے لیے معاشی ترقی کا ہدف میں 0.7 فیصد تک کمی کرتے ہوئے اسے 3.5 فیصد کردیا......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم آزاد کشمیر کا سپیشل اور سینئر سیکرٹری کا عہدہ ختم کرنے کا اعلان
سرکاری ملازمتوں میں خواتین کیلئے برابر کے مواقع فراہم کریں گے، فیصل ممتاز راٹھور

مظفر آباد (م ڈ) نو منتخب وزیراعظم آزاد کشمیر فیصل ممتاز راٹھور......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

عدم پیشی پر علیمہ خان کے 11 ویں بار وارنٹ گرفتاری جاری



ملزمہ پنجاب میں 678 سے زائد جائیدادوں کی مالکن، رپورٹ عدالت پیش

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی راولپنڈی نے 26 نومبر احتجاج کیس میں علیمہ خان کے 11 ویں......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

’ذاتی مفادات کیلئے بدکاری‘ خارجی کے ہوشربا انکشافات

خوارجی کمانڈر ہمارے ساتھ بداخلاقی کرتے تھے، خارجی دہشتگرد احسان اللہ

اسلام آباد (م ڈ) خارجی دہشت گرد کے فتنہ الخوارج کے حوالے سے ہوشربا انکشافات سامنے آگئے جب کہ فتنہ الخوارج......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

شاہ زیب خانزادہ کو اہلیہ کے ہمراہ ہراسانی کا سامنا، ویڈیو وائرل

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) نجی نیوز چینل کے پروگرام میزبان شاہ زیب خانزادہ کو ان کی اہلیہ کے ہمراہ ایک شاپنگ مال میں ہراساں کیا گیا جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

ملک میں شرافت، آئین و قانون کی کوئی جگہ نہیں ہے، سلمان اکرم راجا
حقوق کی جنگ جاری ہے، عوام کو حقیر جانا جاتا ہے، آٹھ فروری کو جو ہوا وہ انسانیت کی توہین ہے

ملٹری کورٹس میں سویلین کا ٹرائل سپریم کورٹ نے مسترد کیا، آئینی بینچ نے اجازت دیدی، میڈیا سے گفتگو

لاہور (بیورو رپورٹ) رہنما پی ٹی آئی سلمان اکرم راجا نے کہا ہے کہ آج اس ملک میں شرافت، آئین اور قانون کی کوئی جگہ نہیں۔ لاہور ہائی کورٹ بار کے تحت 27 ویں آئینی ترمیم کیخلاف اور مستعفی ججز کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے جنرل ہاؤس اجلاس ہوا جس کی صدارت لاہور ہائیکورٹ بار کے صدر ملک آصف نسوانہ نے کی۔ اجلاس میں سلمان اکرم راجہ، لاہور بار کے سیکرٹری رحمان چوہدری سمیت دیگر وکلا نے شرکت کی......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے تین اضلاع میں منشیات کی فصلیں کاشت ہو رہی ہیں، جسٹس مندوخیل

طالبان نے افغانستان میں منشیات فیکٹریاں بند کیں تو یہاں شروع ہوگئیں، سب کو معلوم ہے لیکن کوئی کارروائی نہیں کرتا

بارڈر پر منشیات کو کیوں نہیں روکا جاتا؟ ضیاء الحق کا دیا تحفہ بھگتیں، اے این ایف کو ملزم کی سی ڈی آر پیش کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے جسٹس جمال مندوخیل نے منشیات سپلائی نہ روکنے پر سرکاری اداروں پر اظہار برہمی کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ منشیات کو بارڈر پر کیوں نہیں روکا جاتا؟ یہ شہروں تک کیسے پہنچتی ہے؟ منشیات کیس کے ملزم کی......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

شاہ محمود کی ضمانت درخواستوں پر پراسیکیوشن کو ریکارڈ پیش کرنے کا آخری موقع
ضمانت لٹکانے کی کوشش کی جارہی ہے، وکیل، سماعت 25 نومبر تک ملتوی کردی

لاہور (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت (اے ٹی سی) لاہور نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما شاہ محمود قریشی کی 3 مقدمات میں ضمانت کی درخواستوں پر پراسیکیوشن کو مقدمات کا ریکارڈ پیش کرنے کا آخری موقع دے دیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج منظر علی گل نے سماعت کی۔ پراسیکیوشن نے آج بھی مقدمات......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ریٹرننگ آفیسر محمد علی درانی کے دفتر میں بلدیاتی انتخابات کیلئے امیدواران شاہ انتظار مسیح، صادق آزاد اور دیگر کاغذات نامزدگی جمع کرا رہے ہیں

افغان بارڈر بندش سے بلوچستان کی معیشت بری طرح متاثر ہوئی ہے، پاکستان بزنس فورم

صوبے کے تاجروں اور کاروباری طبقے کو شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے، صدر خواجہ محبوب الرحمن

ہزاروں کاروباری افراد معاشی عدم استحکام کا سامنا کر رہے ہیں، چیئرمین بلوچستان دارو خان اچکزئی

بارڈر تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے جامع حکمت عملی مرتب دی جائے، تاجر رہنماؤں حکومت سے مطالبہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی موجودہ کاروباری صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان بزنس فورم کے صدر خواجہ محبوب الرحمن، چیف آرگنائزر احمد جواد اور چیئرمین بلوچستان دارو خان اچکزئی نے کہا ہے کہ صوبے کے تاجروں اور کاروباری طبقے کو شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے، جس کے سبب تجارتی سرگرمیاں انتہائی پریشانی کی حالت میں جاری ہیں۔ چیئرمین بلوچستان دارو خان اچکزئی نے بتایا کہ بلوچستان کی مجموعی کاروباری فضا مسلسل دباؤ کا شکار ہے اور کاروبار سے وابستہ ہزاروں افراد شدید معاشی عدم استحکام کا سامنا کر رہے ہیں۔ افغان بارڈر کی بندش نے صوبے کی معاشی شہ رگ کو متاثر کیا ہے، جس کے نتیجے میں ہزاروں تاجر بے روزگار ہیں اور تجارتی عمل تقریباً معطل ہو چکا ہے۔ پاکستان بزنس فورم کے رہنماؤں نے کہا کہ بارڈر ٹریڈ نہ صرف بلوچستان بلکہ ملک کے دیگر حصوں کی معیشت کے لیے بھی اہم ہے، اور اس کی بندش نے صوبے کے کاروباری طبقے پر گہرے اثرات مرتب کیے ہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ فوری اقدامات کے ذریعے بارڈر کی بحالی اور تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کی جائے۔ رہنماؤں نے زور دیا کہ بلوچستان کے لیے فوری جامع معاشی ریلیف پیکج کا اعلان کیا جائے تاکہ تاجروں اور کاروباری طبقے کو سہارا مل سکے اور وہ اپنے کاروبار کو جاری رکھ سکیں۔ موجودہ حالات میں حکومتی عدم توجہ کاروبار دوست ماحول کے لیے ایک بڑا خطرہ بن چکی ہے۔ مزید کہا گیا کہ کمرشل بینکوں کو ہدایت دی جائے کہ وہ تاجروں کے لیے قرضوں کی ادائیگی میں آسانیاں، ری شیڈولنگ، مارک اپ میں کمی اور نئے قرضوں کی فراہمی کے لیے خصوصی مراعات دیں تاکہ کاروبار کا پہیہ چلتا رہے۔ تاجروں کے لیے بینکنگ سہولیات میں آسانیاں انتہائی ضروری ہیں۔ پاکستان بزنس فورم کے رہنماؤں نے انٹرنیٹ کی غیر متوقع بندش اور ٹرانسپورٹرز کو مخصوص اوقات میں سفر کی اجازت جیسے مسائل کی بھی نشاندہی کی، جس سے ہزاروں لوگوں کا روزگار متاثر ہو رہا ہے اور مسافروں و ٹرانسپورٹرز کو روزانہ لاکھوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے۔ ہڑتالوں سے تاجروں کو بھی شدید نقصان پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو ان مسائل پر فوری غور کرنا چاہیے، کیونکہ سرحدی عوام کا بنیادی ذریعہ معاش بارڈر ہے۔ بارڈر کی اچانک بندش سے نہ صرف کاروبار متاثر ہوتا ہے بلکہ عام لوگ اور ان کے خاندان بھی شدید مشکلات میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ امن و امان کی خراب صورتحال کی وجہ سے بھی تاجروں کا روزگار شدید متاثر ہو رہا ہے۔

صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی اور رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم بازئی اسمبلی اجلاس کے دوران بات چیت کر رہے ہیں

اہم شاہراہوں کو بند کرنے سے نظام زندگی مفلوج ہو گیا ہے، لالہ یوسف خلجی

لاکھوں کی آبادی کو مشکلات سے دوچار کرنے کی بجائے حکمران شہر سے باہر قلعے تعمیر کر لیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ حکمرانوں نے اپنے تحفظ کیلئے سڑکیں ٹریفک کیلئے بند کر کے کوئٹہ شہر کی لاکھوں کی آبادی کو سخت اذیت میں مبتلا کر دیا ہے۔ سڑکیں بند ہونے سے شہر میں سارا دن ٹریفک جام رہتی ہے اور منٹوں کا سفر گھنٹوں میں طے ہوتا ہے، حکمران اپنے لئے شہر سے کہیں باہر کھلی جگہ پر قلعے تعمیر کر لیں جہاں حکمران خود کو محفوظ کر سکیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ جن حکمرانوں نے عوام کو تحفظ اور سہولیات فراہم کرنا تھیں وہ اپنے تحفظ میں لگے ہوئے ہیں۔ گورنر ہاؤس، وزیر اعلیٰ ہاؤس اور دیگر اہم عمارتوں کی دیواریں کنکریٹ سے بنائی گئی تھیں تاکہ حکمران محفوظ رہ سکیں لیکن حکمرانوں نے عوام کو پریشان کرنے کا ٹھیکہ لے رکھا ہے۔ کوئٹہ شہر کی اہم شاہراہوں کو بغیر کسی وجہ سے مٹی ڈال کر ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند کر دیا گیا ہے، جس سے کوئٹہ شہر میں سارا دن ٹریفک جام رہتی ہے۔ مریض ٹریفک جام ہونے سے ایمبولینسوں میں تڑپتے رہتے ہیں جبکہ سکولوں کے بچے بھی کئی کئی گھنٹے کی تاخیر سے گھروں کو پہنچتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک جام نے شہریوں کو ذہنی اذیت میں مبتلا کر دیا ہے، منٹوں کا سفر گھنٹوں میں طے ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکمرانوں کو اپنی جانوں کی اتنی ہی پرواہ ہے تو وہ کوئٹہ شہر سے کسی باہر کی کھلی جگہ پر جا کر اپنے لئے قلعے تعمیر کر لیں تاکہ وہاں کوئی نہ جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر کی اہم سڑکیں ٹریفک کیلئے بند کئے جانے سے کوئٹہ شہر کی 30 لاکھ سے زائد آبادی کو آمد و رفت میں سخت مشکلات کا سامنا ہے۔ بلوچستان امن جرگے کا مطالبہ ہے کہ کوئٹہ کی سڑکوں کو فوری طور پر ٹریفک کیلئے کھولا جائے تاکہ عوام سکھ کا سانس لے سکیں۔

بلوچستان حکومت کا ادبی اداروں کی سرپرستی

تحریر: چاکر بلوچ

بلوچستان ایک ایسا خطہ ہے جو تاریخ، ثقافت، زبان اور ادب کے لحاظ سے نہایت زرخیز ہے۔ یہاں کے لوگوں نے صدیوں سے شعر و ادب، زبان و بیان، اور فن و ثقافت کو زندہ رکھا ہے۔ حکومت بلوچستان نے اس روایت کو آگے بڑھانے کے لیے مختلف ادبی اداروں کو مالی امداد فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ یہ ادارے اپنی سرگرمیوں کو مزید وسعت دے سکیں۔ بلوچستان حکومت کی جانب سے دیے گئے فنڈز کا مقصد صرف مالی تعاون نہیں بلکہ ادبی ترقی کی بنیاد مضبوط کرنا ہے۔ ان فنڈز سے مختلف ادبی انجمنیں، اکیڈمیاں اور ثقافتی مراکز اپنی سرگرمیوں کو منظم انداز میں جاری رکھ سکیں گے۔ یہ اقدام حکومت کی علمی و ثقافتی ذمہ داری کا ثبوت ہے۔ ان اداروں میں بلوچستان اکیڈمی تربت بھی شامل ہے، جو طویل عرصے سے ادب، تحقیق، زبان اور ثقافت کے فروغ میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہے۔ اکیڈمی نے نہ صرف مقامی مصنفین اور شعرا کو پلیٹ فارم دیا بلکہ نئی نسل میں علمی شعور پیدا کرنے کی کوششیں بھی کی ہیں۔ بلوچستان اکیڈمی ... کر لیتا ہے۔ ادبی ادارے نہ صرف زبان و ثقافت کی بقا کے ضامن ہیں بلکہ یہ معاشرتی مسائل کے حل میں بھی فکری رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ شاعری، تحقیق اور نثر کے ذریعے معاشرتی اصلاح، قومی یکجہتی، اور امن کا پیغام عام کیا جا سکتا ہے۔ بلوچستان حکومت کا یہ قدم اس بات کا اشارہ ہے کہ وہ محض بنیادی ڈھانچوں کی تعمیر تک محدود نہیں بلکہ فکری تعمیر کو بھی اہمیت دے رہی ہے۔ تعلیم اور ادب میں سرمایہ کاری دراصل آنے والی نسلوں میں شعور اور ذمہ داری پیدا کرنے کے مترادف ہے۔ ان فنڈز سے بلوچستان اکیڈمی تربت، بلوچی ادبی انجمن، پشتو اکیڈمی، براہوی اکیڈمی اور دیگر ادارے اپنی مطبوعات، تحقیقی منصوبے اور تعلیمی سرگرمیاں وسعت دے سکیں گے۔ اس سے بلوچستان کی متنوع زبانوں اور ثقافتی ورثے کو قومی سطح پر اجاگر کرنے میں مدد ملے گی۔ یہ ادارے مقامی ادیبوں، شاعروں، اور طلبہ کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرتے ہیں جہاں وہ اپنی صلاحیتوں کو نکھار سکتے ہیں۔ حکومت کی سرپرستی سے امید کی جا سکتی ہے کہ بلوچستان کے مختلف اضلاع میں بھی اس نوعیت کے مزید مراکز قائم ہوں گے۔ انہیں حوصلہ افزا اقدامات کے ...

انتظامیہ کی کارروائیاں قانونی اقدامات پر 12 دکاندار گرفتار، 4 کو جیل بھیج دیا گیا

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے قیمتوں کے کنٹرول، پلاسٹک بیگز کی روک تھام، تجاوزات اور غیر قانونی منی پٹرول پمپس کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ کارروائیوں کے دوران 75 دکانوں اور مارکیٹوں کا معائنہ کیا گیا، 12 افراد کو گرفتار جبکہ 4 کو جیل بھیج دیا گیا۔ 8 غیر قانونی منی پٹرول پمپس اور 8 دکانیں سیل کی گئیں، جبکہ 40 کلوگرام پلاسٹک بیگز ضبط کیے گئے۔ مجموعی طور پر 50 ہزار روپے جرمانے عائد کیے گئے۔

ایگریکلچر ریسرچ لورالائی سرکاری زیتون مل مرمت ہو چکی ہے

کوئٹہ (آئی این پی) زیتون کے کاشتکاروں کے لئے اطلاع عام و خوشخبری زیتون کا شتکار حضرات کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ڈائریکٹوریٹ آف ایگریکلچر ریسرچ لورالائی سرکاری زیتون مل خرابی کے بعد دوبارہ 2025/11/15 کو فعال ہو گیا ہے لہٰذا اپنی باری کی بکنگ کے لیے رابطہ کریں محبوب خان کاکڑ ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر 03315679926 مولاداد ناصر ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر 03337913775 رمضان خان مشین آپریٹر 03362313925

میجر، ٹی بی کنٹرول پروگرام، ڈاکٹر شیر افگن کا دورہ بی ایم سی

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی ٹی بی کنٹرول پروگرام بلوچستان کے صوبائی منیجر ڈاکٹر شیر افگن رئیسانی نے بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر آصف انور شاہوانی کے ہمراہ اس ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا۔ اس موقع ...

کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے جمہوریت مضبوط ہوگی، چوہدری نعیم کریم

مسلم لیگ (ن) کوئٹہ میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لیکر کامیابی حاصل کر یگی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے ... جمع کرانے کا سلسلہ شروع ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات جمہوریت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں ...



حاجی سید تیر شاہ کی ابدی کے فاتحہ خوانی کوئٹہ میں 18 اور 19 نومبر کو ہوگی

27 ویں ترمیم کے بعد ملک سے عدلیہ کا وجود ختم ہو گیا ہے، سیف اللہ کاکڑ

پاکستان عالمی برادری میں بالکل تنہا ہو گیا ہمارے بہترین دوست بھی ساتھ چھوڑ گئے

سیکرٹری خزانہ عمران زرکون فنانس منیجمنٹ انفارمیشن سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سیکورٹی کے نام پر شاہراہوں کی بندش سے ٹریفک نظام مفلوج ہو چکا ہے، علاؤالدین ترین

حکومت مرکزی شاہراہوں کو کھولنے اور ٹریفک نظام کو بحال کرنے کے لئے فوری اقدامات کرے

صالح عمل کی قبولیت مزید نیک اعمال کی توفیق نصیب ہونا ہے، امیر عبدالقدیر اعوان

کراچی روڈ کی خان رند اسٹریٹ کچرے کے ڈھیر میں تبدیل

اجتماع عام کی تیاریاں عروج پر پہنچ گئی ہیں، زاہد اختر بلوچ

نواں کلی کوتوال گردنواح کے مکین واسا کے پانی کو ترس رہے ہیں، علاقہ مکین

گزشتہ چار سالوں سے پانی بند ہے علاقے کے عوام اس وقت ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر ہیں

محمد خانول، ایڈووکیٹ عنایت اللہ کاکوزئی، امیر محمد کاکوزئی، ابرار اللہ کاکوزئی، ابرار اچکزئی کی مشرق سے بات چیت

کوئٹہ (ایریا رپورٹ) کوئٹہ نواں کلی کوتوال ارسلاح محلہ اور اس کے گردونواح میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی خواب بن گیا، بار بار محکمہ واسا حکام سے اپیل کی لیکن کوئی ٹس سے مس نہیں ہو رہا ہے، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے محمد خانول، ایڈووکیٹ عنایت اللہ کاکوزئی، امیر محمد کاکوزئی اسرار اللہ کاکوزئی، ابرار اچکزئی و دیگر نے بتایا ہے کہ کوتوال ارسلاح محلہ کو کلی خانان سے پانی مل رہی تھی یہی پانی گزشتہ چار سالوں سے بند کی گئی ہے علاقے کے عوام اس وقت ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر ہے، عوام نے بتایا ہے کہ ٹینکر مافیا کی مبینہ ملی بھگت محکمہ واسا حکام نے علاقے پر مکمل طور پر پانی بند کی گئی ہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکام سے سنگین نوعیت کے اس اہم مسئلہ پر فوری نوٹس لینے اور یہاں کے عوام کو بلا تعطل پانی کی فراہمی یقینی بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔

صوبائی وزراء بخت محمد کاکڑ، میر علی حسن زہری، سردار فیصل جمالی، پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی، ونجے کمار پنجوانی اراکین صوبائی اسمبلی اجلاس میں بات چیت کر رہے ہیں

نور اللہ ترین اور حنیف پشتون کی جبری گمشدگی تشویشناک ہے، پشتونخوا نیپ

قلات، سید آغا محمد شاہ کراچی کے نجی ہسپتال میں انتقال کر گئے

... شاہ مرحوم کے فرزند معروف شخصیت سید آغا ابراہیم شاہ، سید آغا عبداللہ شاہ، سید آغا محبت شاہ، سید آغا غلام رسول شاہ کے بھائی، سید عطاء اللہ شاہ سید سمیع اللہ شاہ سید آغا شاہ میر شاہ سید آغا زم زم شاہ کے والد تھے مرحوم کی تدفین قلات میں مقامی قبرستان میں کر دی گئی جبکہ فاتحہ خوانی عالی جاہ گزگی، خضدار میں سید آغا ابراہیم شاہ ہاؤس میں ہو رہی ہے۔

نوجوان نسل کو منشیات کی لت سے نجات دلائی جائے، رحیم کاکڑ

محمد اسلم ساسولی کی اہلیہ انتقال کر گئیں

ممتاز تاجر حاجی ساعت ملوک انتقال کر گئے

... جمعیت علماء اسلام ابو الکلام آزاد یونٹ کے امیر مولوی جمعہ خان وزیری اور اراکین عاملہ نے مرحوم کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے درجات بلند کرے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ انہوں نے مرحوم کی جماعتی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔

امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ جامعہ میں نئے آنے والے طلباء و طالبات کیلئے منعقدہ تعارفی سیشن سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ، بلوچستان سول سیکرٹریٹ آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے انتخابات کے سلسلے میں انصاف پینل کے نامزد صدارتی امیدوار امیر حمزہ محمد شہی کا اپنے حمایتوں کے ساتھ گروپ فوٹو

کوئٹہ، بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواران ملک ذیشان حسین و دیگر کا حمایتوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

تصحیح بابت انٹرویو برائے بھرتی ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی

بحوالہ دفتر ہذا کے اشتہار نمبر PRQ No 2407/13-11-2025 کے تحت مندرجہ ذیل آسامیوں کو پر کرنے کیلئے جو تاریخ دیئے گئے تھے اب چند ناگزیر وجوہات کی بنا پر ان میں تبدیلی کی جاتی ہے اور ان آسامیوں کیلئے اب انٹرویو کی تاریخوں کو ہر آسامی کے سامنے درج ذیل تاریخ کو منعقد ہونگے۔ تفصیل درج ذیل ہیں۔

نمبر شمار	آسامی اور درجہ	تعداد آسامی	تاریخ انٹرویو	وقت اور مقام
1	ڈرائیور (BPS -05)	02	24-11-2025	صبح 09:00 بجے بمقام ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی
2	مالی (BPS -01)	02	24-11-2025	صبح 09:00 بجے بمقام ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی
3	سویپر (BPS -01)	03	24-11-2025	صبح 09:00 بجے بمقام ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی
4	چوکیدار (فکسڈ)	01	25-11-2025	صبح 09:00 بجے بمقام ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی
5	مالی (فکسڈ)	01	25-11-2025	صبح 09:00 بجے بمقام ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی
6	نائب قاصد (فکسڈ)	01	25-11-2025	صبح 09:00 بجے بمقام ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی
7	سویپر (فکسڈ)	01	25-11-2025	صبح 09:00 بجے بمقام ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی

شرائط و ضوابط: (1) تمام امیدواران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ انٹرویو کے دن اپنے تمام اصل کاغذات اور اصل شناختی کارڈ کے ہمراہ ریکروٹمنٹ کمیٹی کے روبرو پیش ہوں۔ (2) انٹرویو میں آنے والے امیدواروں کو کوئی سفری خرچ (TA/DA) نہیں دیا جائیگا۔

ڈپٹی کمشنر لورالائی

PRQ No 2439/17-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer (Road) CWPP&H District SOHBAT PUR invites sealed percentage rates tenders based on Composite Schedule of Rates, 2023 Government of Balochistan amended up-to-date from interested contractors/firms for the mentioned below:- **Earnest Money 2% in shape of call deposit, Tender Fee 1500/- (in shape of green challan form deposited in head of account C-02716), Tentative Time Limit 12-Months (Working)**

S.No.	Name of Work	E/cost	E/Money
1	REPAIR OF A-1 ROADS DISTRICT SOHBATPUR (NON DEVELOPMENT) RESTORATION OF BERMS OF VARIOUS ROADS DISTRICT SOHBAT PUR. **TSE-252611911713**	50.00 MILLION	**Rs.100000/-**

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority Rules, 2014. **Eligibility:-** (i) The contractors must have registration with Tax authorities i.e. (NTN & Sales Tax department and BRA) (ii) valid registration with Pakistan Engineering Council in required Category C6 ,C5, & above in relevant discipline i.e. CE01, CE10, (iii) ONE years Relevant work Experience (iv) Financial Capabilities / Turn-over of Last ONE Year. **Method of Procurement:-** Single Stage, One Envelope Procedure. **Bid Security:-** The Bid Must accompany bid security in the form of call deposit of amount specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Biding / Tender Documents:- Tender Documents:-** The bidding documents can be obtained from the office of the undersigned upon payment (non refundable) bidding documents fee mentioned above through green challan (the NIT and bidding documents can also be downloaded from www.bppra.gob.pk under TSE No. given above against each scheme. **ISSUANCE:-** The tender documents issued from the date of publication of this NIT upto **05/12/2025 at 12:00 PM** during office hours. **SUBMISSION:-** Last date for submission of documents from advertisement published in newspapers upto **05/12/2025 at 12:00 (P.M). OPENING:-** The tenders will be opened on **05/12/2025 at 01:00 (P.M). Place of Issuance, submission, inquiries and opening will be Address:-** The Executive Engineer (Road), CWPP&H District Sohbat pur. Telephone No. **0838603044**, Fax no, 0838603044 Email address: xenrspur@gmail.com **BID VALIDITY PERIOD:** Ninety **(90 days). TERMS & CONDITIONS:-** Terms and conditions are mentioned (incorporated) in detail in bidding documents. A procuring agency may cancel the bidding process at any time prior to acceptance of bid or proposal, as per provision in BPRRA, rule 2014. **Note:-** It may be noted that no pay order will be accepted / entertained and firm's complete title / name should be written on the call deposit.

Executive Engineer (Roads)
CWPP&H Department District
Sohbat pur

PRQ No.2430/17-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اشتہار برائے بھرتی کنٹریکٹ ملازمین / واک ان انٹرویو

محکمہ صحت ضلع واشک، بلوچستان بشمول ضلعی ناظم صحت واشک میں درج ذیل مختلف آسامیاں جو ایک سالہ کنٹریکٹ (عارضی بنیاد) پر مشتہر کی جاتی ہیں۔ آسامیوں کو پر کرنے کے لئے ضلع واشک کے لوکل / ڈومیسائل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ امیدواروں سے واک ان انٹرویو درج ذیل شیڈول کے مطابق ضلعی ناظم صحت کے دفتر میں صبح 09:00 بجے شام 04:00 بجے تک منعقد کئے جائیں گے۔ درخواست ضلعی ناظم صحت واشک کے دفتر میں جمع ہونگے اور درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ 25 دسمبر 2025 ہے۔ جس کے بعد کوئی بھی درخواست قابل قبول نہیں ہوگی۔

نمبر شمار	نام آسامی / اسکیل	تعداد آسامی	تعلیمی قابلیت	انٹرویو کی تاریخ
1	میڈیکل ٹیکنیشن (B-09)	05	میٹرک یا مساوی تعلیم بمعہ میڈیکل ٹیکنیشن ڈپلومہ، بلوچستان میڈیکل فیکلٹی سے پاس شدہ	07 جنوری 2026
2	لیڈی ہیلتھ وزٹر (B-09)	05	میٹرک یا مساوی تعلیم بمعہ لیڈی ہیلتھ وزٹر ڈپلومہ، بلوچستان میڈیکل فیکلٹی سے پاس شدہ	08 جنوری 2026
3	جونیئر کلرک (B-11)	02	انٹرمیڈیٹ یا مساوی بمعہ کمپیوٹر ڈپلومہ، ٹائپنگ اسپیڈ 30 الفاظ فی منٹ	09 جنوری 2026
4	ڈینٹل ٹیکنیشن (B-09)	01	میٹرک یا مساوی تعلیم بمعہ ڈینٹل ٹیکنیشن ڈپلومہ، بلوچستان میڈیکل فیکلٹی سے پاس شدہ	09 جنوری 2026
5	ڈائلیسز ٹیکنیشن (B-09)	02	میٹرک یا مساوی تعلیم بمعہ ڈائلیسز ٹیکنیشن ڈپلومہ، بلوچستان میڈیکل فیکلٹی سے پاس شدہ	09 جنوری 2026
6	ای سی جی ٹیکنیشن (B-09)	01	میٹرک یا مساوی تعلیم بمعہ ای سی جی ٹیکنیشن ڈپلومہ، بلوچستان میڈیکل فیکلٹی سے پاس شدہ	09 جنوری 2026
7	آئی ٹیکنیشن (B-09)	01	میٹرک یا مساوی تعلیم بمعہ آئی ٹیکنیشن ڈپلومہ، بلوچستان میڈیکل فیکلٹی سے پاس شدہ	09 جنوری 2026
8	او ٹی ٹیکنیشن (B-09)	01	میٹرک یا مساوی تعلیم بمعہ او ٹی ٹیکنیشن ڈپلومہ، بلوچستان میڈیکل فیکلٹی سے پاس شدہ	09 جنوری 2026
9	فزیوتھراپی ٹیکنیشن (B-09)	01	میٹرک یا مساوی تعلیم بمعہ فزیوتھراپی ٹیکنیشن ڈپلومہ، بلوچستان میڈیکل فیکلٹی سے پاس شدہ	09 جنوری 2026
10	الٹراساؤنڈ ٹیکنیشن (B-09)	01	میٹرک یا مساوی تعلیم بمعہ الٹراساؤنڈ ٹیکنیشن ڈپلومہ، بلوچستان میڈیکل فیکلٹی سے پاس شدہ	09 جنوری 2026
11	انستھیزیا ٹیکنیشن (B-09)	01	میٹرک یا مساوی تعلیم بمعہ انستھیزیا ٹیکنیشن ڈپلومہ، بلوچستان میڈیکل فیکلٹی سے پاس شدہ	09 جنوری 2026
12	ایکسرے اسسٹنٹ (B-09)	01	میٹرک یا مساوی تعلیم بمعہ ایکسرے اسسٹنٹ ڈپلومہ، بلوچستان میڈیکل فیکلٹی سے پاس شدہ	09 جنوری 2026
13	ڈسپنسر (B-05)	02	میٹرک بمعہ سائنس، تجربہ کار کو ترجیح دی جائے گی	10 جنوری 2026
14	چوکیدار (B-04)	05	پڑھنا لکھنا جانتا ہو۔	10 جنوری 2026

(1) عمر کی حد 18 سے 43 سال ہوگی۔ (2) انٹرویو کے وقت امیدوار اپنے اصل اسناد ساتھ لائیں گے۔ (3) ہر امیدوار انٹرویو کے وقت اپنی تمام تعلیمی اسناد، تجرباتی اسناد، لوکل ڈومیسائل 3 عدد پاسپورٹ سائز تصاویر ہمراہ لائے گا۔ (4) تکنیکی Technical آسامیوں کے لئے صرف وہی امیدوار اہل ہونگے جو پہلے ہی اپنے تکنیکی ڈپلومہ کی تصدیق بلوچستان میڈیکل فیکلٹی سے کرا چکے ہوں۔ (5) حکومت بلوچستان کے احکامات کے تحت معذور، بیوہ اور خواتین کو کوٹے کے مطابق آسامیوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ (6) تمام آسامیوں کو ایک سال عارضی بنیاد پر بھرتی کیا جائے گا۔ جسے متعلقہ امیدوار کی کارکردگی کو دیکھ کر وسعت دی جا سکتی ہے۔ (7) تمام کنٹریکٹ تقرریاں ناقابل ٹرانسفر ہوں گی اور تعینات شدہ امیدواروں کو کسی بھی وقت نوکری سے برخاست کیا جا سکتا ہے۔ (8) کسی بھی امیدوار کو سفری اخراجات نہیں دیے جائیں گے۔ (9) آسامیوں کی تعداد میں کسی بھی وقت کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔

ضلعی ناظم صحت ضلع واشک

PRQ No 2438/17-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

درخواستیں مطلوب ہیں

میونسپل کمیٹی زہری میں مندرجہ ذیل خالی آسامیوں پر براہ راست بھرتی کے لئے ضلع خضدار کے لوکل / ڈومیسائل باشندوں سے درج ذیل شرائط کے تحت درخواستیں مطلوب ہیں:۔

نمبر شمار	نام اسامی	گریڈ	تعداد	تعلیمی قابلیت	کیفیت
۱	سینیٹری انسپکٹر	BPS-9	۱	پرائمری	--------
۲	لیڈنگ فائر مین	BPS-9	۱	انٹرمیڈیٹ	--------
۳	سینیٹری سپروائزر	BPS-6	۱	میٹرک	--------
۴	ڈرائیور (LTV)	BPS-4	۳	پرائمری	ڈرائیونگ لائسنس لازمی ہے
۵	فائر مین	BPS-4	۳	پرائمری	--------
۶	نائب قاصد	BPS-1	۱	پرائمری	--------
۷	چوکیدار	BPS-1	۱	پرائمری	--------
۸	خاکروب	BPS-1	۱۰	پرائمری	اقلیتی امیدوار کو ترجیح دی جائے گی

شرائط:۔ (1) امیدوار کی عمر 18 سال سے کم اور 33 سال سے زائد نہ ہو۔ البتہ سرکاری قوانین کے تحت عمر میں دس (10) سال کی مزید رعایت موجود ہے (2) سرکاری ملازمین اپنے محکمہ کے توسط سے درخواست جمع کرا سکتے ہیں (3) درخواست بنام زیر دستخطی ہمراہ قومی شناختی کارڈ، لوکل / ڈومیسائل سرٹیفکیٹ و تعلیمی اسناد کی تصدیق شدہ نقول اور دو عدد حالیہ تصاویر مورخہ 02 دسمبر 2025 تک میونسپل کمیٹی زہری میں جمع کرائی جا سکتی ہیں (4) ایسی درخواستیں جن کے ہمراہ غیر مصدقہ دستاویزات منسلک ہوں ناقابل قبول ہونگی (5) نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں ناقابل قبول تصور ہونگی (6) متذکرہ بالا آسامیوں پر بھرتی کیلئے اہل امیدواروں سے زبانی امتحان / انٹرویو مورخہ 12 دسمبر 2025، بمقام میونسپل کمیٹی زہری میں لیا جائے گا۔ جس کے لئے امیدوار کا اپنا اصل شناختی کارڈ و دیگر اسناد ہمراہ لانا لازمی ہوگا (7) انٹرویو کے لئے آنے والے امیدواران کو کسی قسم کا سفری خرچ ادا نہیں کیا جائے گا۔

چیف آفیسر میونسپل کمیٹی زہری

AB No 476/17-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

آج اختراع صرف ٹیکنالوجی میں نہیں بلکہ اس کے موثر استعمال میں ہے، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود

پیچیدہ سماجی مسائل کے حل کیلئے مختلف شعبوں کے ماہرین کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنا ضروری ہے، تحقیق کو حقیقی ضروریات سے جوڑنا چاہیے

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں "سماجی علوم میں اختراعات اور بین المضامین حکمت عملی" کے موضوع پر تیسری بین الاقوامی کانفرنس منعقد ہوئی

اسلام آباد (شاکر رحمان) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں "سماجی علوم میں اختراعات اور بین المضامین حکمت عملی" کے موضوع پر تیسری بین الاقوامی کانفرنس منعقد ہوئی جس میں ماہرین نے سماجی علوم میں معیاری تحقیق، جدید رجحانات اور عملی حل پر مبنی تحقیقات کی ضرورت پر زور دیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے خطاب میں کہا کہ آج اختراع صرف ٹیکنالوجی میں نہیں بلکہ اس کے موثر استعمال میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیچیدہ سماجی مسائل کے حل کے لیے مختلف شعبوں کے ماہرین کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنا ضروری ہے اور تحقیق کو کمیونٹی اور معاشرے کی حقیقی ضروریات سے جوڑنا چاہیے۔ ڈاکٹر ناصر نے مزید کہا کہ کسی بھی شعبے میں تحقیق کی کامیابی اسی وقت ممکن ہے جب اس کے سماجی پہلوؤں کو پوری طرح سمجھا جائے کیونکہ سماجی تناظر کو سمجھے بغیر نہ تو موثر پالیسی بن سکتی ہے اور نہ ہی لوگوں کی زندگی آسان اور بہتر ہو سکتی ہے۔ فیکلٹی آف سوشل سائنسز کے ڈین، پروفیسر ڈاکٹر عبدالعزیز ساحر اور قائداعظم یونیورسٹی کی پروفیسر ڈاکٹر تنویر انجم نے کلیدی خطابات پیش کیے۔ پروفیسر عبدالعزیز ساحر نے کہا کہ سماجی علوم اور سماجی رویے انسانی روح سے جڑے ہوئے ہیں اور زمین پر ہدایت پہلے اتری اور انسان بعد میں آیا، اس لیے جب تک انسان زندہ ہے، سماجی علوم بھی زندہ رہیں گے۔ انہوں نے زور دیا کہ سماجی علوم میں انسانیت، رواداری اور محبت کو پروان چڑھانے کی ضرورت ہے تاکہ معاشرے میں ایسے رویے پیدا ہوں جو پڑوسیوں کے آنگن تک سایہ پھیلا سکیں۔ کانفرنس کے کنوینر پروفیسر ڈاکٹر سید محمد عامر شاہ اور سیکرٹری ڈاکٹر سلمان علی قریشی نے بھی خطاب کیا اور یونیورسٹیوں کے علمی مکالمے، تحقیقی تعاون اور بین الاقوامی روابط کے ذریعے سماجی ترقی میں کردار پر روشنی ڈالی۔ کانفرنس کا اہتمام شعبہ بزنس ایڈمنسٹریشن نے کیا ہے۔ اس کانفرنس میں سماجی علوم میں تحقیق کو فروغ دینے کے لیے 166 مقالے پیش کیے جائیں گے۔

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر علی حسن زہری اسمبلی اجلاس میں بات چیت کر رہے ہیں

افسران سنگین جرائم کے خاتمے کیلئے خصوصی لائحہ عمل بنائیں، آئی جی اسلام آباد

جدید ٹیکنالوجی اور تمام میسر وسائل کا استعمال کرتے ہوئے ملزمان کیخلاف موثر کریک ڈاؤن کیا جائے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد کا امن وامان اور جدید پولیسنگ کے حوالے سے اہم میٹنگ۔ میٹنگ میں کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ، شہریوں کی سہولت کیلئے جاری منصوبوں اور امن و امان کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا، شہریوں سے براہ راست رابطے کے اقدامات کو تیز کرنے کے احکامات بھی جاری کیے تاکہ سکیورٹی اور سہولت دونوں بہتر بنائی جاسکیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے امن وامان اور جدید پولیسنگ کے حوالے سے اہم میٹنگ کا انعقاد کیا، میٹنگ میں ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق، ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی سی ٹی ڈی اور ڈی ایس پی سی آئی اے نے شرکت کی، آئی جی اسلام آباد نے کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ، شہریوں کی سہولت کیلئے جاری منصوبوں اور امن وامان کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا، جبکہ شہریوں سے براہ راست رابطے کے اقدامات کو تیز کرنے کیلئے بھی خصوصی احکامات جاری کیے تاکہ اسلام آباد میں سکیورٹی اور سہولت دونوں بہتر بنائی جاسکیں۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ تمام افسران سنگین جرائم کے خاتمے کے لئے خصوصی لائحہ عمل بنائیں، جدید ٹیکنالوجی اور تمام میسر وسائل کا استعمال کرتے ہوئے ڈکیتی، راہزنی اور دیگر جرائم میں ملوث ملزمان کے خلاف موثر کریک ڈاؤن کو یقینی بنایا جائے، عدالتی مفروران اور اشتہاریوں کی گرفتاری کو یقینی بنائیں اور انہیں پناہ دینے والے عناصر کیخلاف سخت کارروائیاں عمل میں لائی جائیں، بغیر نمبر پلیٹ اور کالے شیشوں والی گاڑیوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیاں عمل میں لائی جائے، انہوں نے افسران کو مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے سدباب کو یقینی بنانے کیلئے ڈولفن اسکواڈ کے گشت کو مزید موثر بنایا جائے، انہوں نے کہا کہ پولیس افسران کی موجودگی شہریوں کے لئے تحفظ اور جرائم پیشہ عناصر کے لئے خوف کا باعث ہونی چاہیے، جبکہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ کا ہماری اولین ترجیح ہے۔

قلات: مسروقہ موٹر سائیکل برآمد ملزم گرفتار

قلات (آن لائن) قلات پولیس کی بڑی کارروائی، چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد ملزم گرفتار، گزشتہ رات موٹر سائیکل چوری کی واردات پیش آئی جس میں نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر فاروق شاہ کو اس کی موٹر سائیکل اور موبائل فون سے محروم کر دیا، ایف آئی آر نمبر 109/2025 سیکشن 392 اور 34 پی پی سی کے تحت تھانہ سٹی قلات میں درج کیا گیا، ایس پی قلات زاہد حسین شاہ کے خصوصی احکامات پر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے سی آئی اے قلات اور ایس ایچ او سٹی قلات کی مشترکہ کارروائی کے دوران چھینی گئی

بی آئی ایس پی نے مستحق خواتین کیلئے نیا پیمنٹ ماڈل متعارف کرا دیا

وزیراعظم شہباز شریف کے کیش لیس اکانومی کے ویژن کے تحت بی آئی ایس پی کی جانب سے ایک کروڑ مستحق خواتین کو مفت سم کی فراہمی شروع

سم کے عوض کسی کو بھی پیسے نہ دیے جائیں، کیونکہ یہ مکمل طور پر مفت ہے اور یہی سم سوشل پروٹیکشن والٹ کھولنے کیلئے استعمال ہوگی، سینیٹر روبینہ خالد

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف کے کیش لیس اکانومی کے ویژن کے تحت بی آئی ایس پی کی جانب سے ایک کروڑ مستحق خواتین کو مفت سم کی فراہمی شروع، ڈیجیٹل فنانشل انکلوژن کی جانب تاریخی پیش رفت بی آئی ایس پی نے صدر پاکستان آصف علی زرداری کے سماجی تحفظ کے وژن اور وزیراعظم پاکستان شہباز شریف کی ہدایت پر بی آئی ایس پی کی مستحق خواتین کیلئے نیا ادائیگی ماڈل متعارف کرا دیا ہے۔ یاد رہے کہ یہ پراجیکٹ دنیا کے چند بڑے سماجی تحفظ پراجیکٹس میں سے ایک ہے۔ اس موقع پر چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد نے چند اہم ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ سوشل پروٹیکشن والٹ کھلوانے کے لیے مستحق خواتین کو اپنا اصل شناختی کارڈ اور زیر استعمال موبائل فون لے کر قریبی بی آئی ایس پی دفتر یا کیمپ سائٹ پر جانا ہوگا، جہاں ان کی بائیومیٹرک تصدیق کے بعد انہیں بالکل مفت موبائل سم فراہم کی جائے گی۔ سینیٹر روبینہ خالد نے خبردار کیا ہے کہ سم کے عوض کسی کو بھی پیسے نہ دیے جائیں، کیونکہ یہ مکمل طور پر مفت ہے۔ یہی سم سوشل پروٹیکشن والٹ کھولنے کے لیے استعمال ہوگی۔ انہوں نے خواتین کو یہ ہدایت بھی کی ہے کہ وہ بی آئی ایس پی کے علاوہ کسی اور ذریعے سے اکاؤنٹ نہ کھلوائیں۔ اس اقدام کے تحت رقوم کی ادائیگی کے موجودہ نظام کو مزید آسان، محفوظ اور شفاف بنایا جائے گا۔ چیئرپرسن نے بتایا کہ مستقبل میں بی آئی ایس پی کی تمام اقساط اور وظائف اسی ڈیجیٹل والٹ کے ذریعے جاری کیے جائیں گے، جبکہ رقم کی آمد سے متعلق تمام پیغامات بھی اسی سم پر موصول ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ سم محض ایک سم نہیں بلکہ خواتین کا ڈیجیٹل بٹوہ ہے اور انہیں اس کی حفاظت اپنے بٹوے کی طرح کرنی چاہیے۔ یہ منصوبہ پاکستان کی ہر مستحق خاتون کو مزید بااختیار اور خودمختار بنانے کی سمت ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ یاد رہے کہ تمام خواتین 31 دسمبر تک اپنی سم بی آئی ایس پی دفاتر یا متعلقہ کیمپ سائٹس سے وصول کریں۔

چھتر، میر حسن، بھاگ اور اوستہ محمد میں ڈکیتی کی وارداتیں

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) چھتر میر حسن بھاگ اور اوستہ محمد میں ڈکیتی کی چار مختلف وارداتیں دو موٹر سائیکلیں چھین لی گئیں ٹرانسفارمر چوری اور موبائل شاپ سے ہزاروں روپے نقدی چھین لیے گئے ملزمان فرار ہوگئے نصیر آباد پولیس تھانہ چھتر کی حدود سے دو افراد منظور گولہ اور اسماعیل کھوسو سے مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر ان سے موٹر سائیکل نقدی اور دو عدد موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے میر حسن پولیس تھانے کی حدود گوٹھ امان اللہ میں گزشتہ شب نامعلوم چور ایک سو کے وی ٹرانسفارمر چوری کرکے فرار ہوگئے اوستہ محمد سٹی پولیس تھانے کی حدود جماعت ہشتم کے طالب علم احمد علی ولد شاہنواز سے نامعلوم ڈاکو گن پوائنٹ پر

کوئٹہ، بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواران ملک ذیشان حسین و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

غربت اور ناخواندگی بیماریوں کی بنیادی وجوہات ہیں، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

مکران میڈیکل کالج تربت میں ورلڈ پری میچورٹی ڈے پر آگاہی سیمینار سے خطاب

تربت (آن لائن) مکران میڈیکل کالج تربت میں ورلڈ پری میچورٹی ڈے کے حوالے سے آگاہی پروگرام منعقد ہوا، جس کا مقصد 9 ماہ مکمل ہونے سے قبل پیدا ہونے والے بچوں کی نگہداشت اور صحت کے متعلق شعور اجاگر کرنا تھا۔ پروگرام میں طلباء و طالبات، فیکلٹی ممبران، ڈاکٹرز اور پروفیسرز کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی ممبر صوبائی اسمبلی اور سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ تھے، جبکہ پرنسپل مکران میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر افضل خالق و دیگر اہم شخصیات کے ہمراہ موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ غربت اور ناخواندگی بیماریوں کی بنیادی وجوہات ہیں، جو معاشرے کے سماجی ڈھانچے کو بری طرح متاثر کرتی ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تعلیم اور صحت کے شعبے میں سرمایہ کاری بڑھائے بغیر ہم پسماندگی کا خاتمہ نہیں کر سکتے۔ انہوں نے مکران میڈیکل کالج کی انتظامیہ اور فیکلٹی ممبران کو مختصر مدت میں کالج کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے پر سراہا اور طلباء پر زور دیا کہ وہ محنت اور لگن کے ساتھ پڑھائی جاری رکھیں تاکہ مستقبل میں بہترین ڈاکٹر بن سکیں۔ پروگرام میں ڈاکٹر وحید بلیدی، ڈاکٹر مصباح بلوچ، ڈاکٹر آصف بلوچ، ڈاکٹر جاکر کاشانی اور ڈاکٹر اقبال بلوچ سمیت دیگر طبی ماہرین موجود تھے۔ اس موقع پر تقریب میں طبی ماہرین نے زور دیتے ہوئے کہا کہ حاملہ خواتین کو بچے کی پیدائش سے قبل باقاعدگی سے گائناکالوجسٹ کے پاس معائنہ کروانا چاہیے تاکہ کسی ممکنہ پیچیدگی سے بچا جا سکے۔

گیس اور بجلی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ فوری کم کیا جائے، لطیف بنگلزئی

کوئٹہ (اے این این) سیاسی و سماجی رہنما آغا عبداللطیف بنگلزئی نے اپنی تحریری بیان میں کہا کہ قمرانی روڈ کے مختلف رہائشی علاقوں ناشناس کالونی، محمد شاہ ٹاؤن، اور بینک کالونی میں گزشتہ کئی ہفتوں سے 12 سے 14 گھنٹے تک مسلسل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگی عذاب بنا دی ہے۔ شدید سردی میں گیس کا بحران بھی سنگین صورت اختیار کر چکا ہے، جس کے باعث عوام کے معمولات زندگی مکمل طور پر مفلوج ہو کر رہ گئے ہیں۔ گھروں میں نہ گیس ہوتی ہے نہ بجلی، اور حکومت بار بار دعوے تو کرتی ہے مگر زمینی حقائق اس کے برعکس ہیں۔

OGDCL نے کیچ کے ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کو جدید ایمبولنس فراہم کی

چابیاں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کے حوالے کیں اور ایمبولنس سروس کا باضابطہ افتتاح کیا گیا

تربت (خ ن) آئل اینڈ گیس کمپنی بلوچستان نے سماجی فلاح اور عوامی خدمت کے تحت ضلع کیچ کے ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کو جدید اور مکمل سہولیات سے آراستہ ایمبولنس فراہم کر دی۔ اس سلسلے میں پیر کے روز ڈپٹی کمشنر آفس تربت میں ایک سادہ مگر پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ نے ایمبولنس کی چابیاں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالروف کے حوالے کیں اور ایمبولنس سروس کا باضابطہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر تقریب میں ضلعی انتظامیہ کے افسران، ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے نمائندے، مقامی عمائدین اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ دریں اثناء ڈپٹی کمشنر کیچ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئل اینڈ گیس کمپنی کا یہ اقدام قابل تحسین ہے اور علاقے میں صحت کی سہولیات بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ نجی اداروں اور حکومت کے درمیان تعاون سے عوامی مسائل کے حل میں مدد ملتی ہے

بلوچستان کے سرد علاقوں میں پہلی تا ساتویں جماعت تک امتحانات شروع

24 نومبر سے بورڈ کے تحت آٹھویں جماعت کے امتحانات شروع ہوں گے، محکمہ تعلیم

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے سرد علاقوں میں تعلیمی سال کے اختتامی مراحل کے ساتھ ہی پہلی جماعت سے ساتویں کلاس تک کے سالانہ امتحانات کا آغاز ہوگیا ہے محکمہ تعلیم کے مطابق یہ امتحانات 24 نومبر تک جاری رہیں گے پرائمری و مڈل سطح کے امتحانات کے مکمل ہونے کے بعد 24 نومبر سے بلوچستان بورڈ کے تحت آٹھویں جماعت کے امتحانات شروع ہوں گے، جن کے لیے انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ دوسری جانب بلوچستان کے سرد علاقوں میں تعطیلات کا شیڈول بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ محکمہ تعلیم کے مطابق 16 دسمبر سے سرکاری اسکولز ڈھائی ماہ کے لیے بند رہیں گے، جبکہ تعطیلات کے دوران سرد علاقوں کے اسکولوں میں مرمتی و بحالی کا کام بھی جاری رہنے کا امکان ہے۔ والدین اور طلبہ نے امتحانی شیڈول پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شدید سرد موسم سے قبل امتحانات کا انعقاد ایک مناسب فیصلہ ہے

پنجگور: دینی مدرسے میں جدید لائبریری کی تعمیر کا آغاز کر دیا گیا

پنجگور (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور ایم پی اے پنجگور میر رحمت صالح بلوچ کے فراہم کردہ ترقیاتی فنڈز کی مدد سے مدرسہ مخزن العلوم بونستان میں جدید لائبریری کی تعمیر تیزی سے جاری ہے۔ مدرسہ مخزن العلوم بونستان علاقہ بھر کا ایک اہم اور نمایاں دینی ادارہ ہے، جس کی سرپرستی معروف عالم دین مولانا عبدالحلیم کر رہے ہیں۔ لائبریری کی تکمیل سے طلبا کو معیاری تعلیمی ماحول، مطالعاتی سہولیات اور علمی مواد تک بہتر رسائی حاصل ہوگی، جس سے علمی سرگرمیوں میں بھی اضافہ متوقع ہے۔ مقامی لوگوں نے اس منصوبے کو علاقے میں تعلیم کے فروغ کے لیے ایک اہم قدم قرار دیا اور ایم پی اے میر رحمت صالح بلوچ کے کردار کی تعریف کی۔

استعماری قوتوں نے ہمیشہ پشتون افغان قوم کی بقا کو نشانہ بنایا ہے، احمد خان

اے کیو ایم قوم کی مدد سے پشتون افغان قوم کی آزادی و ملی وحدت کو یقینی بنائے گی، چیئرمین

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ کے مرکزی چیئرمین احمد خان نے کہا ہے کہ استعماری اور سامراجی قوتوں نے پشتون افغان قوم کی بقا، تشخص اور خودمختاری کو نقصان پہنچانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ افغان ہاؤس غازی قلعہ میں ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قوم کو آزادی دلانے والے غازیوں اور شہیدوں کی قربانیاں آج بھی مشعل راہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کچھ مفاد پرست عناصر جھوٹی خودمختاری کے نام پر قوم کو مزید اندھیروں کی طرف دھکیل رہے ہیں۔ جن قوموں کی قیادت اغیار کی تاروں یا پیسوں کے سامنے جھک جائے، وہ نسل در نسل غلامی کی زنجیروں میں جکڑی رہتی ہیں۔ احمد خان نے کہا کہ ہمارے اکابرین کی تاریخی فتوحات آزادی کی جدوجہد کا روشن باب ہیں، لیکن اگر قوم نے تاریخ سے روگردانی کی تو یہی غلامی آنے والی نسلوں کا مقدر بن جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ قوم اور مذہب پرستوں کو قومی مفاد اور ذاتی مفاد میں سے ایک راستہ چننا ہوگا۔ چیئرمین اے کیو ایم کا کہنا تھا کہ اگر قوم نے ساتھ دیا تو قومی تشخص، قوم کی بقا اور آزاد ملی وحدت کا حصول ممکن ہے۔ انہوں نے میر وائس خان ہوتک، احمد شاہ بابا اور شہید غازی عبداللہ خان کی فکر و فلسفہ کو پشتون افغان قوم کی بقا کا حقیقی راستہ قرار دیا اور کہا کہ بدقسمتی سے مفاد پرست عناصر نے قومی مقاصد کو پس پشت ڈال کر قوم کے گلے میں غلامی کی زنجیر ڈالنے میں کوئی کمی نہیں چھوڑی۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں سماجی علوم کی تیسری بین الاقوامی کانفرنس کے افتتاحی اجلاس کے شرکا کا گروپ فوٹو

سرکاری اسکولوں کی بہتری کیلئے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا، ڈی سی کوئٹہ

اساتذہ کرام، طلبہ کی کردار سازی اور معیاری تعلیم پر خصوصی توجہ دیں، طلبہ اپنے اساتذہ کے احترام کیساتھ ساتھ محنت و لگن سے تعلیم حاصل کریں

ڈی سی کوئٹہ نے جی ایچ ایس پرنس روڈ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کلاسز، لیبارٹری اور لائبریری کا معائنہ کیا، اساتذہ کرام اور طلبہ سے ملاقات کی

کوئٹہ (اسپیارپورٹر) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کا گورنمنٹ ہائی اسکول پرنس روڈ کا دورہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے گورنمنٹ ہائی اسکول پرنس روڈ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کلاسز، لیبارٹری اور لائبریری کا معائنہ کیا اور طلبہ سے ملاقات کی۔ ڈی سی نے اساتذہ و انتظامیہ سے تعلیمی ماحول اور انتظامی امور پر بات چیت کی۔ قریبی قبضہ شدہ جگہ سے متعلق شکایت پر ڈپٹی کمشنر نے موقع کا جائزہ لیا اور متعلقہ اداروں کو اسکول کی زمین کے تحفظ کے لیے فوری اقدامات کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ معیاری تعلیم حکومت کی ترجیح ہے اور سرکاری اسکولوں کی بہتری کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ ڈی سی نے اساتذہ کو کردار سازی اور معیاری تعلیم پر خصوصی توجہ دینے اور طلبہ کو محنت و لگن سے تعلیم حاصل کرنے کی تلقین کی۔ دریں اثناء ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کا بلیلی روڈ منصوبے کے حوالے سے اجلاس، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے اپنے دفتر میں بلیلی روڈ کی تعمیر کے حوالے سے نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے جی ایم کنسٹرکشن کاشف علی شیخ کے ساتھ اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس میں جی ایم این ایچ اے نے جاری منصوبے کی پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ بلیلی روڈ منصوبے کو جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے تاکہ عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آسکیں۔ یاد رہے کہ ضلعی انتظامیہ اس اہم منصوبے کو ترجیحی بنیادوں پر مانیٹر کر رہی ہے۔

ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی گورنمنٹ ہائی اسکول پرنس روڈ کے دورے کے موقع پر اساتذہ اور طلبہ سے بات چیت کر رہے ہیں

غیر معیاری خوردنی اشیاء فروخت کرنیوالوں کیخلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے، نور محمد دمڑ

صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بی ایف اے کی ہدایت پر بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے کوئٹہ زیارت اور سنجاوی میں بیکریوں کیخلاف کارروائیاں کیں

قواعد کی سنگین خلاف ورزیوں پر 40 بیکری یونٹس پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے جبکہ 30 سے زائد بیکری مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بی ایف اے حاجی نور محمد دمڑ کی خصوصی ہدایت پر بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے کوئٹہ اور سنجاوی زیارت میں بیکریوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائیاں کرتے ہوئے متعدد سنگین نقائص بے نقاب کر دیئے۔ صوبائی وزیر و چیئرمین بی ایف اے کا اس سلسلے میں کہنا ہے کہ صوبائی حکومت کسی صورت عوام کی صحت کو خطرے میں ڈالنے کی اجازت نہیں دے سکتی اور جو عناصر ناقص و غیر معیاری اشیاء فروخت کرتے ہیں ان کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق اتھارٹی کی انسپکشن ٹیموں نے کوئٹہ اور سنجاوی میں بیکرز کی چیکنگ کے دوران ایکسپائرڈ کلرز و فلیورز، زنگ آلود بیکنگ ٹریز، خراب و آلودہ مشینری، غیر معیاری ہینڈلنگ، نامناسب اسٹوریج سسٹم، پروڈکشن ایریاز میں گندگی اور حشرات کی موجودگی سمیت متعدد خلاف ورزیاں پائیں جبکہ کارکنان کی ناقص ذاتی حفظان صحت اور حفاظتی آلات کے استعمال میں غفلت بھی ریکارڈ کی گئی۔ قواعد کی سنگین خلاف ورزیوں پر مزید 40 بیکری یونٹس پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے جبکہ 30 سے زائد بیکری مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کرتے ہوئے صفائی میں بہتری، اسٹاف ٹریننگ، اور تمام فوڈ سیفٹی ایس او پیز پر فوری عملدرآمد کی سخت ہدایات دی گئیں۔ چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا اتھارٹی کی خصوصی مہم سے متعلق کہنا ہے کہ صوبے میں خوراک کی کوالٹی کو بہتر بنانے کے لیے مزید مربوط، مسلسل اور سخت کارروائیاں جاری رہیں گی، حالیہ مہم کے دوران تمام بیکری مالکان کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ اپنے کاروبار کو مکمل طور پر فوڈ سیفٹی قوانین کے مطابق چلائیں۔ چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے واضح کیا ہے کہ شہریوں کی صحت کے ساتھ کھلواڑ کرنے والوں کے لیے کوئی رعایت نہیں اور عوام کو معیاری، محفوظ اور صحت بخش خوراک کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔

گوادر میں انسداد روبیلا و خسرہ ویکسینیشن مہم کا آغاز کر دیا گیا

گوادر (خ ن) ضلعی انتظامیہ گوادر کی جانب سے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور کی قیادت میں انسداد روبیلا و خسرہ ویکسینیشن مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر یاسر طاہر، ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر شاہنواز بلوچ، ڈی ایس او ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر ظفر اقبال اور کمیونٹی کمیونیکیشن آفیسر شے صفیر سمیت محکمہ صحت کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ یہ ملکی سطح کی خصوصی مہم 17 نومبر سے 29 نومبر تک جاری رہے گی۔

بی ایچ یوز کی کارکردگی میں بہتری عوامی صحت کیلئے ناگزیر ہے، ڈاکٹر مرشد دشتی

ڈی ایس ایم۔ پی پی ایچ آئی نے بی ایچ یو گور شریف کا مانیٹرنگ دورہ کیا، طبی سہولیات کا جائزہ لیا

گوادر (خ ن) ڈی ایس ایم۔ پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی نے بی ایچ یو گور شریف کا تفصیلی مانیٹرنگ دورہ کیا، جہاں انہوں نے علاج و معائنہ کی سہولیات اور طبی عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈاکٹر مرشد دشتی نے او پی ڈی ریکارڈ، عملے کی حاضری، ای پی آئی (ٹیکہ کاری) سائٹ، ادویات کے اسٹاک اور جاری ایم آر (خسرہ و روبیلا) ویکسینیشن سرگرمیوں کا باریک بینی سے معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے طبی سہولیات کو مزید بہتر بنانے اور مریضوں کو بروقت علاج فراہم کرنے کے لیے ضروری ہدایات بھی جاری کیں۔ ڈاکٹر مرشد دشتی کا کہنا تھا کہ بی ایچ یوز کی کارکردگی میں بہتری عوامی صحت کے لیے ناگزیر ہے، اور پی پی ایچ آئی علاقے میں بنیادی صحت کی خدمات کو مضبوط بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔

عوام کی صحت کا تحفظ اولین ترجیح ہے، پرائس کنٹرول کمیٹی گوادر

ضابطوں پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کیلئے معائنے باقاعدگی سے جاری رہیں گے

گوادر/پسنی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر مہیم خان بلیدی کی خصوصی ہدایت پر پرائس کنٹرول کمیٹی کی ٹیم نے پسنی ٹاؤن کے مختلف بازاروں میں موثر اور جامع انسپکشن کا عمل مکمل کیا۔ اس کارروائی کا مقصد شہریوں کو معیاری اشیائے خورد و نوش مناسب نرخوں پر فراہم کرنا اور بازاروں میں صحت و صفائی کے نظام کو بہتر بنانا تھا۔ معائنے کے دوران ٹیم نے سرکاری نرخ ناموں کی دستیابی، اشیاء کی قیمتوں کا تقابلی جائزہ، صفائی کی صورتحال، تاریخ مصرف (Expiry) عمل کرچکی اشیاء کی موجودگی، نشہ آور مصنوعات اور دیگر صحت کے لیے مضر چیزوں کی روک تھام کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ انسپکشن کے نتیجے میں غیر معیاری اور زائد المیعاد اشیاء رکھنے والے دکانداروں کو وارننگ جاری کی گئی جبکہ نرخ نامے آویزاں نہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔ اس موقع پر پرائس کنٹرول کمیٹی نے کہا کہ عوام کی سہولت اور صحت کا تحفظ اولین ترجیح ہے

اہلسنت والجماعت کا کوئٹہ میں بلدیاتی الیکشن کے بائیکاٹ کا اعلان

کوئٹہ کے موجودہ مخدوش صورتحال میں الیکشن کروانا سمجھ سے بالاتر ہے، ذوالفقار طارق

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت کے رہنما فیضان اولیا کے بانی ذوالفقار علی طارق قادری نے کوئٹہ میں ہونے والی بلدیاتی الیکشن کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں سیاسی و سماجی رہنما ڈاکٹر محمد ظاہر لاگو محمد شریف چشتی لاگو محمد عامر جتوئی محمد بلال قادری محمد آصف کنرانی و دیگر موجود تھے اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ ہم اپنی جماعت کی جانب سے بائیکاٹ کا اعلان کرتے ہیں ملکی حالات اس وقت ایسے موڑ پر کھڑے ہیں کہ عوام اپنی روزمرہ زندگی کی بنیادی سہولتوں کے لیے ترس رہے ہیں۔ نہ امن کا احساس ہے، نہ مستقبل کی کوئی وضاحت سامنے آتی ہے۔ ایسے سنگین اور غیر یقینی ماحول میں الیکشن کرانے کا اعلان سمجھ سے بالاتر ہے۔ لوگ سوال اٹھا رہے ہیں کہ جب ملک معاشی، انتظامی اور سماجی بحرانوں کی لپیٹ میں ہے

موسیٰ خیل، سیکرٹری اینڈ ڈبلیو عمل جان جعفر کی ہدایت پر شبوزئی تو نسہ روڈ پیکیج 6 کے کام کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈپٹی ڈائریکٹر نصیر آباد نیک محمد سے کمپیوٹر آپریٹر محمد شریف لیپ ٹاپ وصول کر رہے ہیں

Government of Pakistan

SHAHEED ZULFIQAR ALI BHUTTO MEDICAL UNIVERSITY

G-8/3, Islamabad

SITUATION VACANT

Applications are invited from highly accomplished, Dynamic, qualified and motivated Pakistani nationals for the following position. Eligible candidates must fulfill the criteria outlined below. This is a contract-based position, which may be extended based on satisfactory performance and institutional requirements.

Sr. #	Name of Post	No. of Posts	Qualification & Experience	Age	Quota
1.	Assistant Director QEC- (BPS-17)	01	i. At-least second class MBBS degree from any institution duly recognized by PM&DC. ii. Two years' experience in the relevant field is desirable.	25-35	Balochistan
2.	Assistant Professor Medical Education (BPS-19)	01	i. Ph.D. or equivalent qualification as per PM&DC Regulations in the relevant field from an HEC/PM&DC recognized university/ institution or equivalent degree awarded after 18-years of education in the relevant field as determined by HEC OR ii. M.Phil. or equivalent degree awarded after 18-years of education in the relevant field from an HEC recognized university/ institution. iii. In case of qualifications mentioned in (a) above, one year teaching/ research experience is required OR iv. In case of qualifications mentioned in (b) above, 4-years teaching /research experience in an HEC recognized university or a post graduate institution or professional experience in the relevant field in a national or international organization.	32-45	Punjab
3.	Demonstrator/Lecturer allied Health sciences Physical Therapy (BPS-18)	02	i. DPT/ MBBS ii. Master's Degree or equivalent degree awarded after 16 Years of education in the relevant field from an HEC recognized University/Institution with no 3rd division in the academic career. iii. Condition of no 3rd division shall not be applicable in the qualification of appointment as lecturer in Universities or Degree Awarding Institutions provided that the candidate holds a higher degree viz. M.Phil./PhD or equivalent degree with not more than one 3rd division in entire academic career. iv. Teaching Experience 3 years	25-35	KPK/ Balochistan
4.	Assistant Manager (MIS/IT) (BPS-17)	01	i. At-least second class 16 years degree in Computer Science or Software Engineering or Computer Engineering from university or institute, duly recognized by HEC. ii. Two years' experience in the relevant field is desirable.	22-32	Sindh

- Complete documents require to be submitted to the Registrar Office within 15 days of this advertisement.
- Application Form available University website **www.szabmu.edu.pk.**
- Candidates applying for more than one post shall submit separate applications with necessary documents, complete in all respects.
- Both male and female candidates are eligible to apply.
- The general age relaxation for a period of five years in upper age limit would be granted as provided in the Federal Government Rules.
- Applicants for the above post are required to submit 01 copy of application along with complete CV, attested copies of testimonials and research work/ publications on the performa available at www.szabmu.edu.pk/downloads.
- Application must be accompanied with pay order/ demand draft (non-refundable) of Rs. 5,000/- for (Sr # 1-4) drawn in favour of Shaheed Zulfiqar Ali Bhutto Medical University, Islamabad
- Candidates already in services of Government/Semi Government department or in an autonomous body must apply through proper channel otherwise their application shall not be entertained.
- Incomplete applications and received after due date will not be entrained.
- The university reserves the right to increase/decrease the number of post(s) according to the need of the university and has right to reject any application without giving any reason.
- Quota will be observed as per Federal Government rules.
- Last date for submission of application is **05-12-2025 (Friday)**

PID(I)4110/25

Prof Dr. Shahab Ud Din, Registrar
Office, 5th Floor School of Dentistry, Adjacent to CPSP Building, Ravi Road, G-8/3, Islamabad
Ph. No. 051-9107653

www.szabmu.edu.pk

پبلک نوٹس

تمام متعلقہ افراد کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پی ایم اینڈ ڈی سی نیشنل ایکویولنس بورڈ (NEB) کا امتحان 20 دسمبر 2025 (بروز ہفتہ) راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی، راولپنڈی کے ذریعے منعقد کیا جائے گا۔ NEB کے لیے آن لائن رجسٹریشن پورٹل 17-11-2025 سے 30-11-2025 تک فعال رہے گا۔ NEB امتحان کے سٹینڈرز، سٹرکچر اور سلیبس پی ایم اینڈ ڈی سی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

رجسٹرار
پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل
G-10/4، ماؤ ایریا، اسلام آباد
فون نمبر: 051-9190000 (ایکسٹینشن 302)
ویب سائٹ: www.pmdc.pk

PID (I) 4133/25

TENDER NOTICE

TSE-252611911773 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER PROVINCIAL B&R DISTRICT KHARAN invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%**

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of BT Road Shayan Link(length=1.125KM) District Kharan	19,801,827

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 13,861,278 PKR Amount in2 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The tender documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 03 December, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 03 December, 2025till 09:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:00 AM Address: Office of The Executive Engineer Roads, Communication Works PP&H Department Kharan Phone no: 0847510874
Email: eeroadskharan@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER-ROAD CW PP&H DEPARTMENT DISTRICT KHARAN

PRQ No.2432/17-11-2025

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر، پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ

ٹیلی فون نمبر:۔ 2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔ 2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

منگل 18 نومبر 2025ء

بڑھتی ہوئی آبادی، محدود وسائل اور سنگین ہوتے موسمیاتی چیلنجز!!

وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان استحکام کی منزل کے حصول کے بعد اب پائیدار اقتصادی نمو کی راہ پر گامزن ہے، آبادی کے لحاظ سے وسائل کا انتظام کرنا ہوگا، تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی اور موسمیاتی تبدیلیاں پاکستان کیلئے دو بنیادی وجودی خطرات ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز وفاقی دارالحکومت میں ڈسٹرکٹ ولنرایبلیٹی انڈیکس آف پاکستان کے اجراء کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے بھی خطاب کیا ہے اور ماحولیاتی تحفظ کے لئے آبادی میں اعتدال کی اہمیت اجاگر کی ہے۔ امر واقعی یہ ہے کہ ہم اس وقت ایک اہم موڑ پر کھڑے ہیں کئی برسوں کے معاشی اتار چڑھاؤ، غیر یقینی حالات اور کمزوریوں کے بعد اب ملک ایک بار پھر استحکام سے پائیدار معاشی نمو کی طرف بڑھ رہا ہے۔ اس سفر میں جہاں حکومتی معاشی اصلاحات اور نظم وضبط نے مرکزی کردار ادا کیا ہے، وہیں دو بڑے وجودی چیلنج تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی اور موسمیاتی تبدیلی پاکستان کے معاشی، سماجی اور ماحولیاتی مستقبل کے لئے نہایت اہمیت اختیار کرچکے ہیں۔ حکومت پاکستان، خصوصاً وزارت خزانہ اور وزارت موسمیاتی تبدیلی، ان چیلنجوں کو نہ صرف ایک حقیقت کے طور پر تسلیم کررہی ہے بلکہ عملی اور مربوط حکمت عملی کے ذریعے ان چیلنجوں کا حل تلاش کرنے کی کوشش بھی کررہی ہے۔ پاپولیشن کونسل کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ ولنرایبلیٹی انڈیکس آف پاکستان کے اجرا کے موقع پر وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک کے خطابات نے اس حقیقت کو ایک بار پھر نمایاں کیا کہ حکومتی سطح پر مسئلے کی سنجیدگی اور اس کے تدارک کا عزم پوری طرح موجود ہے۔ وزیر خزانہ نے اپنے خطاب میں پاکستان کی معاشی سمت کے بارے میں اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا کہ پاکستان استحکام کے بعد اب ترقی کے راستے پر گامزن ہو چکا ہے حکومتی مالیاتی نظم، بہتر پالیسی اقدامات، اور معاشی اصلاحات کے مثبت اثرات اہم معاشی اشاریوں میں واضح طور پر نظر آرہے ہیں۔ تاہم وزیر خزانہ نے ایک نہایت اہم حقیقت کی طرف اشارہ کیا ہے کہ اگر آبادی 2.5 فیصد کی بلند شرح سے بڑھتی رہی تو پھر مجموعی قومی پیداوار میں اضافہ بے معنی ہو جائے گا۔ یہی وہ بنیادی نقطہ ہے جسے وزیر خزانہ نے اپنی گفتگو کی بنیاد بنایا۔ ان کے مطابق وسائل کی مؤثر تقسیم، معیشت کی منصوبہ بندی، صحت و تعلیم کی فراہمی، روزگار کے مواقع اور شہری سہولیات یہ سب کچھ اس وقت تک پائیدار نہیں ہوسکتے جب تک آبادی میں توازن پیدا نہ کیا جائے۔ یہ حقیقت اپنی جگہ مسلم ہے کہ ترقی پانے والے ممالک میں آبادی کا دباؤ معاشی افزائش اور وسائل کی فراہمی پر براہ راست اثر ڈالتا ہے۔ وزیر خزانہ کا یہ اعتراف کہ آبادی کے لحاظ سے وسائل کا انتظام کرنا ہوگا ایک حقیقت پسندانہ اور دور اندیشانہ طرز فکر کا اظہار ہے۔ جس کی پاکستان کو سخت ضرورت ہے۔ وزیر خزانہ نے پاکستان کے سماجی مسائل پر بھی کھل کر بات کی پاکستان میں پچاس فیصد لڑکیاں سکول سے باہر ہیں یہ اعداد و شمار نہ صرف تشویشناک ہیں بلکہ پاکستان کے روشن مستقبل کی راہ میں بڑی رکاوٹ بھی ہیں۔ وزیر خزانہ کا یہ نکتہ کہ بچے ہمارے مستقبل کے لیڈرز ہیں ایک حقیقت ہے، اور اگر آنے والی نسلیں ابتدائی غذائی قلت، ناخواندگی یا ناقص سہولیات کی کمی کا شکار رہیں تو پھر پائیدار ترقی کا تصور ہی بے معنی ہو جائے گا۔ حکومت کی جانب سے پسماندہ علاقوں کی ترقی، سماجی تحفظ کی بہتر اسکیمیں، اور تخفیف غربت کے منصوبوں پر خصوصی توجہ قابل ستائش ہے۔ وزیر خزانہ نے درست طور پر اس بات کی نشاندہی کی کہ شہروں کی طرف نقل مکانی، کچی آبادیوں کا پھیلاؤ، صاف پانی کی کمی، نکاسی آب کے مسائل اور شہری انفراسٹرکچر پر دباؤ یہ سب آبادی کے بے ہنگم اضافے ہی کا نتیجہ ہیں۔ پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک کے لئے آبادی اور موسمیاتی تبدیلی نہ صرف دو الگ مسائل ہیں، بلکہ یہ دونوں ایک دوسرے سے گہری طرح جڑے ہوئے ہیں۔ وزیر خزانہ نے اسی حقیقت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ موسمیاتی موزونیت کیلئے وزارت خزانہ کا کردار نازک ہے کیونکہ ماحولیاتی مالیات، فنڈز کے حصول اور عالمی اداروں کے ساتھ تعاون کے تمام راستے وزارت خزانہ سے ہو کر گزرتے ہیں۔ وزیر خزانہ کا یہ کہنا کہ انہوں نے آئی ایم ایف اور عالمی بینک جیسے عالمی پلیٹ فارمز پر پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے موسمیاتی مسائل کو مرکزی دھارے میں لانے کے لئے بھرپور کوشش کی یہ حکومت کی بین الاقوامی سطح پر سنجیدگی اور مربوط سفارتی حکمت عملی کا واضح ثبوت ہے۔ حکومت نے موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لئے متعدد اقدامات شروع کئے ہیں جو اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ حکومت نہ صرف مسئلے سے آگاہ ہے بلکہ عملی طور پر اس کا حل بھی تلاش کررہی ہے وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک نے اپنی تقریر میں آبادی اور ماحولیات کے باہمی تعلق پر نہایت مؤثر انداز میں روشنی ڈالی۔ ان کے مطابق آبادی پر کنٹرول کے بغیر خوشحالی ممکن نہیں آبادی کا دباؤ ماحولیاتی آلودگی کو بڑھاتا ہے وسائل، روزگار، پانی، صحت اور رہائش کے مسائل آبادی کے دباؤ سے براہ راست جڑے ہوئے ہیں ڈاکٹر مصدق ملک نے خاص طور پر اس حقیقت کو اجاگر کیا کہ پاکستان کے کئی اضلاع، خصوصاً بلوچستان اور سابق فاٹا کے علاقے، شدید طور پر کمزور اور بنیادی سہولیات سے محروم ہیں جہاں پینسٹھ فیصد آبادی کچے گھروں میں رہتی ہے اور بیس لاکھ سے زیادہ بچے تعلیم سے باہر ہیں یہ تمام نکات یہ ثابت کرتے ہیں کہ بڑھتی ہوئی آبادی نے نہ صرف وسائل کو محدود کردیا ہے بلکہ ترقی کے راستے کو بھی سست رفتار کردیا ہے۔ موجودہ حکومت نے جس انداز میں معاشی اصلاحات کو سماجی ترقی کے ساتھ جوڑا ہے، وہ قابل تعریف ہے۔ خاص طور پر وزیر خزانہ کی قیادت میں مالیاتی نظم وضبط، عالمی اداروں کے ساتھ تعاون، بجٹ کے بہتر نظم، اور ترقیاتی منصوبوں کی سمت کا درست تعین یہ سب اس بات کا ثبوت ہیں کہ حکومت مستقبل کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے بھرپور تیار ہے۔ حکومت نے جس طرح آبادی اور موسمیاتی تبدیلی کو ایک ساتھ جوڑ کر پالیسی تشکیل دی ہے، وہ ترقیاتی منصوبہ بندی میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ یہ جامع نقطہ نظر نہ صرف پالیسی سازوں بلکہ عام شہریوں کے لئے بھی ایک واضح سمت کا تعین کرتا ہے ہمیں آبادی کے لحاظ سے وسائل کا انتظام کرنا ہوگا یہ پاکستان کے مستقبل کی سمت کا واضح نکتہ ہے۔ یہ بات نہ صرف معاشی ماہرین بلکہ دانشور حلقوں میں بھی تسلیم کی جاتی ہے کہ پاکستان کو تولیدی صحت میں بہتری، تعلیمی سہولیات کا پھیلاؤ، شہری منصوبہ بندی، پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی اقدامات پر زیادہ توجہ مرکوز کرنی ہوگی تاکہ بڑھتی ہوئی آبادی، محدود وسائل اور سنگین ہوتے موسمیاتی چیلنجز سے بہتر طور پر نمٹا جاسکے۔

27ویں آئینی ترمیم کے بعد تمام قانونی راستے بند، عمران خان کا اگلا قدم کیا ہوگا؟

26ویں ترمیم کے منظور ہونے کی بنیادی وجہ خوف تھا۔ خوف کہ سپریم کورٹ کسی طرح سابق وزیراعظم عمران خان کو رہا کروے اور کہیں گزشتہ انتخابات کو بھی کالعدم قرار نہ دے دے یعنی ایسے انتخابات جن کے نتائج کے بارے میں بہت سے لوگ یہ سمجھتے تھے کہ بیلٹ باکس میں عوام کی حقیقی رائے کو شامل نہیں کیا گیا۔ 27ویں ترمیم اسی خیال کو منطقی انجام تک پہنچاتی ہے۔ ...

عرفان صدیقی صاحب بھی رخصت ہوئے!!

سینیٹر عرفان صدیقی صاحب بھی میرے رب کے حضور پیش ہو گئے۔ اللہ پاک ان کی مغفرت فرمائے۔ ان کی منازل اسی طرح آسان کرے جس طرح وہ اپنی زندگی میں دوسروں کے لئے آسانیاں پیدا کرتے رہے۔ آمین۔ ...

اکانومسٹ کی ایک خبر اور بھارت سے آئیں دو تصاویر

پنجاب میں بلدیاتی الیکشن تاخیر کیوں؟

انصاف کے گدھ

آئینی عدالت، چیف آف ڈیفنس فورسز اور تاحیات فیلڈ مارشل سے متعلق اہم فیصلے

ستائیسویں آئینی ترمیم پاکستان کے عدالتی نظام میں ایک تاریخی اصلاحات کی نشاندہی کرتی ہے جو ایک مستقل آئینی عدالت کے قیام کے ذریعے کی گئی ہے۔ یہ عدالت چھبیسویں ترمیم کے تحت بنائے گئے ایڈہاک آئینی بنچ کو ادارہ جاتی شکل دیتی ہے۔ ...

سنت و حدیث، مکتب فراہی اور روایت



عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔ اوورلاننگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام

پلاٹ نمبر I-B-275 رقبہ 525 فٹ واقع بزنس سنٹر بزار گنجی اس وقت عبدالقادر ولد حاجی عبدالمجید کے نام ہے ٹرانسفر محمد صابر ولد محمد ظاہر کے نام کرنا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں پندرہ یوم کے اندر کیو ڈی اے سے رابطہ کریں

R.No............62378

سبی، کمشنر اسد اللہ فیض بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر خسرہ روبیلا و پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

اے سی صحبت پور کا روبیلا اور خسرہ سے بچاؤ ٹیموں کا جائزہ

صحبت پور (نمائندہ مشرق) اسسٹنٹ کمشنر صحبت پور سیف الدین کھوسہ نے روبیلا اور خسرہ سے بچاؤ کی قومی مہم کے سلسلے میں محکمہ صحت کی ٹیموں کا جائزہ لینے کے لیے دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا تاکہ مہم کی موثر نگرانی یقینی بنائی جا سکے اسسٹنٹ کمشنر سیف الدین کھوسہ نے کہا، "روبیلا اور خسرہ بظاہر تو عام نظر آتی ہیں، لیکن یہ ایک جان لیوا بیماری ہے۔ اس بیماری سے تقریباً 10 ہزار بچے متاثر ہو چکے ہیں، جن میں اکثر وہ ہیں جن کے والدین نے اپنے بچوں کو حفاظتی ٹیکے نہیں لگائے یا کسی وجہ سے رہ گئے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ یہ مہم بلوچستان بھر میں دو سے ڈھائی سال بعد شروع ہوئی ہے، لہذا تمام والدین سے درخواست ہے کہ وہ اس مہم سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور 6 ماہ سے 5 سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو ٹیکہ ضرور لگائیں تاکہ انہیں اس بیماری سے بچایا جا سکے مہم کا دورانیہ 17 نومبر سے 29 نومبر تک ہے۔ اس دوران محکمہ صحت کی ٹیمیں 19 مقرر کردہ مراکز صحت میں بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگا رہی ہیں۔ اس کے علاوہ ٹیمیں سکولز، مساجد اور مدارس میں جا کر بھی بچوں کو ٹیکے لگا رہی ہیں صحبت پور کے والدین سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو اس قومی مہم کا حصہ بنائیں اور مقررہ مراکز یا موبائل ٹیموں کے ذریعے حفاظتی ٹیکے لگوانے کو یقینی بنائیں۔

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد ذوالفقار علی کرار کا سول ہسپتال کا اچانک دورہ

لیبارٹری، ڈائلیسز یونٹ، سولر سسٹم اور ویسٹ زون کا تفصیلی جائزہ لیا

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن (ر) ذوالفقار علی کرار نے سول ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے میل وارڈ، فیمیل وارڈ، گائنی وارڈ، ایم ایس ایف، چلڈرن وارڈ، او پی ڈی، آپریشن تھیٹر، ڈینٹل یونٹ، فارمیسی، ٹراما سینٹر، ایکسرے ڈیپارٹمنٹ، ایل آر بی ٹی یونٹ، لیبارٹری، ڈائلیسز یونٹ، سولر سسٹم اور ویسٹ زون کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ٹراما سینٹر میں زیر علاج زخمی بچے کی عیادت بھی کی اور ہدایت دی کہ بچے کو مزید علاج کے لیے سرکاری خرچے پر ریفر کیا جائے۔ اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر حبیب چندرانی نے ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ذوالفقار علی کرار کو ہسپتال اور ٹراما سینٹر میں طبی سہولیات، مشینری، عملے کی دستیابی اور درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ دورے کے دوران ڈاکٹر عبدالقدیر ابڑو، ڈاکٹر رضا المصطفیٰ، فارماسسٹ ڈاکٹر شفیع کھوسہ، عبدالنبی مری اور ڈپٹی کمشنر کے پی ایس منظور شیرازی بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن (ر) ذوالفقار علی کرار نے اس موقع پر واضح احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ہسپتال کے تمام شعبوں کو مکمل طور پر فعال رکھا جائے تاکہ شہریوں اور قریبی دیہی علاقوں سے آنے والے مریضوں کو بہترین طبی سہولیات بلا تعطل فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں روزانہ بڑی تعداد میں مریض آتے ہیں، اس لیے کسی کو بھی مایوسی کے ساتھ واپس لوٹنے نہیں دینا چاہیے۔ انہوں نے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف پر زور دیا کہ وہ اپنی کارکردگی میں مزید بہتری لائیں

ضلع چاغی میں روبیلا اور خسرہ ویکسی نیشن مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا

پانچ سے چھ سال تک کے بچوں کو خسرہ، روبیلا سے بچاؤ کی ویکسین لگائی جائے گی

دالبندین (نامہ نگار) ملک بھر کی طرح ضلع چاغی میں بھی روبیلا اور خسرہ ویکسی نیشن مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ ضلع بھر میں پانچ سے لے کر چھ سال تک کے بچوں کو خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کی ویکسین لگائی جائے گی۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر چاغی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر جاوید حسن سیاہ پاد نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ضلع چاغی رقبے کے لحاظ سے ایک وسیع ضلع ہے، جس کا رقبہ تقریباً چوالیس ہزار مربع کلومیٹر پر مشتمل ہے۔ ان کے مطابق اس قومی مہم کے دوران 39,838 بچوں کو بارہ دن کے اندر ویکسین لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ مہم کو موثر بنانے کے لیے 46 آؤٹ ریچ ٹیمیں، 19 فکسڈ سینٹر اور 6 موبائل ٹیمیں قائم کی گئی ہیں، یوں مجموعی طور پر 71 ٹیمیں ضلع کے شہری و دیہی علاقوں، جینکوں، اسکولوں اور مدارس میں جا کر بچوں کو ویکسین فراہم کریں گی۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ ضلع کے تمام والدین اس قومی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور ویکسی نیشن ٹیموں سے بھرپور تعاون کریں تاکہ ان کے بچے خسرہ اور روبیلا جیسی مہلک بیماریوں سے محفوظ رہ سکیں۔ انہوں نے بتایا کہ خسرہ اور روبیلا دونوں نہایت خطرناک بیماریاں ہیں جو بچوں میں نمونیا، شدید انفیکشن، بینائی کے مسائل اور دماغی پیچیدگیوں کا سبب بن سکتی ہیں، تاہم یہ محفوظ ویکسین بچوں کو ان بیماریوں سے یقینی تحفظ فراہم کرتی ہے۔ یہ ویکسین بچوں کو بارہ مختلف مہلک بیماریوں سے بچاؤ میں بھی معاون ثابت ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع بھر میں الیکٹرونک، سوشل اور پرنٹ میڈیا کے ذریعے بھرپور آگاہی مہم چلائی جا رہی ہے تاکہ والدین بروقت اپنے بچوں کو ویکسین لگوا سکیں۔ ملک بھر میں یہ قومی مہم 17 نومبر سے جاری ہے اور ضلع چاغی میں اسے کامیاب بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

کوہلو، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں خسرہ و روبیلا ویکسینیشن مہم کا باقاعدہ افتتاح

والدین اپنے بچوں کو بروقت ویکسین لگوا کر ان بیماریوں سے محفوظ بنائیں، کبیر مزاری

کوہلو (نمائندہ مشرق) ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کوہلو میں خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کی قومی ویکسینیشن مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر کوہلو کبیر مزاری، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر میر خالد مری، ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی مجیب کاکڑ سمیت محکمہ صحت کے افسران، لیڈی ہیلتھ ورکرز اور مقامی عمائدین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر کوہلو کبیر مزاری نے کہا کہ خسرہ اور روبیلا جیسے وائرس بچوں کی صحت کے لیے سنگین خطرہ ہیں، اس لیے مہم کا مقصد زیادہ سے زیادہ بچوں کو حفاظتی ٹیکوں کے دائرے میں لانا ہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو بروقت ویکسین لگوا کر ان بیماریوں سے محفوظ بنائیں۔ ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر خالد مری نے بتایا کہ ضلع بھر میں مہم کے دوران مقررہ عمر کے تمام بچوں کو گھر گھر جا کر ویکسین فراہم کی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ محکمہ صحت کی ٹیمیں مکمل تیاری کے ساتھ فیلڈ میں موجود ہیں اور مہم کی کامیابی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی مجیب کاکڑ نے کہا کہ ویکسینیشن مہم کی کامیابی عوام کے تعاون سے مشروط ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمیونٹی کو چاہیے کہ وہ محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کرے تاکہ ضلع کو خسرہ اور روبیلا جیسی خطرناک بیماریوں سے محفوظ بنایا جا سکے۔ تقریب کے اختتام پر مہم کے بارے میں آگاہی مواد بھی تقسیم کیا گیا جبکہ محکمہ صحت کے عملے نے شرکا کو ویکسینیشن کے طریقہ کار اور احتیاطی تدابیر سے آگاہ کیا۔

محکمہ اریگیشن کے تین ترقیاتی منصوبوں کی اوپن ٹینڈرنگ کا عمل مکمل

تمام منصوبے زرعی پانی کی بندش کے دوران شروع کیے جائیں گے، ذوالفقار علی

نصیر آباد (نامہ نگار) بلوچستان انٹیگریٹڈ ڈیولپمنٹ انیشیٹو پروگرام کے تحت ضلع نصیر آباد میں محکمہ اریگیشن کے تین ترقیاتی منصوبوں کی اوپن ٹینڈرنگ کا عمل ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن (ر) ذوالفقار علی کرار کی نگرانی میں منعقد ہوا، جس میں کمیٹی ممبران اور حصہ لینے والے سرکاری کنٹریکٹرز نے بھی شرکت کی۔ ٹینڈرنگ کے عمل کے دوران لیفٹیننٹ کرنل رضوان طیب، ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال فرید احمد چندرانی، سب ڈویژنل آفیسر امان اللہ گاجانی اور ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کے پی ایس منظور شیرازی بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن (ر) ذوالفقار علی کرار نے کہا کہ محکمہ اریگیشن سے متعلق تینوں ٹینڈرز مکمل شفافیت کے ساتھ میرٹ پر کیے گئے ہیں۔ اگر کسی سرکاری کنٹریکٹر کو عمل کے حوالے سے کوئی شکایت یا اعتراض ہو تو ضلعی انتظامیہ کو فوری طور پر آگاہ کرے، تاکہ اس کا حل اور تدارک فوری ممکن بنایا جا سکے۔ انہوں نے بتایا کہ آج کے ٹینڈرنگ سیشن میں 12 کمپنیوں نے حصہ لیا، جن کے کوائف کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد میرٹ کی بنیاد پر ورک آرڈرز جاری کیے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ تمام منصوبے زرعی پانی کی بندش کے دوران شروع کیے جائیں گے تاکہ تعمیراتی سرگرمیوں کے دوران آبپاشی کے نظام میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔

ٹریفک مسائل اور بے ہنگم ریڑھیوں کی روک تھام کے لیے اہم اقدام

شہر میں قائم تمام سبزی و فروٹ ریڑھی والوں کو پرانے بس اڈہ منتقل کیا جائے گا

نصیر آباد (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ نے کہا ہے کہ کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی اور ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن (ر) ذوالفقار علی کرار کی ہدایات کی روشنی میں ڈیرہ مراد جمالی شہر میں بڑھتے ہوئے ٹریفک مسائل اور بے ہنگم ریڑھیوں کی روک تھام کے لیے اہم اقدام اٹھایا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ ڈیرہ مراد جمالی شہر میں قائم تمام سبزی و فروٹ ریڑھی والوں کو پرانے بس اڈہ منتقل کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں ریڑھی بانوں کے ناموں کی تفصیلی فہرست تیار کی جا رہی ہے تاکہ تمام کاروباری افراد کو منظم انداز میں نئی جگہ پر منتقل کیا جا سکے۔ پرانے بس اڈہ کو مناسب سہولیات سے آراستہ کیا جائے گا، وہاں ٹف ٹائلز لگانے اور ریڑھیوں کے لیے باقاعدہ لائنیں مقرر کرنے کا پلان تیار ہے تاکہ نہ صرف ریڑھی بانوں کے کاروبار میں آسانی ہو بلکہ شہریوں کو خریداری کے لیے ایک صاف ستھرا اور منظم مقام میسر آئے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ شہر میں موجود پرانا بس اڈہ جلد نئے بس اڈہ میں شفٹ کر دیا جائے گا جس کے بعد خالی ہونے والی جگہ کو باقاعدہ سبزی و فروٹ ریڑھی والوں کو فعال کیا جائے گا۔ اس اقدام سے شہر میں ٹریفک کا دباؤ واضح طور پر کم ہوگا اور مرکزی شاہراہوں پر رش میں کمی آئے گی۔ اس بات کا فیصلہ اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں ہوا

سیسا ضلع نصیر آباد کی نو منتخب کابینہ کے اعزاز میں ویلکم ٹی پارٹی کا انعقاد

ضلعی صدر فرمان علی کو ضلع نصیر آباد کی جانب سے بھرپور تعاون کی یقین دہانی

نصیر آباد (نامہ نگار) اپیکا ضلع نصیر آباد کی جانب سے سیسا ضلع نصیر آباد کی نو منتخب کابینہ کے اعزاز میں ویلکم ٹی پارٹی کا انعقاد اپیکا ضلع نصیر آباد کی جانب سے سیسا ضلع نصیر آباد کی نو منتخب کابینہ کے اعزاز میں اپیکا آفس ڈیرہ مراد جمالی میں ویلکم ٹی پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔ اپیکا آفس پہنچنے پر صدر اپیکا ضلع نصیر آباد عبداللہ بلوچ، جنرل سیکرٹری برکت علی سامت، حسین بخش جونیجو سپرنٹنڈنٹ لوکل برانچ اور حاجی محمد یعقوب مینگل سپرنٹنڈنٹ جنرل برانچ نے سیسا کے صدر فرمان علی گھمی اور دیگر عہدیداران کا پرتپاک استقبال کیا اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے صدر اپیکا عبداللہ بلوچ نے کہا کہ وہ سیسا ضلع نصیر آباد کے نو منتخب کابینہ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں انہوں نے ضلعی صدر سیسا فرمان علی گھمی کو اپیکا ضلع نصیر آباد کی جانب سے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ان کا کہنا تھا کہ ضلع میں تعلیمی بہتری کے لیے کلرک برادری ہمیشہ اساتذہ برادری کے شانہ بشانہ کھڑی رہے گی ضلعی صدر سیسا فرمان علی گھمی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپیکا کے صدر عبداللہ بلوچ اور کابینہ کے ممبران کے مشکور ہیں جنہوں نے انہیں عزت و احترام سے نوازا۔ انہوں نے کہا کہ سیسا نصیر آباد ضلع میں تعلیمی بہتری کے لیے سرگرم عمل ہے، اور محکمہ تعلیم میں کلرک برادری بھی ایک اہم ستون کی حیثیت رکھتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سیسا ضلع بھر میں اپیکا کے ساتھ مل کر اساتذہ اور کلرکس کے مسائل کے حل، تعلیمی ماحول کی بہتری اور تعلیمی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششیں کرے گی تقریب میں سیسا نصیر آباد کی کابینہ کے درج ذیل عہدیداران نے شرکت کی فرمان علی گھمی صدر سیسا نصیر آباد اعجاز علی ساسولی جنرل سیکرٹری سیسا نصیر آباد نثار احمد سومرو آرگنائزر سیسا نصیر آباد عبدالبصیر بھٹو چیئرمین سیسا نصیر آباد نظر محمد سومرو ڈپٹی سیکرٹری فنانس نصیر آباد عبدالواحد سومرو سیکرٹری آڈٹ نصیر آباد اصغر علی عمرانی نائب صدر سیسا نصیر آباد عبدالکبیر ابڑو کوآرڈینیشن سیکرٹری نصیر آباد مرزا خان لاشاری انفارمیشن اینڈ پریس سیکرٹری نصیر آباد آخر میں دونوں تنظیموں کے عہدیداران نے ضلع میں تعلیمی بہتری کے لیے مشترکہ کاوشیں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بلوچستان حکومت کی کارکردگی: عوام دوست طرز حکمرانی اور تاریخی اقدامات

تحریر: عنایت الرحمان

گزشتہ چند ماہ بلوچستان اور وفاقی سطح پر کئی اہم فیصلے سامنے آئے ہیں جنہوں نے صوبے کی سیاسی، معاشی اور سماجی سمت پر نمایاں اثر ڈالا ہے۔ ان فیصلوں میں 27 ویں آئینی ترمیم سے لے کر توانائی پالیسی، بارڈر ٹریڈ کی بحالی، صنعتی ترقی، خواتین کے حقوق، صحت، ماحولیات اور امن و امان سے متعلق اقدامات شامل ہیں۔ مجموعی طور پر یہ اقدامات ظاہر کرتے ہیں کہ بلوچستان حکومت گورننس اور اصلاحات کے ایجنڈے کو فعال انداز میں آگے بڑھا رہی ہے۔ 27 ویں ترمیم ملک کی سیاسی گفتگو کا اہم موضوع رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس حوالے سے موقف اختیار کیا ہے کہ 27 ویں ترمیم میں بلوچستان کے حقوق کا تحفظ ان کی پہلی ترجیح ہے۔ جہاں تک آئین کی بات ہے تو آئین چونکہ انسان کا بنایا ہوا ایک قانونی ڈھانچہ ہے لہذا اس میں اصلاحات کی وقتاً فوقتاً ضرورت رہتی ہے، تاہم شرط یہ ہے کہ تبدیلی کے ثمرات عوام تک بھی پہنچیں۔ قومی اسمبلی میں توانائی پالیسی اور سولرائزیشن پروگرام پر بحث کے دوران وفاقی وزیر توانائی نے بجلی کے نرخوں میں کمی کی نوید سنائی، جو مہنگائی کی چکی میں پسی عوام کے لیے ریلیف ثابت ہو سکتی ہے۔ البتہ گیس کی قیمتوں میں اضافے کی اطلاعات بلوچستان کے لیے تشویشناک ہیں کیونکہ یہاں سردیاں طویل اور شدید ہوتی ہیں۔ سردیوں میں گیس پریشر کی کمی ہر سال بڑا مسئلہ بنتی ہے، اس لیے اس محاذ پر حکومت کو خصوصی حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی۔

بلوچستان کی مقامی معیشت کا بڑا حصہ سرحدی تجارت پر منحصر ہے۔ پاک ایران حکام کے درمیان حالیہ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ دسمبر کے پہلے ہفتے میں سر آپ بند بارڈر کو تجارت کے لیے کھولا جائے گا۔ یہ اقدام مقامی کاروباری طبقے کے لیے ایک بڑی سہولت ثابت ہوگا۔ اس فیصلے سے واضح ہوتا ہے کہ صوبائی حکومت مقامی ضروریات اور روزگار کے ذرائع سے بخوبی آگاہ ہے۔ بلوچستان میں معدنیات کی جدید بنیادوں پر پروسیسنگ کے لیے پاک چین مشترکہ منصوبہ شروع ہوا جو صوبے کی معدنی معیشت کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا۔ بہتر پروسیسنگ سے نا صرف پیداوار بڑھے گی بلکہ معیار میں بھی اضافہ ہوگا۔ اسی طرح بوستان اسپیشل اکنامک زون کونسل کا قیام بھی ایک اہم ترقیاتی قدم ہے۔ وزیر اعلیٰ کے مطابق یہ زون صوبے کے صنعتی مستقبل کی بنیاد بنے گا۔ اگر یہ زون بروقت فعال ہو جائے تو صنعت کاری، روزگار، سرمایہ کاری اور معاشی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ ہو سکتا ہے۔ وفاقی کابینہ نے گوادر اور عمان کے درمیان فیری سروس کی منظوری دے دی ہے، جس سے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم بڑھے گا اور سیاحت سمیت سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ اس اقدام سے بلوچستان علاقائی تجارتی سرگرمیوں کا مزید اہم مرکز بنتا جا رہا ہے۔ تاجروں کے لیے ٹیکس ادائیگی کو آسان بنانے کے لیے کوئٹہ میں 200 پوائنٹ آف سیل (POS) سسٹم فعال کر دیے گئے ہیں۔ بزنس کمیونٹی کے تحفظات بھی دور کیے جا رہے ہیں، جس سے صوبے میں ٹیکس نیٹ کو بڑھایا جا سکے گا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے خواتین کو محفوظ ورک پلیس فراہم کرنے کے لیے صوبائی محتسب برائے انسداد ہراسگی کے نئے ڈائریکٹوریٹ کا افتتاح کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ کے مطابق خواتین ملک و صوبے کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کر سکتی ہیں۔ بلوچستان اسمبلی نے چائلڈ میرجز ریسٹرینٹ بل 2025 بھی منظور کیا ہے جس کے تحت شادی کی کم از کم عمر 18 سال مقرر کی گئی ہے۔ یہ قدم کم عمری کی شادیوں کی روک تھام اور بچوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ میں انتہائی اہم ہے۔ اسی طرح بلوچستان موسمیاتی تبدیلی کے خطرات سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے صوبوں میں شمار ہوتا ہے۔ صوبائی حکومت نے بلوچستان کلائمیٹ چینج پالیسی منظور کر کے ایک اہم پیش رفت کی ہے۔ اس کے تحت بلوچستان کلائمیٹ چینج فنڈ کے لیے 500 ملین روپے مختص کیے گئے ہیں۔ یہ فنڈ ماحولیاتی نقصانات، پانی کے بحران اور شدید موسمی اثرات سے نمٹنے میں مدد دے گا۔ صحت کے شعبے میں بھی جدت، بہتری اور اصلاح احوال کی کوششوں پر مبنی غیر معمولی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے بلوچستان حکومت نے حال ہی میں ایک معروف عالمی فارما کمپنی کے ساتھ شراکت داری قائم کی ہے، جس کے تحت مہلک امراض اور بڑے اقسام کے کینسرز کا علاج مکمل طور پر مفت فراہم کیا جا رہا ہے۔ اس اقدام نے بلوچستان کو ملک کا پہلا صوبہ بنا دیا ہے جو اس سطح پر صحت کی سہولیات فراہم کر رہا ہے۔ اسی طرح پانچ سالہ جمود کے بعد حفاظتی ٹیکہ جات کی شرح کو ایک سال میں 38 فیصد سے بڑھا کر 47 فیصد تک لے جانا ایک نمایاں کامیابی ہے۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ محکمہ صحت میں اصلاحات کے لیے سرگرم ہیں اور اس کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ امن و امان کے حوالے سے بھی غیر معمولی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے صوبائی ایپکس کمیٹی نے بھتہ خوروں، سونے کی سمگلنگ، حوالہ ہنڈی اور منی لانڈرنگ میں ملوث عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ وہ عوامل ہیں جو صوبے کی معیشت اور امن و امان دونوں کو متاثر کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ صوبائی انٹیلیجنس فیوژن اینڈ تھریٹ اسسمنٹ سینٹر (PIFTAC) کا افتتاح کیا گیا ہے۔ یہ مرکز تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان ریئل ٹائم معلومات کے تبادلے اور اعتماد سازی کو بہتر بنائے گا، جس سے دہشت گردی اور جرائم کی روک تھام میں اہم مدد ملے گی۔

حکومت نے بلوچستان کے پہلے سکول ٹرانسپورٹ پروگرام کا آغاز کیا ہے۔ محکمہ تعلیم میں اصلاحات کے تحت اساتذہ کی میرٹ پر بھرتی، گھوسٹ اساتذہ اور سکولوں کا خاتمہ، بند سکولوں کی بحالی جیسے اقدامات دور رس نتائج کے حامل ہوں گے اگر چہ اب بھی 29 لاکھ بچے اسکول سے باہر ہیں مگر حکومت نے بتدریج ان کی شمولیت کے لیے منصوبہ بندی کر رکھی ہے۔ صوبائی حکومت نے بینک آف بلوچستان کے قیام کے لیے اسٹیٹ بینک سے مشاورت مکمل کر لی ہے۔ یہ بینک صوبے کے مالیاتی ڈھانچے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ بلوچستان میں گزشتہ عرصے کے دوران حکومتی کارکردگی مختلف شعبوں میں واضح پیش رفت کی نشاندہی کرتی ہے۔ آئینی اصلاحات سے لے کر بارڈر ٹریڈ، صنعتی ترقی، خواتین کے حقوق، ماحولیاتی تحفظ، صحت اور امن و امان تک، متعدد اقدامات اس بات کے غماز ہیں کہ صوبائی حکومت ایک ہمہ جہت ترقیاتی حکمت عملی کے تحت کام کر رہی ہے۔ اگر یہ اقدامات تسلسل کے ساتھ جاری رہے تو یہ مستحکم، محفوظ اور خوشحال بلوچستان کی بنیاد ثابت ہوں گے۔

AUCTION NOTICE

The Sealed tenders are invited from Balochistan Public/auctioneers for forty (43) and Scrap (19) vehicles of Public Health Engineering Department (Details are below). Moreover, after qualifying in auction, the successful auctioneers will obtain vehicle duplicate registration letter and other documents from Excise and Taxation Department Government of Balochistan.

Auction Will Be "ON AS WHERE IS BASIS".

S NO	REGISTRATION NO.	MAKE & TYPE	MODAL /YEAR OF MANUFACTURE	Location
LOT NO. 1				
1	QAC-5869	Toyota Jeep	1992	Chaman
2	ZBT-2581	Suzuki Jeep	1990	Killa Saifullah
3	QAH-5319	Suzuki Jeep	1994	Dera Bugti
4	QAF-1947	Suzuki Jeep	1990	Ziarat
5	SI-2025	Toyota Jeep	1984	Naseerabad
6	QAC- 7639	Suzuki Jeep	1987	Quetta
LOT NO. 2				
7	QAE-1385	Suzuki Jeep	1984	Naseerabad
8	QAJ-5731	Suzuki Jeep	1988	Naseerabad
9	QAE-7806	Suzuki Jeep	1988	Washuk
10	QAD-6204	Suzuki Jeep	1988	Washuk
11	QAF-4914	Toyota Pickup Double Door	1992	Quetta
12	QAC-6089	Toyota Jeep	1984	Khuzdar
LOT NO. 3				
13	QAH-9109	Suzuki Jeep	1996	Sibi
14	QAC-3035	Toyota Jeep	1992	Quetta
15	QAD-6283	Suzuki Jeep	1984	Hamai
16	QAD-6288	Suzuki Jeep	1984	Kalat
17	QAQ-6954	Suzuki Jeep	1994	Jaffarabad
18	LIT-4270	Mazda Pickup	1986	Duki
19	QAE-3007	Toyota Pickup D/D	1991	Nushki
LOT NO. 4				
20	JA-3444	Suzuki Jeep	1996	Jaffarabad
21	QAQ-6712	Suzuki Jeep	1994	Nushki
22	QAD-6202	Suzuki Jeep	1987	Loralai
23	KN0172	Suzuki Jeep	1987	Quetta
24	QAF-4836	Toyota Pickup D/D	1992	Loralai
25	QAC-6268	Toyota JeeP	1984	Sibi
LOT NO. 5				
26	QAF-4893	Toyota Land Cruiser 5/D	1984	Quetta
27	QAD-6368	Suzuki Jeep	1987	Quetta
28	QAH-9601	Toyota Jeep	1992	Killa Saifullah
29	QAH-5668	Suzuki Jeep	1984	Awaran
30	QAH-1246	Suzuki Jeep	1995	Khuzdar
31	QAG-7876	Suzuki Jeep	1995	Khuzdar
LOT NO. 6				
32	QAD-6265	Suzuki Jeep	1987	Quetta
33	QAH-9104	Mazda Pickup D/D	1990	Dera Bugit
34	SI-2380	Toyota Pickup	1991	Ziarat
35	KZ-956	Suzuki Jeep	1996	Khuzdar
36	KZ-498	Suzuki Jeep	1987	Khuzdar
37	KN-178	Suzuki Jeep	1988	Kharan
LOT NO. 7				
38	QAE-547	Bedford Truck	1988	Quetta
39	QAD-6285	Suzuki Jeep	1987	Quetta
40	SI-2137	Suzuki Jeep	1987	Quetta
41	QAH-9114	Mazda Pickup D/D	1988	Awaran
42	QAH-7304	Suzuki Jeep	1996	Kharan
43	LSA-768	Suzuki Jeep	1988	Kharan

S.No.	Registration	Type vehicle	Condition	Location
01		BMC Truck	Scrap	Gawadar
02		BMC Truck	-do-	Gawadar
03		Daihatsu Jeep	-do-	Gawadar
04	QAE-9603	Pickup D/D	-do-	Gawadar
05		FTR Tanker	-do-	Gawadar
06		FTR Tanker	-do-	Gawadar
07		FTR Tanker	-do-	Gawadar
08		Bedford Tanker	-do-	Gawadar
09		Bedford Tanker	-do-	Gawadar
10		Toyota Jeep	-do-	Gawadar
11		Toyota Pickup	-do-	Gawadar
12		Clymer Pickup	-do-	Gawadar
13		Velees Jeep	-do-	Gawadar
14		Toyota Jeep	-do-	Gawadar
15	QAE-7652	Suzuki Jeep	-do-	Gawadar
16		Leyland Vehicle	-do-	Gawadar
17	CJ-0746	Toyota Pickup	-do-	Gawadar
18	KZ-590	Toyota Pickup	-do-	Gawadar
19	KL-1521	Suzuki Jeep	1984	Dera Bugti

TERMS AND CONDITION

1. Tender should be in the name of chief Engineer(North) public Health Engineering Department Balochistan Quetta/Secretary, provincial Auction Committee for disposal of un- serviceable Government vehicle/of Public Health Engineering Department.
2. Tender form can be obtained from the Technical of Public Health Engineering Department link sariab road Quetta. After payment of tender fee as a cost of Rs:1000/-vehicle for each item as mentioned in the lott respectively (Non–Refundable) and providing a copy of **C.N.I.C .More on the tender fee may be deposit they Green Challan in any N.B.P Bank in the head of Account of PHE Deptt i.e C03802 PHED.**
3. The original receipt of tender fee must be attached with the offer.
4. 10% of total of the offer, as **SECURITY MONY** in shape of call deposit in name of the chief Engineer (North) public Health Engineering Department Balochistan, should be enclosed with tender.
5. The Security Money of the UN-Successful bidder shall only be returned after finalization of auction proceedings. The Security money of the 2nd highest bidder whose offers are above the present value will be refunded after the depositing of cost by the highest bidder.
6. The successful bidder has to deposit the full amount of the offer with in fortnight of the "acceptance of his offer" failing which his bid shall stand cancelled without assigning any further notice in this regard and his security money shall be **forfeited.**
7. The successful bidders to lift all this items sold to him at his own expenses within 15-days of the date of issuance of authority letter issued by the chief Engineer(North) public Health Engineering Balochistan,
Quetta, failing which Rs:500/- per day item will be charges as storage charges and after expiry of further 15 days the offer in respect of un lifted items shall stand cancelled and cost thereof with total security money shall be forfeited.
8. The Successful bidder is required to transfer the Machinery sanctioned in his favor with in a month time, after receipt depositing the cost of the vehicle failing which he will be personally responsible for any complication.
9. Security Money in the respect of the successful bidders shall only be refunded on production of certificate issued by the respective Department, that vehicle lott has been lifted by the bidder.
10. The committee reserves the right to reject one OR all the tenders without assigning any reason.
11. The quantity of vehicle can be increased or decreased without any notice/reason.
12. Conditional/incomplete offer shall not be considered.
13. A copy of CNIC Card of the bidder must be enclosed with the tender.
14. The successful bidder as to pay all taxes according to Govt: policy of the total offer & other taxes if applicable.
15. No tender form shall be solid after 04-12-2025 (11:00 A.M) repeated 04-12-2025 and the tender will be opened on 05-12-2025.
16. The Vehicle and all the Auction able items can be inspected in office timing.
17. The committee has the authority to cancel all the tenders or partial without in assigning any reasons
18. The tender will be received in sealed (1one) envelop.
19. The personal cell Number of the bidder must be mentioned on the envelop and Lott Number as well

20. محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ بلوچستان کے مندرجہ ذیل پرانی متفرق اور ناکارہ گاڑیوں کے نیلامی کے لئے جہاں ہے جیسے ہیں کی بنیاد پر سر بمہر ٹینڈر بنام چیف انجینئر (نارتھ) پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ سریاب لنک روڈ کوئٹہ کو مطلوب ہے

Certified that/we have carefully read the terms and condition as laid down above and agree to abide by the same.

Chief Engineer (North)
Public Health Engineering
Department Quetta

PRQ No.2428/17-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Balochistan Revenue Authority invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252611910711 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee 1000 PKR**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Manufactured Vehicles & Accessories **(Total Item(s) Count: 1)**	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 40,000,000 in Previous 2 Years Turn over of at least 40,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee 3S dealership facility for timely repair and maintenance of vehicles. Bidder must have ISO 9001:2015 certified Bidder's Last 3 Years Financial Audited Reports Under Taking Certificate of Manufacturer Bidder must specify the definite delivery time **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 03 December, 2025till 02:30 PM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 03:30 PM on EPPS System Address: Joint Road Quetta

Phone no: 0812301848 **Email: esupport@bra.gob.pk**

AB No.471/17-11-2025

Balochistan Revenue Authority

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING FRAMEWORK

The Chief Officer Municipal Corporation Pishin invites sealed bids from eligible bidders who can prove their eligibility and qualification Tender Fee 1000 for each work

S. No.	Name of works	E/Cost
1	SUPPLY OF ELECTRIC ITMES FOR REPAIR OF STREET LIGHTS FOR MUNICIPAL AREA PISHIN. **TSE- 252611910943**	8.00 M
2	SUPPLY OF SANITATION ITEMS FOR MUNICIPAL AREA PISHIN **TSE- 252611910963**	8.00 M

Procurements shall be made under the Balochistan public Procurement Rules- 2014. **BASIC ELIGIBILITY**: eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT**: Single stage – two Envelop Bidding Procedure. **BIDDING / TENDER DOCUMENTS**: the Bidding document can be downloaded for www.bppra.pk and the same can also be obtained from the office of the under signed upon payment of prescribed tender fee deposited in the head of account **0136004079171443 NBP Bank DEAD LINE OF SUBMISSION**: Technical and financial proposals from intending contractors / firms sealed envelope before **29, November, 2025 at 10:00 Hrs.** Opening: The envelope containing "Technical Bids" will be opened on the same day i.e. **29, November, 2025, at 11:00 Hrs.** Address: The Chief Officer Municipal Corporation Pishin

AB No.474/17-11-2025

Chief Officer Municipal Corporation District Pishin

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اطلاع عام

بحوالہ اشتہار PRQ No 416/04-08-2025 کو مقامی اخبارات میں شائع ہونے والے اشتہار جس میں ضلع ژوب کے امیدواران جنہوں نے محکمہ ریونیو ضلع ژوب کے خالی آسامیوں کیلئے درخواستیں جمع کرائی تھیں ان کو اطلاع دی جاتی ہے کہ جو انٹرویو مورخہ 18 تا 19 نومبر 2025 کو ہونے تھے وہ اب درج ذیل تاریخ کو منعقد ہوں گے۔

نمبر شمار	نام خالی آسامی	سکیل	تعداد آسامی	پرانی تاریخ	نئی انٹرویو
1	ریکارڈ کلرک	05	01	18 نومبر 2025	25 نومبر 2025
2	چوکیدار	01	02	18 نومبر 2025	25 نومبر 2025
3	نائب قاصد	01	07	19 نومبر 2025	26 نومبر 2025
4	خاکروب	01	01	19 نومبر 2025	26 نومبر 2025

ڈپٹی کمشنر ژوب

PRQ No 2442/17-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت فیملی جج (4) کوئٹہ

مثل نمبر 131/25 دعویٰ فیملی

بی بی فاطمہ زوجہ محمد قاسم قوم تارن کلی دیبہ روڈ کوئٹہ بنام محمد قاسم ولد سید نور تارن خوست تحصیل ڈسٹرکٹ ہرنائی

اشتہار بنام مدعا علیہ / مدعا علیہم محمد قاسم ولد سید نور تارن ساکن خوست تحصیل ڈسٹرکٹ ہرنائی:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 29/11/025 مقرر ہو چکی ہے درج بالا مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ کو عدالت ہذا کے سمن لینے سے دیدہ دانستہ طور پر گریز کر رہا ہے اور روپوش ہے لہذا بذریعہ اشتہار مدعا علیہ / مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ سماعت پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 17/11/025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62375

بعدالت تحصیلدار / صدر / اسسٹنٹ درجہ اول کلکٹر کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ فرمان اللہ ولد حاجی زین اللہ قوم کاکڑ سکنہ مسلم باغ ضلع قلعہ سیف اللہ درخواست پیش کیا گیا اظہار کیا کہ میرا بھائی نجیب اللہ ولد زین اللہ قوم کاکڑ وفات پا چکا ہے جس کی وراثت انتقال کے لئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے شرعی فتویٰ کے مطابق جائز وارثان 1۔ بی بی زرینہ بیوہ 2۔ فرمان اللہ 3۔ صدام خان پسران 4۔ بی بی عائشہ 5۔ بی بی حسینہ دختران زین اللہ قوم کاکڑ ساکنان مسلم باغ ضلع قلعہ سیف اللہ حال جائیداد بحوالہ انتقال نمبر 2790 محال موضع خشکابہ صاحبزادہ تحصیل صدر کوئٹہ ہیں لہذا اس بارے میں اگر کسی شخص یا ادارہ کو کسی قسم کا عذر اعتراض ہو تو اندر 7 یوم زیر دستخطی کو پیش کرے بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا اشتہار ہذا آج بتاریخ 17/11/25 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62377

CORRIGENDUM

With reference to advertisement **PRQ NO.2258/03-11-2025** dated 4th November, 2025 under **TSE: 252610905551** published in Daily newspapers on the subject noted above, it is stated that kindly issue the Following corrigendum

S.NO	STEP NAME	REMARKS
1)	Eligibility Criteria	Changed
2)	Special Condition Of Contract	Changed
3)	Case Schedule	By Default

Note: The Remaining Terms & Conditions Shall Remain Same. Last date for Submission is 21/11/2025 at 10:30 AM.

PRQ No.2445/17-11-2025

Accounts Officer Literacy and Non-Formal Education Balochistan, Quetta

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CANCELLATION NOTICE

It is notified for the general information that the auction of condemned vehicles of Teaching Hospital Loralai, earlier scheduled to be held on 17th November, 2025, vide PRQ No. 2228/31-10-2025, stands cancelled. A fresh schedule will be communicated through the next advertisement. For further information, please contact the office of the undersigned during working hours.

PRQ No.2437/17-11-2025

MEDICAL SUPERINTENDENT TEACHING HOSPITAL LORALAI

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

EXTENSION IN DATE OF TENDER SUBMISSION

Reference to PRQ No. 2159/28.10.2025 published in various newspapers dated 29.10.2025 under TSE # 252610903433. The last date of bid submission may be read as 20 th November, 2025 at 11:30 A.M. The bids will be opened electronically on the same day at 12:30 P.M. All other terms and conditions shall remain same.

PRQ No.2436/17-11-2025

Director Electricity (North) Energy Department Government of Balochistan Quetta.

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

Reference to PRQ No. 2192/29-10-2025, **TSE NO-252610903803** Published in the DAILY Newspaper on Dated. 30-10-2025, The office of the Executive Engineer (Roads CWPP&H Department District Sibi hereby issues the following **Corrigendum.**

Step Details & notes:

S.No	Step Name	Remarks
1.	Case Schedule	Changed
2.	Eligibility Criteria	Changed

Note. The Remaining Terms & Conditions shall Remain same. Last Date for Submission is 24.11.2025 at 11:00 AM

PRQ No.2435/17-11-2025

EXECUTIVE ENGINEER (ROADS), CWPP&H Department District, Sibi

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت سول جج مسلم باغ

جانشینی نمبر 32/025 متدائرہ 12/11/025 تاریخ 26/11/025

1۔ کلثوم بی بی 2۔ بی بی فریدہ 3۔ بی بی زرغونہ 4۔ عالیہ 5۔ بی بی گلبشرہ 6۔ بی بی وحیدہ 7۔ منیر احمد 8۔ محمود احمد 9۔ رشید احمد پسران و دختران دوست محمد مرحوم اقوام سارنگزئی ساکنان ہنگر اختیار کاریز مسلم باغ بنام عوام الناس

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ زیر دفعہ 372 سکسیشن ایکٹ 1952

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ بمقام مندرجہ درخواست جانشینی سائل نے بذریعہ کونسل عدالت ہذا میں گزاری ہے جس کی تاریخ پیشی مورخہ 26/11/025 کو مقرر ہو چکی ہے لہذا عوام الناس بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو درخواست جانشینی سرٹیفکیٹ عنوان بالا کی بابت کوئی اعتراض ہو تو مقررہ بالا تاریخ پیشی پر عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر پیروی دعویٰ / درخواست کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی

آج بمورخہ 12/11/2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

نمائندہ مسلم باغ

بعدالت سول جج مسلم باغ

نمبر 33/025 متدائرہ 12/11/025 تاریخ 26/11/025

منیر احمد 2۔ کلثوم بی بی پسر و دختر دوست محمد مرحوم اقوام کاکڑ سارنگزئی ساکنان ہنگر اختیار کاریز تحصیل مسلم باغ بنام عوام الناس

درخواست برائے حصول گارڈین سرٹیفکیٹ زیر دفعہ 25 گارڈین ایکٹ 1890

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ بمقام مندرجہ درخواست گارڈین سائل نے بذریعہ کونسل عدالت ہذا میں گزاری ہے جس کی تاریخ پیشی مورخہ 26/11/025 کو مقرر ہو چکی ہے لہذا عوام الناس بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو درخواست گارڈین سرٹیفکیٹ عنوان بالا کی بابت کوئی اعتراض ہو تو مقررہ بالا تاریخ پیشی پر عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر پیروی دعویٰ / درخواست کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی

آج بمورخہ 12/11/2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

نمائندہ مسلم باغ

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ VI عصمت اللہ کاکڑ صاحب کوئٹہ

مثل نمبر 11/25 آئندہ پیشی 26/11/2025

مقدمہ: عبدالستار بنام عطاء اللہ وغیرہ (دیوانی)

اشتہار بنام: مدعا علیہ نمبر 1۔ عطاء اللہ ولد عبدالکریم سکنہ نواں سرہ غڑگی کوئٹہ مدعا علیہ نمبر 2۔ صادق ولد مراد بخش سکنہ عبدالستار پلازہ سریاب روڈ کوئٹہ

ہرگاہ عنوان بالا مقدمہ عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ پیشی 26/11/2025 کو مقرر ہو چکی ہے مزید یہ کہ مدعا علیہ نمبر 1 اور نمبر 2 دیدہ و دانستہ طور پر سمن لینے سے گریزاں ہے لہذا مدعا علیہ نمبر 1 اور نمبر 2 کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آئندہ تاریخ پیشی پر اصالتاً یا وکالتاً مقدمہ ہذا کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بتاریخ 12/11/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

ADVT

پاکستان کرکٹ ٹیم کی محنت اور ٹیم اسپرٹ کا شاندار مظاہرہ کیا ہے، شہباز شریف

ملکی ٹی ٹوئنٹی سہ ملکی سیریز: پہلا میچ پاکستان اور زمبابوے کے درمیان آج ہوگا

راولپنڈی: ٹی 20 ٹرائی سیریز کی ٹرافی کی رونمائی کے موقع پر تینوں ٹیموں کے کپتان ٹرافی کیساتھ پوز دیتے ہوئے

پاکستان سپر لیگ نئی دہائی میں داخل، نیا پرومو

پریشر میں کھیلنے والا کھلاڑی ہی بڑا اسٹار بنتا ہے، عرفان خان نیازی

سہ ملکی کرکٹ سیریز، پاکستان اور زمبابوے کی ٹیموں نے بھرپور پریکٹس کی

توجہ سیریز کی جیت پر مرکوز، ورلڈکپ سے پہلے ہر سیریز اہم ہے، سلمان علی آغا

ٹیم مینجمنٹ پوری کوشش کر رہی ہے کہ اسکواڈ کو متوازن رکھا جائے، میڈیا گفتگو

راولپنڈی (آن لائن) قومی ٹی ٹوئنٹی ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے کہا ہے کہ توجہ سیریز کی جیت پر مرکوز ہیں، ورلڈکپ سے پہلے ہر سیریز اہم ہے، ٹیم کے کمبی نیشن کو مزید بہتر بنانے پر توجہ دے رہے ہیں، آل راؤنڈرز پاکستان کی بڑی طاقت ہے۔ پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان علی آغا نے کہا کہ ٹیم مینجمنٹ پوری کوشش کر رہی ہے کہ اسکواڈ کو متوازن رکھا جائے، کھلاڑیوں کی کارکردگی بہتر بنائی جائے اور نوجوانوں کو موقع دے کر ٹیم کو مضبوط بنایا جائے۔ ورلڈکپ سے پہلے ہر سیریز اہم ہے اور پاکستان اپنے کمبی نیشن کو مزید بہتر بنانے پر توجہ دے رہا ہے۔ سلمان آغا نے کہا کہ جن کھلاڑیوں کو موقع نہیں ملا، انہیں ٹرائی سیریز میں ضرور کھلائیں گے۔

ٹی ٹوئنٹی سیریز جیتنے کی کوشش کریں گے، اپنی غلطیوں سے سیکھیں گے، داسن شاناکا

... جیتنے کے لیے کوشش کریں گے اپنی غلطیوں سے سیکھیں گے، ون ڈے والی غلطیاں نہیں دہرائیں گے ہم چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تیار ہیں۔ یہاں نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان درست سمت میں کھیل رہا ہے، پاکستان اور سری لنکا کا موسم مختلف ہے لیکن ہم ہر کنڈیشنز میں کھیلنے کیلئے تیار ہیں۔

ورلڈ کس مارشل آرٹ چیمپئن شپ میں محمد عباس کا کرنے آذربائیجان کے کھلاڑی کو شکست دینے کے بعد ریفری جیت کا اعلان کر رہے ہیں

پاک، بھارت بلائنڈ ویمن کرکٹرز نے روایت بدل ڈالی، ہاتھ ملا کر سب کے دل جیت لیے

ثابت کیا اگرچہ ان کی بینائی نہیں، ان میں اپنی باقاعدہ قومی ٹیموں کے برعکس کھیل کا وژن موجود ہے، رپورٹ

کولمبو (این این آئی) بھارت اور پاکستان کی بلائنڈ خواتین کرکٹرز نے حالیہ سیاسی کشیدگی کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ایک دوسرے سے ہاتھ ملا کر کھیل کی اصل روح کا اظہار کیا ہے۔ منتظمین کے مطابق سری لنکا میں جاری دنیا کے پہلے بلائنڈ ویمن ٹی 20 ٹورنامنٹ میں دونوں پڑوسی ممالک کی کھلاڑیوں نے ثابت کیا کہ اگرچہ ان کی بینائی نہیں لیکن ان میں اپنی باقاعدہ قومی ٹیموں کے برعکس کھیل کا وژن موجود ہے۔ ایٹمی قوت رکھنے والے دونوں ممالک کے درمیان مئی میں ہونے والی مہلک فوجی جھڑپ کے بعد سے میدان کے اندر اور باہر کشیدگی ختم نہ ہو سکی۔ ستمبر میں مینز ایشیا کپ کے دوران بھارتی کھلاڑیوں نے پاکستانی کرکٹرز سے ہاتھ ملانے سے انکار کر دیا تھا۔

اے ایف سی ایشین کپ کوالیفائرز: پاکستان شام سے آج مدمقابل ہوں گے

... صفر گول سے ہرایا تھا۔ پری ایونٹ پریس کانفرنس کرتے ہوئے قومی فٹبال ٹیم کے ہیڈ کوچ نولبرٹو سولانو نے کہا کہ کھلاڑیوں کو زیادہ تجربے کی ضرورت ہے، ٹیم کا مورال بلند ہے، پاکستان کو مستقل بنیادوں پر فٹبال کھیلنا ہوگا۔ دوسری جانب شام کے ہیڈ کوچ نے پریس کانفرنس میں کہا کہ پاکستان میں ان کا گرمجوشی سے استقبال کیا گیا۔

ڈی سی قلات سیف اللہ ساگر کمار آل فورتھ ڈسٹرکٹ منصور فاؤنڈیشن فٹبال ٹورنامنٹ کا افتتاح کر رہے ہیں

مچل اسٹارک کا انگلش ''بیزبال'' حکمت عملی میں تبدیلی کا بڑا دعویٰ

آسٹریلیا کی تیز اور باؤنسی وکٹیں انگلینڈ کے لیے چیلنج ہوں گی، فاسٹ بولر

سڈنی (این این آئی) آسٹریلوی کرکٹر مچل اسٹارک نے کہا ہے کہ انگلینڈ کی جانب سے ''بیزبال'' حکمت عملی میں تبدیلی دیکھی جا رہی ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پہلے انگلش ٹیم نے تیز رفتاری سے رنز جوڑنے کی حکمت عملی بنا رکھی تھی، وہ ٹیسٹ میں بھی 7 کی اوسط سے رنز اسکور کر رہے تھے۔ مچل اسٹارک کے مطابق انگلش ٹیم اب زیادہ متوازن انداز اپنا رہی ہے تاکہ فتح کا حصول ممکن بنایا جا سکے۔ اسٹارک نے کہا کہ انگلینڈ نے بیٹنگ میں ''صرف جارحانہ کھیل'' چھوڑ کر حالات کے مطابق صحیح وقت پر حملہ کرنے کی حکمت اپنائی ہے۔

پاکستان کو شکست دی تو میری نظر میں اپ سیٹ نہیں ہوگا، زمبابوے ٹیم کپتان

پاکستان آکر کرکٹ کھیلنا اچھا لگتا ہے، اپنی ٹیم کی صلاحیتیں بڑھانے پر کام کر رہے ہیں، فائنل تک پہنچنے کی پوری کوشش کریں گے، سکندر رضا

کسی بھی ملک کی ہوم کنڈیشنز میں کھیلنا چیلنجنگ ہوتا ہے لیکن ٹی ٹوئنٹی ٹرائی سیریز کی تینوں ٹیموں میں سے پاکستان سب سے مضبوط ٹیم ہے

راولپنڈی (آن لائن) زمبابوے کرکٹ ٹیم کے کپتان سکندر رضا نے کہا ہے کہ سہ ملکی کرکٹ سیریز میں زمبابوین ٹیم کا ٹارگٹ فائنل تک پہنچنا ہے، میزبان پاکستان ایونٹ کی فیورٹ ٹیم ہے، افتتاحی میچ میں پاکستان کو شکست دی تو میری نظر میں اپ سیٹ نہیں ہوگا۔ پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے سکندر رضا نے کہا کہ پاکستان آکر کرکٹ کھیلنا اچھا لگتا ہے، شاہین آفریدی ایونٹ میں اپنے ملک کی اور میں اپنے ملک کی نمائندگی کر رہا ہوں، ہماری ٹیم اپنی صلاحیتیں بڑھانے پر کام کر رہے ہیں۔ فائنل تک پہنچنے کی پوری کوشش کریں گے۔ زمبابوے کی ٹیم نے اس سال بڑی ٹیموں کے ساتھ کرکٹ کھیلی ہے، ہمیں اپنے چیلنجز کا علم ہے۔ انہوں نے کہا کہ تین ملکی سیریز میں پاکستان کیخلاف میچ کیلئے تیار ہیں۔ کسی بھی ملک کی ہوم کنڈیشنز میں کھیلنا چیلنجنگ ہوتا ہے لیکن ٹی ٹوئنٹی ٹرائی سیریز کی تینوں ٹیموں میں سے پاکستان سب سے مضبوط ٹیم ہے۔

اسنوکر ورلڈکپ، پاکستان کے محمد آصف کی مسلسل دوسری فتح

مسقط (آن لائن) مسقط میں کھیلے جا رہے آئی بی ایس ایف اسنوکر ورلڈکپ میں پاکستان کے محمد آصف نے مسلسل دوسری فتح حاصل کرلی۔ محمد آصف نے گروپ کے دوسرے میچ میں عمان کے قاسم البلوشی کو شکست دی۔ محمد آصف نے عمانی پلیئر کیخلاف تین۔ صفر سے کامیابی حاصل کی۔ محمد آصف نے اپنے پہلے میچ میں انڈونیشیا کے کیبی پترا کو شکست دی تھی جبکہ محمد حسنین اختر کو مسلسل دو میچز جیتنے کے بعد تیسرے میچ میں شکست کا منہ دیکھنا پڑا۔

ورلڈ اسکریبل چیمپئن شپ، پاکستان کے وسیم کھتری نے کانسی کا تمغہ جیت لیا

32 میچوں میں سے 22 میچ جیتے اور معمولی فرق سے فائنل میں جگہ بنانے سے محروم رہے

اکرا (آن لائن) گھانا کے دارالحکومت اکرا میں ہونے والی ورلڈ اسکریبل چیمپئن شپ میں پاکستان کے نامور اسکریبل کھلاڑی وسیم کھتری نے شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے کانسی کا تمغہ اپنے نام کرلیا۔ یہ عالمی مقابلے میں پاکستان کی اب تک کی بہترین کارکردگی قرار دی جا رہی ہے۔ وسیم کھتری نے ایونٹ میں کھیلے گئے 32 میچوں میں سے 22 میچ جیتے اور معمولی فرق سے فائنل میں جگہ بنانے سے محروم رہے، تاہم ان کی مجموعی کارکردگی کو عالمی سطح پر بےحد سراہا جا رہا ہے۔ ٹیم کی سطح پر بھی پاکستان نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور چوتھی پوزیشن حاصل کی، قومی ٹیم میں وسیم کھتری، حسان ہادی، احترام صدیقی، محمد عنایت اللہ اور طارق پرویز شامل تھے۔

سابق انگلش کرکٹر کیون پیٹرسن کرکٹ میں پیسے کی ریل پیل پر بول پڑے

چھکے اور سوئچ ہٹس مارتے رہو اور اپنا بینک بیلنس بڑھاتے رہو، کیون پیٹرسن

کلکتہ (این این آئی) کلکتہ ٹیسٹ میں بھارت کی شکست اور پیسے کی ریل پیل پر سابق کرکٹر کیون پیٹرسن کرکٹ میں پیسے کی ریل پیل پر بول پڑے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کیون پیٹرسن نے کہا کہ کلکتہ ٹیسٹ کا رزلٹ ماڈرن ڈے کرکٹ کا ہی نتیجہ ہے، بیٹرز اب چھکے مارتے اور سوئچ ہٹ کھیل کر ہی بڑے ہو رہے ہیں، بیٹرز کو اننگز لمبی کرنا اور مشکل حالات میں میچ بچانا نہیں سکھایا جا رہا۔ سابق انگلش کرکٹر نے کہا کہ اس میں کھلاڑیوں کا قصور نہیں کیونکہ ماڈرن کرکٹ ایسی ہی ہے۔

بابر اعظم اور محمد رضوان کے ون ڈے میں ریکارڈز، کھلاڑیوں و اسٹاف کا بھرپور جشن

کھلاڑیوں اور اسٹاف کی جانب سے بابر اعظم اور محمد رضوان کی کامیابیوں پر بھرپور داد و تحسین

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیم کے تجربہ کار بلے باز بابر اعظم کی سب سے زیادہ ون ڈے سنچریوں کی خوشی میں کھلاڑیوں اور اسٹاف نے بھرپور جشن منایا۔ بابر اعظم کے ساتھ ساتھ وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان کے 100 میچ مکمل ہونے پر بھی شاندار جشن منایا گیا، دونوں کھلاڑیوں کے لیے کیک کاٹ کر جشن منایا گیا۔ کھلاڑیوں اور اسٹاف کی جانب سے بابر اعظم اور محمد رضوان کی کامیابیوں پر بھرپور داد و تحسین کی گئی جبکہ ڈریسنگ روم میں قہقہے بھی لگے۔

سری لنکا کیخلاف کلین سویپ: پاکستان ٹیم ون ڈے ٹیم رینکنگ میں چوتھے نمبر پر براجمان

ون ڈے ٹیم رینکنگ میں بھارت 122 کی ریٹنگ کے ساتھ سرفہرست ہے، اس کے بعد نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر ہیں

ریٹنگ 100 کے ساتھ پانچویں نمبر پر سری لنکا سے آگے ہے جنوبی افریقہ 98 پوائنٹس کے ساتھ چھٹے، افغانستان 95 پوائنٹس کیساتھ ساتویں نمبر پر موجود

دبئی (آئی این پی) پاکستان کرکٹ ٹیم سری لنکا کیخلاف کلین سویپ کے بعد ون ڈے ٹیم رینکنگ میں چوتھے نمبر پر آگئی ہے۔ آئی سی سی کی ون ڈے ٹیم رینکنگ میں بھارت 122 کی ریٹنگ کے ساتھ سرفہرست ہے، اس کے بعد نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر ہیں۔ پاکستان اس وقت 105 ریٹنگ کے ساتھ چوتھے نمبر پر ہے جس کی ریٹنگ 100 کے ساتھ پانچویں نمبر پر سری لنکا سے آگے ہے۔ جنوبی افریقہ 98 پوائنٹس کے ساتھ چھٹے، افغانستان 95 پوائنٹس کے ساتھ ساتویں، انگلینڈ 86 پوائنٹس لیکر آٹھویں، ویسٹ انڈیز 78 پوائنٹس کے ساتھ 9ویں اور بنگلہ دیش کی ٹیم 76 پوائنٹس لیکر 10ویں پوزیشن پر ہے۔ زمبابوے کی ٹیم 54 پوائنٹس کے ساتھ رینکنگ میں 11ویں نمبر پر بیٹھی ہے۔ آئرلینڈ 52 کی ریٹنگ کے ساتھ 12ویں نمبر پر سب سے کم ریٹنگ والی فل ممبر ملک ہے۔

روی چندرن ایشون کولکتہ ٹیسٹ میں شکست پر بھارتی ٹیم پر برہم

کولکتہ (آن لائن) سابق بھارتی اسپنر روی چندرن ایشون نے کولکتہ ٹیسٹ میں شکست پر بھارتی ٹیم پر برہمی کا اظہار کیا ہے۔ روی چندرن ایشون نے کہا کہ بھارتی بیٹرز میں اسپن ہوتی گیندوں کو کھیلنے کی کوالٹی کی کمی ہے۔ زیادہ تر غیر ملکی ٹیمیں اسپنرز کو کھیلنے میں بھارت سے بہت بہتر ہیں، ہم اسپن بولنگ کو کھیلنا چیلنج نہیں سمجھتے۔ یہی سب سے بڑا فرق ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز کولکتہ کے ایڈن گارڈنز میں کھیلے گئے پہلے ٹیسٹ میچ میں جنوبی افریقہ نے بھارت کو 30 رنز سے شکست دی تھی۔

پرتگال نے فیفا ورلڈکپ 2026 کیلئے کوالیفائی کرلیا

کرسٹیانو رونالڈو کی غیر موجودگی میں پرتگال نے اتوار کو آرمینیا کو 1-9 سے شکست دی

لزبن (این این آئی) پرتگال نے آرمینیا کو شکست دے کر فیفا ورلڈکپ 2026 کیلئے کوالیفائی کرلیا۔ کرسٹیانو رونالڈو کی غیر موجودگی میں پرتگال نے گزشتہ روز آرمینیا کو 1-9 سے شکست دے کر کوالیفائنگ راؤنڈ کے گروپ میں پہلی پوزیشن حاصل کی اور ورلڈکپ میں اپنی جگہ پکی کرلی۔ پرتگال کی جانب سے برونو فرنینڈس اور جواؤ نیوس نے ہیٹ ٹرک اسکور کرکے اپنی ٹیم کو گروپ ایف سے براہ راست ورلڈکپ کے لیے کوالیفائی کرنے میں مدد دی۔ پرتگال کو جمعرات کو آئرلینڈ سے 0-2 کی شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا اور اس میچ میں کپتان رونالڈو کو ریڈ کارڈ ملنے پر میدان سے باہر بھیج دیا گیا تھا۔

کوسٹ گارڈز کے تعاون سے خواتین کو ہنرمند بنانے کیلئے اوتھل میں باتوک ہنر کار سینٹر کا قیام

اوتھل کی خواتین اس منصوبے سے بھرپور فائدہ اٹھا کر اپنے اور خاندان کے معاشی مستقبل کو مضبوط بنائیں، حمیرا بلوچ

خواتین کی تیار کردہ مصنوعات کی فروخت سے حاصل منافع کا 60 فیصد حصہ براہ راست خواتین کو دیا جائے گا، ڈی سی

اوتھل (نامہ نگار) حکومت بلوچستان نے پاکستان کوسٹ گارڈز کے تعاون سے خواتین کو ہنرمند بنانے اور باعزت روزگار کی فراہمی کے لیے اوتھل میں باتوک ہنر کار سینٹر قائم کر دیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ نے سینٹر کا تفصیلی دورہ کیا اور میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ یہ منصوبہ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت و ثقافت میر زرین خان مگسی کے وژن کا حصہ ہے، جس کا بنیادی مقصد ضلع لسبیلہ کی خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، حکومت بلوچستان اور پاکستان کوسٹ گارڈز کی معاونت سے اس سینٹر کا قیام ممکن ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ سینٹر میں 80 جدید جاپانی سلائی و کڑھائی کی مشینیں نصب کی گئی ہیں، جن میں سے 30 مشینوں پر خواتین اور بچیوں کو تربیتی کورس کرایا جائے گا، جبکہ 50 خواتین کو چھ ماہ کے لیے عملی کام کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ ہر چھ ماہ بعد نئے گروپ کو شامل کیا جائے گا تاکہ زیادہ سے زیادہ خواتین اس سہولت سے مستفید ہو سکیں۔ حمیرا بلوچ نے مزید بتایا کہ خواتین کی تیار کردہ مصنوعات کی فروخت سے حاصل ہونے والے منافع کا 60 فیصد حصہ براہ راست خواتین کو دیا جائے گا، جب کہ سینٹر میں آرڈر پر بھی کام تیار کیا جائے گا تاکہ خواتین کی آمدن کے مزید ذرائع پیدا کیے جا سکیں۔ انہوں نے اوتھل کی خواتین پر زور دیا کہ وہ اس منصوبے سے بھرپور فائدہ اٹھا کر اپنے اور اپنے خاندان کے معاشی مستقبل کو مضبوط بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر کے دورے کے موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج بلوچ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالحمید بلوچ، سابق وائس چیئرمین ضلع کونسل قادر بخش جاموٹ، ڈی ایس پی اعجاز علی محمد عمرانی، اصغر نذیر اور پاکستان کوسٹ گارڈز کے صوبیدار عابد، حوالدار عبدالطیف بھی موجود تھے۔

دکی: عبداللہ کول مائنز کمپنی کی جانب سے حفاظتی سامان تقسیم کیا جا رہا ہے

عبداللہ کول مائنز کمپنی دکی کی جانب سے ورکرز میں فرسٹ ایڈ میڈیسن کٹس، سیفٹی ہیلمٹ، حفاظتی سامان کی فراہمی

کول مائنز ورکرز کی جان کا تحفظ، صحت کی سہولیات اور بہتر ورکنگ کنڈیشنز مہیا کرنا ہر کمپنی کی ذمہ داری ہے

عبداللہ کول مائنز کمپنی نے جو قدم اٹھایا ہے وہ قابل تعریف اور دیگر کمپنیوں کے لیے عملی مثال ہے، عبدالمجید شاہ

دکی (نامہ نگار) عبداللہ کول مائنز کمپنی کی جانب سے آج تحفظ لیبر پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس میں محنت کشوں کی فلاح و بہبود اور ان کی پیشہ ورانہ حفاظت کو بہتر بنانے کے لیے اہم اقدامات کا اعلان کیا گیا۔ پروگرام کے مہمان خاص نیشنل لیبر فیڈریشن ضلع دکی کے جنرل سیکرٹری سید عبدالمجید شاہ تھے جنہوں نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے لیبر سیکیورٹی کی اہمیت پر زور دیا۔ تقریب میں مائننگ ورکرز کو فرسٹ ایڈ میڈیسن کٹس، سیفٹی ہیلمٹ اور دیگر حفاظتی سامان بھی فراہم کیا گیا۔ سید عبدالمجید شاہ نے اپنے بیان میں کہا کہ کول مائنز میں کام کرنے والے مزدور ہماری معیشت کا اہم ستون ہیں۔ ان کی جان کا تحفظ، صحت کی سہولیات اور بہتر ورکنگ کنڈیشنز مہیا کرنا ہر کمپنی کی ذمہ داری ہے۔ عبداللہ کول مائنز کمپنی نے آج جو قدم اٹھایا ہے وہ قابل تعریف ہے اور دیگر کمپنیوں کے لیے بھی ایک عملی مثال ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ لیبر قوانین پر سختی سے عمل درآمد، فرسٹ ایڈ سسٹم کی بہتری اور حفاظتی تربیت مائنز سیکٹر کی بنیادی ضرورت بن چکی ہے۔ پروگرام میں شریک مزدوروں نے بھی حفاظتی سامان اور سہولیات کی فراہمی پر خوشی کا اظہار کیا۔ اس موقع جنرل سیکرٹری نے کہا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صاحب نے لیبر بچوں کو عالی تعلیم کیلئے لاہور اسلام آباد امریکن لائسف سکول میں داخل کرایا مزدوروں میں امید پیدا ہوئی ان امیدوں کے ساتھ اپنے لخت جگر چھوٹے چھوٹے بچوں کو گھر سے دور بھیج دیے لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ سکول میں تعلیم کا معیار اس طرح نہیں نکلی جس کا وعدہ کیا گیا تھا ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان سے پرزور اپیل کرتے ہیں کہ اپنے عہد وفا کرتے ہوئے بچوں کی تعلیم کے لئے اقدامات کرے

کوہلو، سکولوں میں میٹرک کلاسز کے طلباء کے لیے کیریئر کونسلنگ سیشن کا آغاز

پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس گروپ کے اسسٹنٹ کمشنر کیپٹن (ر) کبیر مزاری کا خصوصی لیکچر

کوہلو (نمائندہ مشرق) محکمہ تعلیم کوہلو کی جانب سے طلباء کی پیشہ ورانہ رہنمائی کے لیے ایک اہم اور مثبت اقدام اٹھاتے ہوئے مختلف سکولوں میں کیریئر کونسلنگ کلاسز کا آغاز کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول کوہلو میں میٹرک کے طلباء کے لیے خصوصی سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس گروپ سے تعلق رکھنے والے اسسٹنٹ کمشنر کوہلو کیپٹن (ر) کبیر مزاری نے طلباء کو مستقبل کے تعلیمی و پیشہ ورانہ راستوں کے انتخاب سے متعلق تفصیلی رہنمائی فراہم کی۔ اسسٹنٹ کمشنر کبیر مزاری نے اپنے خطاب میں کہا کہ دنیا کے ہر ترقی یافتہ ملک کی بنیاد اس کے تعلیم یافتہ نوجوان ہوتے ہیں، آپ سب ہمارا مستقبل ہیں۔ اپنے اہداف بلند رکھیں اور محنت کو اپنا ہتھیار بنائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ میڈیکل، انجینئرنگ، آرمی اور سول سروسز سمیت ہر میدان آپ کے لیے کھلا ہے، شرط صرف یہ ہے کہ آپ لگن اور مستقل مزاجی کے ساتھ اپنی تیاری جاری رکھیں۔ انہوں نے طلباء کو مقابلہ جاتی امتحانات کے طریقہ کار، اسمارٹ اسٹڈی، اور اپنی صلاحیتوں کو پہچاننے کے حوالے سے بھی مفید مشورے دیے۔ کیریئر کونسلنگ سیشن میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جعفر خان زرکون، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن میل حفیظ اللہ مری، پرنسپل بوائز ماڈل ہائی سکول حاجی تاج محمد مری سمیت اساتذہ کرام اور طلباء کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

منشیات کے عادی افراد کی بحالی، حکومت کی مثبت اقدام ہے، کفایت اللہ

حکومتی پروگرام سے صحت یابی کے بعد افراد معاشرتی زندگی میں واپس آرہے ہیں

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان میں منشیات کے عادی افراد کی بحالی کے لیے حکومت کی سنجیدہ کوششیں ایک مثبت تبدیلی کا آغاز ثابت ہو رہی ہیں۔ ایسے وقت میں جب صوبے میں منشیات کی وبا نوجوان نسل کو بری طرح متاثر کر رہی ہے، حکومت کی جانب سے بے سہارا اور مجبور افراد کو علاج و معالجے کی سہولیات فراہم کرنا کسی نعمت سے کم نہیں۔ سرکاری سرپرستی میں جاری بحالی پروگرام نہ صرف سینکڑوں افراد کو دوبارہ صحت مند زندگی کی طرف واپس لا رہا ہے بلکہ معاشرتی سطح پر ایک موثر مثال بھی قائم کر رہا ہے۔ یہ بات نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے چیئرمین سید حاجی کفایت اللہ آغا نے گزشتہ روز مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ بلوچستان میں منشیات کے عادی افراد کے علاج میں جو تیزی اور ذمہ داری دیکھنے میں آرہی ہے، وہ اس بات کی علامت ہے کہ حکومت اس سنگین مسئلے کو محض ایک سماجی مسئلہ نہیں بلکہ ایک انسانی فریضہ سمجھ کر حل کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ حکومتی تعاون سے اب تک بڑی تعداد میں ایسے متاثرہ افراد کا مکمل علاج کیا جا چکا ہے جو برسوں سے نشے کی لعنت میں گرفتار تھے اور جن کے پاس علاج کے لیے نہ وسائل تھے اور نہ سہارا۔ انہوں نے کہا کہ صحت یابی کے بعد ان افراد کو معاشرے کا فعال حصہ بنانے کے لیے مختلف تربیتی پروگرام بھی شروع کیے گئے ہیں تاکہ وہ باعزت روزگار حاصل کر سکیں۔

ربی کے زمینداروں کو پانی کی فراہمی کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں، فرید احمد

گزشتہ ہفتے پانی کی کمی کی وجہ سے زمینداروں اور کسانوں کو تکلیف کا سامنا کرنا پڑا

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ایکسین ایریگیشن پٹ فیڈر کینال فرید احمد چندرانی نے کہا ہے کہ ربی کے زمینداروں کو پانی کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ پانی کی کمی کی وجہ سے ربی کی فصلیں متاثر نہ ہوں صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی کی خصوصی دلچسپی سے پٹ فیڈر کینال میں آنے کے مقرر کردہ حصے سے زیادہ پانی آرہا ہے انشاءاللہ چند دنوں میں پانی کی کمی کا مسئلہ حل ہو جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت علماء اسلام نصیر آباد کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا وفد میں حاجی رحمت اللہ لہنگلوئی حاجی محمد بخش لہنگلوئی و دیگر اراکین شامل تھے جمعیت علمائے اسلام کے وفد نے ایکسین ایریگیشن کو ربی کینال میں پانی کی کمی کے بارے میں آگاہ کیا۔ ایکسین نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ انشاءاللہ ربی کینال میں پانی کا مسئلہ جلد حل کیا جائے گا۔ دریائے سندھ میں پانی کی کمی اور وارہ بندی کی وجہ سے گزشتہ ہفتے پانی کی کمی ہوگئی تھی

بیلا میں خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کی بارہ روزہ قومی مہم کا آغاز

بیلا (یو این اے) حکومت بلوچستان، محکمہ صحت اور یونیسیف پاکستان کے اشتراک سے بیلا میں خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کی بارہ روزہ قومی مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق، میونسپل کمیٹی بیلا کے تیرہ وارڈز میں مہم چلانے کے لیے آٹھ موبائل ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ مہم کے دوران چھ ماہ سے پانچ سال تک کے تمام بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگائے جائیں گے، جبکہ مخصوص اضلاع میں پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے بھی پلائے جا رہے ہیں۔ محکمہ صحت بیلا کے ذمہ داران نے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو قریبی صحت کے مراکز، عارضی ویکسینیشن سینٹرز یا اسکولز میں مفت حفاظتی ٹیکے لگوائیں تاکہ بچوں کو خسرہ، روبیلا اور پولیو سے محفوظ بنایا جا سکے۔

درخواستیں مطلوب ہیں

میونسپل کارپوریشن خضدار میں مندرجہ ذیل خالی آسامیوں پر براہ راست بھرتی کے لیے ضلع خضدار کے لوکل/ڈومیسائل باشندوں سے درج ذیل شرائط کے تحت درخواستیں مطلوب ہیں:۔

نمبر شمار	نام اسامی	گریڈ	تعداد	تعلیمی قابلیت	کیفیت
۱	سینٹری انسپکٹر	BPS-9	۱	پرائمری	--------
۲	لیڈنگ فائرمین	BPS-9	۳	انٹرمیڈیٹ	--------
۳	سینٹری سپروائزر	BPS-6	۳	میٹرک	--------
۴	ہیوی ڈرائیور (HTV)	BPS-6	۱	پرائمری	ہیوی ڈرائیونگ لائسنس لازمی ہے
۵	لائبریرین	BPS-4	۱	میٹرک	--------
۶	ڈرائیور (LTV)	BPS-4	۴	پرائمری	ڈرائیونگ لائسنس لازمی ہے
۷	مکینک	BPS-4	۱	پرائمری	متعلقہ شعبہ میں ماہر کو ترجیح دی جائے گی
۸	فائرمین	BPS-4	۷	پرائمری	--------
۹	نائب قاصد	BPS-1	۱	پرائمری	--------
۱۰	چوکیدار	BPS-1	۴	پرائمری	--------
۱۱	مالی	BPS-1	۲	پرائمری	--------
۱۲	ہیلپر	BPS-1	۱	پرائمری	--------
۱۳	ٹیوب ویل آپریٹر	BPS-1	۱	پرائمری	--------
۱۴	خاکروب	BPS-1	۳۰	پرائمری	اقلیتی امیدوار کو ترجیح دی جائے گی

شرائط:۔ (1) امیدوار کی عمر 18 سال سے کم اور 33 سال سے زائد نہ ہو۔ البتہ سرکاری قوانین کے تحت عمر میں دس (10) سال کی مزید رعایت موجود ہے (2) سرکاری ملازمین اپنے محکمہ کے توسط سے درخواست جمع کرا سکتے ہیں (3) درخواست بنام زیر دستخطی ہمراہ قومی شناختی کارڈ، لوکل/ڈومیسائل سرٹیفکیٹ و تعلیمی اسناد کی تصدیق شدہ نقول اور دو عدد حالیہ تصویر مورخہ 02 دسمبر 2025ء تک میونسپل کارپوریشن خضدار میں جمع کرائی جا سکتی ہیں (4) ایسی درخواستیں جن کے ہمراہ غیر مصدقہ دستاویزات منسلک ہوں نا قابل قبول ہوں گی (5) نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں ناقابل قبول تصور ہوں گی (6) متذکرہ بالا آسامیوں پر بھرتی کیلئے اہل امیدواروں سے زبانی امتحان انٹرویو مورخہ (11) دسمبر 2025ء بمقام بلدیہ ریسٹ ہاؤس میں لیا جائے گا۔ جس کے لئے امیدوار کا اپنا اصل شناختی کارڈ و دیگر اسناد ہمراہ لانا لازمی ہوگا (7) انٹرویو کے لئے آنے والے امیدواران کو کسی قسم کا سفری خرچ ادا نہیں کیا جائے گا۔

چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن خضدار

AB No 475/17-11-2025

www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. The Executive Engineer Urban Planning & Development Department Makran Division at District Kech, has invites the electronics tender from the interested firms/ contractors of the following goods.

S.NO	NAME OF WORK	Bid Security
1.	Manufactured Vehicles & Accessories (Total Item(s) Count: 1) Purchase of Ambulance for Sangat Foundation Makran Panjgur **TSE-252611911791**	2%

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014, **BASIC ELIGIBITY:** The Firms must have valid registration with Income Tax and General Sales Tax, including similar nature work experiences & Bank Statement (Turnover). Valid Registration with Income Tax & GST with active tax payer list. Other Mandatory conditions and Detail Marking Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Guarantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk. **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk. The tender processing fee of Rs. 1,000/- must be deposited in the government treasury under the head of account C-03870 through the Green Challan Form at the National Bank of Pakistan (NBP). **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 4th December-2025 till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System. **Address:** office of the Executive Engineer Urban Planning & Development Department Makran Division, District Kech Phone No: 0852414060

Bid Validity Period: Ninety (90) Days.

PRQ No.2433/17-11-2025

EXECUTIVE ENGINEER
Urban Planning & Dev: Department Makran Division at Kech

www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The **Office of the Chief Officer Municipal Committee Dera Murad Jamali** invites Sealed percentage tender on Market Rate from interested Dealers / Firms for the following works under Grant-In-Aid for the year 2024-25 Govt. of Balochistan. **Tender Fee 1000/-**

S No.	Name of Scheme	Call Deposit
1	Supplying of 02 Nos. Mini Dumper **(TSE252611911611)**	2%
2	Supplying of 02 Nos. Hydraulic Trolley & 01 No. Spray Machine **(TSE252611911601)**	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-252611911611, TSE252611911601) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Last Date and Time of Bid Submission** 01 December, 2025 10:00 AM **Address:** Chief Officer Municipal Committee Dera Murad Jamali Phone no: 0838710842 **Email:** ahmednawazjattak4@gmail.com.

AB No.472/17-11-2025

CHIEF OFFICER
Municipal Committee
Dera Murad Jamali

www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار

اشتہار بحکم احضار شخص ملزمان زیر دفعہ (۷۸ ض ف)(۱۰)۱۹۔ انسداد دہشت گردی ایکٹ ۱۹۹۷ء

مقدمہ نمبر 33/025 سرکار بنام: نبی بخش وغیرہ CTD خضدار (1) مسمی نصیر عاف ساربان ولد باقی مراد سکنہ ماڑگشلو (2) شفیع عرف توکل ولد کریم داد سکنہ ڈھل بازار تربج (3) ہاشم عرف گرو ولد الہٰی بخش سکنہ میر بخش بازار (4) ولیب عرف پہلوان ولد سفر سکنہ بالار گشلو (5) زمان عرف سرشم سکنہ مزار آباد تربج (6) ارشاد عرف گزین ولد سفر سکنہ الٰہی بخش بازار (7) اختر عرف الطاف ولد عباس سکنہ عظیم جان بازار تربج (8) قادر بخش عرف کرک ولد بالاچ سکنہ وراسکی زیارت ڈن آواران (9) منیر عرف ملن ولد جمیل سکنہ بزدار (10) نبی بخش ولد علی بخش سکنہ بالار گوش مزار گونڈ (11) احمد شاہ عرف ملا ولد میر عبدالباسط سکنہ جری بازار (12) غفور ولد مزار ہنکر آلوری بازار آواران (13) محمد شریف عرف ذاکر ولد محمد یعقوب سکنہ مری ریکیانی (14) شاکر علی ولد غور جری بازار جرم زیر دفعہ (i) 7 (1) (e) (1) 6 (2)7 ATA 7 کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق ناش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان کو لازم ہے کہ بتاریخ 24-11-2025 کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام خضدار جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔

اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ خضدار

PRQ No 2447/17-11-2025

www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

بقیہ 1 وزیراعلیٰ

نے کہا کہ وزیراعظم اور وزیر ہوابازی سے ملاقات میں مسئلے کا حل نہیں نکلا تو ہمارے پاس یہ آپشن بھی موجود ہے کہ ان ایئرلائنز کے منیجرز کو 16 ایم پی او کے تحت گرفتار کریں کیونکہ ایئرلائنز کے طرز عمل کی وجہ سے صوبے میں عوام کے مشتعل ہو کر ایئرپورٹ جلانے کا خدشہ بھی موجود ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سندھ میں پشتونوں کے ساتھ زیادتی کے معاملے پر میر صادق عمرانی اور میر علی حسن زہری نے جو یقین دہانی کروائی ہے تو اسے پورا کریں گے ہمارے لوگ بھی ایسے کام کرتے ہیں کہ انہیں تنگ کیا جائے گزشتہ روز بھی ایک خاتون سے ہیروئن برآمد کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں حکومتوں کے مہمانوں کے لئے دعوتوں کا اہتمام کیا جاتا ہے مولانا ہدایت الرحمن سے گزارش ہے کہ وہ اپنی قرارداد واپس لیں۔ جس پر مولانا ہدایت الرحمن نے کہا کہ بلوچستان میں سرکاری فنڈز کا ضیاع ہوتا ہے تاہم انہوں نے اپنی قرارداد واپس لے لی۔ بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اسپیکر اور قائد حزب اختلاف کے درمیان نوک جھونک اور جملوں کا تبادلہ۔ پیر کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ انہوں نے متعدد بار قرارداد پر بات کرنے کی اجازت مانگی مگر انہیں موقع نہیں دیا گیا ایوان میں جب قائد ایوان یا قائد حزب اختلاف کھڑے ہوں تو انہیں بات کرنے کا موقع دیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اسپیکر کے رویئے کے خلاف واک آؤٹ کریں گے۔ اپوزیشن لیڈر ایوان سے جانے لگے تو اسپیکر نے انہیں مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ایوان میں بات کرنے کی اجازت رولز کے تحت دی جاتی ہے وہ قائد حزب اختلاف کی قدر کرتے ہیں اور معذرت کرتے ہیں۔ دریں اثناء۔ بلوچستان اسمبلی نے سندھ میں بلوچستان کے لوگوں کو کاروباری سرگرمیوں سے روکنے اور پی آئی اے کے بڑھتے ہوئے کرایوں اور فلائٹس کی بندش کے خلاف دو قراردادیں متفقہ طور پر منظور کر لیں سوموار کو اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک گھنٹہ کی تاخیر سے تلاوت کلام پاک سے شروع ہوا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے تحریک پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان پبلک پرائیوٹ پارٹنر شپ کا (ترمیمی) (مسودہ قانون مصدرہ 2025) مسودہ قانون نمبر 38 مصدرہ 2025 کو منظور کیا جائے۔ جمعیت علماء اسلام کے رکن اسمبلی اصغر ترین نے قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہرگاہ کہ پشین، چمن، خانوزئی، ژوب، مسلم باغ، لورالائی اور کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے پشتون باشندے کاروباری سرگرمیوں کے سلسلے میں کراچی شہر اور سندھ کے دیگر مضافاتی علاقوں میں جاتے ہیں جن میں سے بیشتر کا تعلق ہوٹلنگ اور دیگر کاروبار سے ہے جنہیں گزشتہ ایک ماہ سے مسلسل سندھ پولیس اور کراچی کے لینڈ مافیا کے جانب سے بلاوجہ ہراساں کیا جا رہا ہے تاکہ اپنا چلتا کاروبار چھوڑ کر سندھ سے واپس بلوچستان آنے پر مجبور ہو جائیں بلوچستان میں بھی پیپلز پارٹی کی حکومت ہے بدقسمتی سے گزشتہ چند ہفتوں سے کراچی میں پشتونوں خاص طور پر تجارت سے وابستہ پشتونوں کو تنگ اور گرفتار کیا جا رہا ہے ان کی ہوٹلوں اور دکانوں پر چھاپے مارے اور وہاں موجود مال کو اسمگلنگ کا مال قرار دیا جاتا ہے جو سمجھ سے بالاتر ہے بنا کسی ایف آئی آر پشتونوں کو حراست میں لیا جاتا ہے بلوچستان حکومت اس سلسلے میں سندھ حکومت سے رابطہ کرکے پشتونوں اور ان کے کاروبار کو تحفظ فراہم کرائیں انہوں نے اسپیکر سے استدعا کی سندھ حکومت سے بات چیت کیلئے حکومت اور اپوزیشن ارکان پر مشتمل کمیٹی بنائی جائے۔ سینئر صوبائی وزیر پیپلز پارٹی کے رہنما صادق عمرانی نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ اپنے ہر دور اقتدار میں لوگوں کو بلاامتیاز روزگار کے مواقع فراہم کئے ہیں وفاقی حکومت کی ہدایت پر غیر قانونی کاروبار اور غیر قانونی تارکین وطن کیخلاف کارروائی ہوئی ہے پیپلز پارٹی کی حکومت کسی کو تنگ کرنے پر یقین نہیں رکھتی ہم سندھ حکومت سے بات کریں گے تحریک اپنی قرارداد واپس لے۔ عوامی نیشنل پارٹی کے انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ کراچی میں پشتونوں کو بلاجواز تنگ کیا جا رہا ہے اور یہ سلسلہ کوئی نیا نہیں ہے 1980 کی دہائی میں بھی اور اس کے بعد بھی پشتونوں کو تنگ کیا جاتا رہا ہے پشتون کراچی میں محنت مزدوری اور کاروبار کرتے ہیں ان کو بلاجواز تنگ اور ان کا کاروبار بند کیا جا رہا ہے انہوں نے بھی اسپیکر سے استدعا کی کہ حکومتی اور اپوزیشن اراکان پر مشتمل کمیٹی بنائی جائے جو سندھ حکومت سے جا کر اس مسئلہ پر بات کرے۔ نیشنل پارٹی کے خیر جان بلوچ نے کہا کہ نہ صرف پشتون بلکہ بلوچستان کے مختلف علاقوں سے بلوچ بھی کاروبار محنت مزدوری اور علاج معالجہ کیلئے کراچی جاتے ہیں انہیں بھی وہاں پر تنگ کیا جاتا ہے کراچی انتظامیہ اور پولیس کا بلوچستان کے عوام سے رویہ افسوسناک ہے اس سلسلے میں کمیٹی تشکیل دی جائے۔

بقیہ 2 پاکستان

تجارت کریں۔ حکومت نے اس فیصلے سے کابل کو واضح پیغام دیا ہے کہ کالعدم ٹی ٹی پی و دیگر دہشتگرد تنظیموں کے خاتمہ کیلئے ٹھوس اقدامات تک تجارت و دیگر سرگرمیوں کیلئے سرحدیں نہیں کھلیں گی۔ حکام نے کہا کہ سرحدی بندش معمول کا انتظامی اقدام نہیں بلکہ پالیسی میں سٹریٹجک تبدیلی ہے۔ افغان طالبان قیادت کو مطلع کر دیا گیا کہ کالعدم ٹی ٹی پی اور دیگر گروپوں کیخلاف ٹھوس کارروائی تک مزید مذاکرات نہیں ہو سکتے۔ ایک سرکاری افسر نے کہا کہ پاکستان اپنے موقف سے ہٹنے کے موڈ میں نہیں، "سیکیورٹی پہلے، تجارت بعد میں" اب اسلام آباد کا نیا موقف ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاک افغان سرحدوں کی بندش کو ایک ماہ سے زائد ہو چکا ہے جس کے باعث دونوں اطراف ہزاروں ٹرک اور کنٹینرز پھنسے ہوئے ہیں، اس وقت سرحدی گزرگاہیں صرف انسانی بنیادوں پر کھلی ہیں جو کہ افغان مہاجرین اور سرحدوں پر پھنسے افراد کی واپسی تک محدود ہے۔ ایک سینئر افسر نے بتایا کہ ہمارے لئے تجارت اور معیشت سے زیادہ اہم اپنے لوگوں کی زندگی ہے جس پر سمجھوتہ نہیں ہو سکتا۔ پاکستان اور افغانستان کے بارڈرز کی بندش کے سبب دونوں ممالک کے درمیان تجارت میں بڑی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ وزارت تجارت کے ذرائع کے مطابق اکتوبر میں سالانہ بنیادوں پر پاک افغان دوطرفہ تجارت میں 54 فیصد کمی آئی جو ماہانہ بنیادوں پر اکتوبر میں 36 فیصد کم ہوئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ستمبر کے مقابلے اکتوبر میں افغانستان کے لئے پاکستانی برآمدات میں 28 فیصد کمی ہوئی ہے اور سالانہ بنیاد پر برآمدات میں 55 فیصد کمی ہوئی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ستمبر کے مقابلے میں اکتوبر میں افغانستان سے درآمدات 42 فیصد کم ہوئیں جس میں سالانہ بنیاد پر 53 فیصد کمی آئی ہے۔ ذرائع کے مطابق اکتوبر 2025 میں پاک افغان دوطرفہ تجارت کا حجم 11 کروڑ 40 لاکھ ڈالرز رہا۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ ستمبر 2025 میں افغانستان سے درآمدات کا حجم 9 کروڑ 60 لاکھ ڈالرز تھا اور اکتوبر 2024 میں افغانستان سے درآمدات کا حجم 11 کروڑ 70 لاکھ ڈالرز تھا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کراسنگ پوائنٹس کو سیکیورٹی صورتحال کی باعث 12 اکتوبر سے غیر معینہ مدت کے لیے بند کیا گیا ہے۔

بقیہ 3 سابق وزیراعظم

جسٹس غلام مرتضیٰ موجمدار کی سربراہی میں انٹرنیشنل کرائمز ٹریبونل کے تین رکنی بینچ نے فیصلہ سنایا۔ ٹریبونل کے دیگر 2 ارکان میں جسٹس شفیع العالم محمود اور جج محیط الحق انعام چوہدری شامل ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق بنگلادیش کی مقامی جنگی جرائم کی عدالت انٹرنیشنل کرائمز ٹریبونل نے فیصلہ سنایا۔ عدالت نے شیخ حسینہ واجد کے خلاف مقدمات کا 453 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کرتے ہوئے شیخ حسینہ واجد کو سزائے موت کا حکم سنایا۔ عدالت نے بنگلادیش کے سابق وزیر داخلہ اسدالزماں کمال کو بھی سزائے موت کا حکم دے دیا جبکہ سابق انسپکٹر جنرل پولیس چوہدری عبداللہ المامون کو 5 سال قید کی سزا کا حکم دیا ہے۔ بنگلادیشی عدالت نے فیصلے میں کہا کہ لیک فون کال کے مطابق حسینہ واجد نے مظاہرہ کرنے والے طلبہ کے قتل کے احکامات دیے، ملزمہ شیخ حسینہ واجد نے طلبہ کے مطالبات سننے کے بجائے فسادات کو ہوا دی، انہوں نے طلبہ کی تحریک کو طاقت سے دبانے کیلئے توہین آمیز اقدامات کیے۔ عدالت نے فیصلے میں کہا ہے کہ حسینہ واجد اور سابق وزیر داخلہ اسدالزماں خان کمال ابھی تک مفرور ہیں، پیشی کے لیے بھیجے گئے متعدد نوٹسز کے باوجود دونوں ملزمان کا مفرور ہونا ان کے جرم کا اعتراف ہے، المامون واحد ملزم ہے جو عدالت میں موجود تھے، جولائی میں سماعت کے دوران اعتراف جرم کیا تھا بنگلادیش کی سابق وزیراعظم شیخ حسینہ نے کہا ہے کہ ان پر لگائے گئے الزامات جھوٹے ہیں اور وہ ایسے فیصلوں کی پرواہ نہیں کرتیں۔

بقیہ 4 جسٹس محمد کامران ملاخیل

حلف لیا۔ بلوچستان ہائی کورٹ اور سیشن کورٹ کے معزز جج صاحبان، سابق گورنر امیر الملک مینگل، امان اللہ یاسین زئی، پارلیمنٹیرینز اور سیاسی شخصیات سمیت وکلاء برادری کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ 5 مسترد کردیا

وونگ ہوگی۔ عرب میڈیا کے مطابق حماس اور دیگر فلسطینی مزاحمتی گروپوں نے غزہ قرارداد کے مسودے کو مسترد کر دیا ہے۔ حماس کا کہنا ہے کہ قرارداد فلسطین کی فیصلہ سازی پر بیرونی قوتوں کے کنٹرول کی راہ ہموار کرے گی، قرارداد سے غزہ کی حکومت اور تعمیر نو غیر ملکی سرپرستی میں چلی جائے گی۔ حماس کا موقف ہے کہ قرارداد سے فلسطینیوں سے ان کی حکمرانی چھن جائے گی، غزہ میں بین الاقوامی فورس کی تعیناتی کا مطلب غیر ملکی سرپرستی ہوگا۔ حماس کا کہنا ہے کہ غزہ میں انسانی امداد کا انتظام اقوام متحدہ کے زیر نگرانی فلسطینی اداروں کے پاس ہونا چاہیے۔ حماس نے غزہ کو غیر مسلح کرنے یا فلسطینیوں سے مزاحمت کا حق چھیننے کو مسترد کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ قرارداد میں جنگ بندی پر عملدرآمد اور غزہ میں بین الاقوامی امن فورس کا قیام شامل ہونا چاہیے۔

بقیہ 6 اپوزیشن

چوہدری سمیت دیگر اپوزیشن وفد میں شامل ہیں۔ اس موقع پر سابق اسپیکر اسد قیصر نے کہا کہ اسلام آباد جوڈیشل کمپلیکس میں وکلا سے اظہار ہمدردی کے لیے آئے ہیں، امن و امان کا قیام سیکیورٹی اداروں اور حکومت کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سارا دن مخالفین کیخلاف کیسز بنا رہی ہے، ناجائز آئینی ترامیم کر رہی ہے، مگر وکلا نے بتایا اتنے بڑے حادثے کے بعد ہم سے کوئی اظہار ہمدردی کے لیے بھی نہ آیا۔ انہوں نے کہا کہ وکلا نے ہمیں بتایا کہ حکومت میں سے کوئی شخص اظہار یکجہتی کے لیے نہ آیا اور نہ ہی شہدا کے لواحقین اور زخمیوں کی کسی قسم کی مدد یا تعاون کیا گیا۔ سابق اسپیکر نے کہا کہ دہشت گردی کے واقعہ کی مذمت اور تحقیقات کے لیے کمیشن بنانے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ اسد قیصر نے کہا کہ وہ معاشرے اور ممالک تباہ ہو جاتے ہیں جہاں آئین پر مکمل درآمد نہیں ہوتا، اس وقت پاکستان میں جنگل کا قانون نافذ ہے، عام شہری کو تحفظ حاصل نہیں۔ ہم نے فیصلہ کیا ہے 26 ویں اور 27 ویں آئینی ترمیم کے خلاف بھرپور آواز اٹھائیں گے۔

بقیہ 7 حلف اٹھایا

جج کا حلف اٹھایا۔ وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان نے دونوں ججز سے حلف لیا۔ ججز کی تقریب حلف برداری اسلام آباد ہائی کورٹ کے کانفرنس روم میں ہوئی۔ واضح رہے کہ جسٹس حسن اظہر رضوی، جسٹس عامر فاروق، جسٹس علی باقر نجفی اور جسٹس کے کے آغا بطور جج وفاقی آئینی عدالت حلف اٹھا چکے ہیں۔ چیف جسٹس امین الدین خان سمیت وفاقی آئینی عدالت کے 7 ججز حلف اٹھا چکے ہیں۔

بقیہ 8 دہشتگرد ہلاک

کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج کے 10 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، اس دوران 4 خارجی زخمی بھی ہوئے، ہلاک کیے گئے 4 خوارجیوں کا تعلق افغانستان سے ہے۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں بارودی مواد، خودکش جیکٹس، آئی ای ڈیز اور اسلحہ برآمد ہوا۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ خارجی عالم محسود 2008 میں نواز کوٹ پوسٹ پر حملے میں ملوث تھا جبکہ بنوں جیل اور آرمی پوسٹ پر حملے میں بھی ملوث رہا ہے۔

بقیہ 9 دورہ امریکا

طویل عرصے سے قائم تعاون کو مضبوط کرنا، تیل اور سیکیورٹی کے حوالے سے تعلقات کو بڑھانا، اور تجارتی، تکنیکی اور ممکنہ طور پر جوہری توانائی کے شعبے میں تعلقات کو وسیع کرنا ہے۔ یہ سعودی ولی عہد کا 2018 کے بعد امریکا کا پہلا دورہ ہے۔ 2018 میں سعودی ناقد جمال خشوگی کو استنبول میں مبینہ طور پر سعودی ایجنٹس نے قتل کیا تھا، جس کے خلاف عالمی سطح پر شدید ردعمل سامنے آیا تھا۔ خبر رساں ایجنسی "رائٹرز" کے مطابق، امریکی انٹیلی جنس کا کہنا ہے کہ خشوگی کے قتل کی منظوری محمد بن سلمان نے دی تھی، تاہم، ولی عہد نے براہ راست حکم دینے سے انکار کیا لیکن بطور حکمران اس کی ذمہ داری قبول کی۔

بقیہ 10 آئینی عدالت

سماعت چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کی۔ درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ زندگی بچانے والی 41 ادویات کی رجسٹریشن سے متعلق درخواست دائر کی تھی 41 میں 30 رجسٹرڈ کر دی گئیں۔

بقیہ 11 ایران

سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ واشنگٹن کے پیدا کردہ جنگل میں مضبوط ہونا ہی واحد راستہ ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ اسرائیل قتل عام، نسل کشی اور نسلی صفائی میں ملوث ہے، مغربی ایشیا میں کوئی ملک اسرائیل سے محفوظ نہیں، ان کا کہنا تھا کہ ایرانی جوہری تنصیبات کو نشانہ بنانا ایٹمی عدم پھیلاؤ کے نظام پر حملہ ہے۔

بقیہ 12 پاک چین

کے ضیاع پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ وزارت خارجہ کے ترجمان نے بھی اس واقعہ کی مذمت کی ہے۔ ملاقات کے دوران انسداد دہشت گردی اور سیکیورٹی تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ پاک چین تعلقات باہمی اعتماد و احترام پر مبنی ہیں، چین پاکستان کا وہ بااعتماد دوست ہے جس نے ہر مشکل وقت میں ساتھ دیا ہے، پاکستان دہشت گردی سے سب سے زیادہ متاثر ملک ہے۔ چینی سفیر جیانگ زیڈونگ نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھیں گے۔

بقیہ 13 رانا ثنا اللہ

گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ 28 ویں آئینی ترمیم عوامی ایشوز پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترمیم پاس کرنا پارلیمنٹ کا حق ہے اور ججز نے ان کے تحفظ کا حلف اٹھایا ہے۔ سینیٹر نے کہا کہ ایک جج کو یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ خود کو سیاسی احتجاج میں ملوث کرے، جن لوگوں نے استعفے دیئے ہیں ان کے ذاتی مقاصد ہیں۔

ملک کو ڈوبنے سے بچانے کیلئے موجودہ حکومت کو گرانا ناگزیر ہو چکا ہے، محمود خان اچکزئی

ملک میں سویلین بالادستی کا تصور ختم ہو چکا ہے وزیر اعظم شہباز شریف اب کسی کے کہنے پر سسٹم چلا رہے ہیں

یہ تحریک اقتدار کے لیے نہیں، آئین اور پارلیمنٹ کی بالادستی بچانے کے لیے ہے، چیئرمین پشتونخوا میپ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کو گرانا ناگزیر ہو چکا ہے، ورنہ پاکستان ڈوب جائے گا یہ تحریک اقتدار کے لیے نہیں، آئین اور پارلیمنٹ کی بالادستی بچانے کے لیے ہے حکومت نے آئین کے بنیادی ڈھانچے میں ایسی تبدیلیاں کیں جو پارلیمانی بالادستی کے منافی ہیں ملک میں سویلین بالادستی کا تصور ختم ہو چکا ہے وزیر اعظم شہباز شریف اب کسی کے چپڑاسی بن گئے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو میں کیا محمود خان اچکزئی .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، جمال شاہ کاکڑ لوکل باڈی الیکشن کیلئے بلائے گئے اجلاس کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

کوئٹہ میں نظام زندگی مکمل طور پر مفلوج ہے، پشتونخوا میپ

شاہراہیں، انٹرنیٹ سروس، بجلی، گیس کی بندش کے باعث عوام ذہنی کوفت کا شکار ہیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ تمام صوبے بالخصوص کوئٹہ میں نظام زندگی مکمل طور پر مفلوج ہو چکا ہے، شاہراہیں، انٹرنیٹ سروس، بجلی، گیس کی بندش کے باعث تمام عوام ذہنی کوفت کا شکار اور پتھر کے زمانے میں زندگی گزارنے پر مجبور ہو چکے ہیں۔ فارم 47 کی حکومت کی جانب سے غیر آئینی، غیر جمہوری .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کی جانب سے نیٹ بندش غیر ذمہ دارانہ اقدام ہے، پشتونخوانیپ

انٹرنیٹ کی معطلی نے تعلیمی، معاشی اور سماجی زندگی کو شدید نقصان پہنچایا، نصر اللہ زیرے، فقیر خوشحال کاسی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے اور صوبائی سیکرٹری اول فقیر خوشحال کاسی نے اپنے مشترکہ بیان میں حکومت کی جانب سے انٹرنیٹ کی بار بار بندش کو انتہائی تشویشناک، غیر ذمہ دارانہ اور عوام دشمن اقدام قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ انٹرنیٹ کی معطلی نے صوبے کی تعلیمی، معاشی اور سماجی زندگی کو شدید نقصان .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

پراونشل سلیکشن بورڈ ون کا اجلاس ایک بار پھر ملتوی

ترقی ملازمت میں بنیادی حق، بلوچستان میں یہ معاملہ مسلسل تاخیر کا شکار ہے، افسران

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) پراونشل سلیکشن بورڈ ون کا اجلاس ایک بار پھر ملتوی، سرکاری افسران میں شدید بے چینی، بلوچستان میں سرکاری افسران کی ترقیوں سے متعلق اہم فورم پراونشل سلیکشن بورڈ ون کا اجلاس ایک مرتبہ پھر ملتوی کر دیا گیا، جس کے باعث مختلف محکموں کے سینکڑوں سرکاری افسران میں شدید مایوسی اور بے چینی پھیل گئی ہے ذرائع کے مطابق مذ........ بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، کسان اتحاد کے مرکزی چیئرمین خالد حسین باٹھ اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ڈی ایم جمالی، تعمیراتی کمپنی پر فائرنگ، پولیس کی جوابی کارروائی سے مسلح افراد فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب بے نظیر میڈیکل کالج کی تعمیراتی کمپنی پر نا معلوم مسلح افراد کی فائرنگ پولیس کی جوابی فائرنگ سے مسلح افراد فرار ہو گئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نوتال پولیس تھانے کی حدود میں گزشتہ شب نا معلوم مسلح افراد نے شہید بے نظیر بھٹو میڈیکل کالج کی تعمیراتی کمپنی پر فائرنگ کر دی جبکہ پولیس کی جانب سے جوابی فائرنگ سے مسلح افراد فرار ہو گئے پولیس کے مطابق فائرنگ سے کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا تاہم پولیس نے ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔

امان اللہ کنرانی ایڈووکیٹ کی زیر صدارت پاکستان بوائے سکاؤٹس کی نیشنل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان بوائے سکاؤٹس ایسوسی ایشن کے چیف کمشنر و سابق صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن سینیٹر (ر) امان اللہ کنرانی کی زیر صدارت پاکستان بوائے سکاؤٹس کی نیشنل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس پیر کو اسلام آباد میں منعقد ہوا جس میں ممبران کی بھاری اکثریت نے شرکت کی جس میں پنجاب کے صوبائی کمشنر اعجاز حفیظ (بوجہ علالت بذریعہ زوم) بلوچستان کے صوبائی کمشنر نظام الدین مینگل، سینئر ڈپٹی و دیگر ڈپٹی چیف کمشنر سرفراز قمر ڈاحا، مجید وسیم باری و امان اللہ ابراہیم و ٹیکنیکل سیکرٹری پروفیسر نیک اختر، گلگت بلتستان کے سیکرٹری جوہر صدر برہ، اعزازی خزانچی سجاد مسعود چشتی، پروفیسر........ بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

فواد چوہدری کے نا قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) اراضی منتقلی کیس میں سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے گئے ہیں۔ سماعت اینٹی کرپشن کی خصوصی عدالت راولپنڈی کے جج خاور رشید نے کی طلبی کے باوجود بار بار عدم پیشی پر عدالت نے سخت اظہار برہمی کیا۔ علاوہ ازیں سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کیخلاف فراڈ سے متعلق کیس کی سماعت 22 جنوری تک ملتوی کر دی گئی۔ سیشن کورٹ اسلام آباد نے سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کی استثنیٰ کی درخواست منظور کر لی۔ سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کیخلاف اسلام آباد کے تھانہ آبپارہ میں مقدمہ درج ہے۔

والدین بچوں کو ویکسین لگوا کر اہم قومی مہم کا حصہ بنیں، مالک بلوچ

یہ مہم بچوں کو خطرناک بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے نہایت اہم، خسرہ و روبیلا سے بچاؤ صرف ویکسینیشن سے ہی ممکن ہے، رکن صوبائی اسمبلی

ایم پی اے کا ڈی سی کیچ کے ہمراہ ٹیچنگ ہسپتال تربت میں بچوں کو حفاظتی قطرے پلا کر خسرہ و روبیلا مہم کا باقاعدہ افتتاح

تربت (خ ن) ممبر صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ کے ہمراہ ٹیچنگ ہسپتال تربت میں بچوں کو حفاظتی قطرے پلا کر بارہ روزہ خسرہ و روبیلا مہم کا باقاعدہ افتتاح کردیا اس موقع پر بچوں کو قطرے پلا کر صحت عامہ کے اس اہم اقدام کا عملی آغاز کیا گیا تقریب میں ڈائریکٹر صحت مکران ڈاکٹر محب اللہ، ڈی ایچ او کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالعزیز بلوچ، ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر وحید بلیدی، ڈبلیو ایچ او ضلع کیچ کے نمائندے ڈاکٹر ارسلان بلوچ، پی پی ایچ آئی کے ضلعی سربراہ ڈاکٹر منیر احمد، .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی میڈم غزالہ گولہ، بیگم ویمن پارلیمانی کاکس بلوچستان صوبائی اسمبلی کے نشست کی صدارت کر رہی ہیں

بلدیاتی بل پر بات نہ ہوئی تو نیا صوبہ بنے گا، مصطفیٰ کمال، سندھ کی تقسیم ناممکن ہے، شرجیل میمن

پیپلز پارٹی 27 ویں ترمیم میں بل کو شامل کرنے کیلئے تیار نہیں تھی، کراچی دودھ دینے والی گائے، چارہ نہیں دو گے تو کیسے چلے گا، وزیر صحت

بل بھٹو کے ٹوٹ میں بلدیاتی اداروں کا معاملہ تھا ہی نہیں، ایم کیو ایم اپنی مردہ سیاست میں جان ڈالنا چاہتی ہے، سینئر وزیر سندھ

کراچی (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے پیپلز پارٹی کو سندھ میں صوبہ بننے سے متعلق خبردار کر دیا ہے۔ کراچی میں گفتگو کے دوران مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے بلدیاتی نظام سے متعلق بل پر بات نہ کی تو 18 ویں ترمیم بھی ختم ہوگی اور سندھ میں صوبہ بھی بنے گا۔ انہوں نے پیشگوئی کی کہ آنے والے مہینوں میں بلدیاتی نظام سے متعلق ترمیم بھی آئے گی اور منظور بھی ہوگی۔ مصطفیٰ کمال نے پیپلز پارٹی کو معاملے پر آن کیمرہ بات چیت کی دعوت بھی دی اور کہا کہ جس طرح آپ 18 ویں ترمیم کا کریڈٹ لیتے ہیں، .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان محمد نور کھیتران محکمے کے آفیسران کے ماہانہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کم عمر کینسر مریضہ ہرنائی کی اعزازی ڈپٹی کمشنر بن گئیں

دفتر میں آنے والے سائلین کے مسائل سنے، فوری حل کرنے کی ہدایت

ہرنائی (خ ن) ہرنائی کی رہائشی کم عمر کینسر کی مریضہ بی بی مدیحہ بخاری دختر سید تحمیل شاہ کو ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی نے چند گھنٹوں کے لیے اعزازی طور پر ڈپٹی کمشنر کا منصب سونپ دیا۔ اس دوران مدیحہ بخاری ڈپٹی کمشنر کی کرسی پر بیٹھیں اور عمل .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

شیخ حسینہ کی سزائے موت، بھارت کا ردعمل آگیا

سابق بنگلا دیشی وزیر اعظم شیخ حسینہ کے خلاف عدالتی فیصلے کو دیکھا ہے

نئی دہلی (بیورو رپورٹ) بھارتی وزارت خارجہ نے سابقہ بنگلادیشی وزیر اعظم شیخ حسینہ واجد کی سزائے موت کے عدالتی فیصلے پر ردعمل دیا ہے۔ ایک بیان میں بھارتی وزارت خارجہ نے کہا کہ بھارت نے سابق بنگلا دیشی وزیر اعظم شیخ حسینہ کے خلاف عدالتی فیصلے کو دیکھا ہے۔ بھارتی ردعمل میں مزید کہا گیا کہ بھارت پڑوسی کی حیثیت سے بدستور بنگلا دیشی .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

امریکا میں تعلیم حاصل کرنے کے خواہش مند پاکستانی طلبہ کے لیے خوشخبری

ہائیر ایجوکیشن کمیشن نے امریکا میں مکمل فنڈڈ پی ایچ ڈی اسکالرشپس پروگرام کا آغاز کردیا

لاہور (بیورو رپورٹ) امریکا میں تعلیم حاصل کرنے کے خواہش مند پاکستانی طلبہ کے لیے خوشخبری آ گئی ہے، ہائیر ایجوکیشن کمیشن نے امریکا میں مکمل فنڈڈ پی ایچ ڈی اسکالرشپس پروگرام کا آغاز کر دیا۔ یو ایس پاکستان نالج کوریڈور کے تحت سو امریکی .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

حسینہ واجد کی سزائے موت دنیا کیلئے عبرت ناک سبق ہے، حافظ نعیم الرحمن

عدالتی فیصلوں کو انتقام کا ہتھیار بنایا اور فسطائیت پر مبنی طرز حکمرانی تاریخ کا ایک سیاہ باب ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ حسینہ واجد کی سزائے موت دنیا کیلئے عبرت ناک سبق ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ بھارتی پروردہ شیخ حسینہ واجد نے اقتدار کے 15 برسوں میں جس طرح جھوٹے مقدمات کی سیاست کو فروغ دیا، عدالتی فیصلوں کو انتقام کا ہتھیار بنایا اور .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

ان شاء اللہ بھرپور تحریک چلے گی: سینیٹر علی ظفر

لاہور (بیورو رپورٹ) سینیٹر علی ظفر نے کہا ہے کہ تحریک اچانک شروع نہیں ہوتی، ان شاء اللہ تحریک چلے گی۔ لاہور ہائی کورٹ میں سینیٹر علی ظفر نے میڈیا سے گفتگو کے دوران کہا کہ ہماری عدلیہ کی تاریخ میں بہت اتار چڑھاؤ آئے ہیں، عدلیہ پر بہت زوال بھی آیا، عدلیہ کو ختم کرنے کی کوشش بھی کی گئی۔ سینیٹر علی ظفر کا کہنا تھا کہ آئین کی پاسداری کے لیے دو طریقہ کار ہیں

وزیر خارجہ اسحاق ڈار شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس میں شرکت کیلئے ماسکو پہنچ گئے

ماسکو (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہان حکومت کونسل اجلاس میں شرکت کیلئے ماسکو پہنچ گئے۔ وزارت امور خارجہ کے مطابق نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار ماسکو پہنچ گئے جہاں وہ شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان حکومت کونسل اجلاس میں شرکت کریں گے۔

آئینی عدالت، کنگ ایڈورڈ یونیورسٹی وائس چانسلر تقرری کیخلاف فیصلہ کالعدم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی آئینی عدالت نے کنگ ایڈورڈ یونیورسٹی وائس چانسلر تقرری کیخلاف ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق درخواست گزار افتخار احمد نے وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ یونیورسٹی کی تقرری کو چیلنج کیا تھا مقدمے کی سماعت کے دوران کوئی بھی پیش نہیں ہوا

جمعیت نظریاتی موسمی نہیں فدایان اسلام کی جماعت ہے، مولانا قادر لونی

جمعیت نظریاتی اسلامی عدل کے نفاذ اور باطل اسلام دشمن قوتوں کا ہر میدان میں مقابلہ کرنے والی سرفروش کارکنوں کی منظم جماعت ہے، مفتی شفیع الدین

رکنیت سازی کا مقصد اکابرین کے نظریاتی مشن کو آگے بڑھانے کیلئے تجدید عہد اور نئے کارکنان کو جماعت کا حصہ بنانا ہے، عبدالستار شاہ چشتی، قاری مہر اللہ

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری و مرکزی کنوینر مفتی شفیع الدین، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، صوبہ بلوچستان کے کنوینر قاری مہر اللہ، صوبہ سندھ کے امیر عزیز احمد شاہ امروٹی، صوبائی کنوینر قاری قمرالدین، کوالچی صوبہ خیبر پختونخواہ کے امیر قاضی گل الرحمان، صوبائی مولانا محمد قاسم مخلص نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام نظریاتی کسی حادثے کی پیداوار ہی موسمی ہے بلکہ جمعیت نظریاتی علماء دیوبند اسلاف دیوبند .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ شہر کے مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں، نوابزادہ جمال رئیسانی

ترقیاتی کاموں میں معززین و نوجوانوں کی مشاورت کو اہمیت دی جارہی ہے، وفود سے گفتگو

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی سے پیر کے روز مختلف وفود نے سراوان ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات میں وفود نے سریاب سمیت کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں کے مسائل سے آگاہ کیا۔ نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے وفود کو یقین دلایا کہ وہ شہر کے تمام مسائل سے........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں گیس و نیٹ بندش قابل تشویش ہے، قاری مہر اللہ

رہنماء جمعیت نظریاتی کی زیر صدارت اجلاس، بلدیاتی الیکشن سے بائیکاٹ کے فیصلے کی توثیق

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی کنوینر و ضلع کوئٹہ قاری مہر اللہ کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، عبید اللہ حقانی، مولوی نیاز محمد، حاجی حبیب اللہ صافی، مولوی محمد ابراہیم، مولوی رحمت اللہ حقانی، مولوی خدائے نظر، مولوی محمد اسحاق .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت عوامی منصوبوں پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، لیاقت لہڑی

بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ

پارلیمانی سیکرٹری کا دورہ سٹیلائٹ ٹاؤن، ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ، عوام نے اقدامات کو سراہا

کوئٹہ (اے پی پی) پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی نے پیر کے روز سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ میں جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے سڑکوں کی تعمیر، نکاسی آب کے نظام اور دیگر عوامی سہولیات سے متعلق منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ علاقہ مکینوں نے موجودہ ترقیاتی اقدامات پر اطمینان کا........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان بھر میں ماحولیاتی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، نسیم الرحمن ملاخیل

کئی اضلاع میں پانی کے ذخائر بری طرح متاثر، متعدد علاقوں میں خشک سالی کے خطرات بڑھ رہے ہیں، صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی

موسمیاتی تبدیلی کے خلاف جنگ صرف حکومت کی نہیں، عوامی شمولیت کے بغیر کوئی منصوبہ کامیاب نہیں ہوسکتا، وفود سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل سے مختلف سماجی تنظیموں، ماہرین ماحولیات اور شہری نمائندوں پر مشتمل وفود نے ملاقات کی ملاقات میں صوبے کی مجموعی ماحولیاتی صورتحال، موسمیاتی تبدیلی کے اثرات اور مستقبل کی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا صوبائی مشیر نے وفود کو بتایا کہ بلوچستان بھر میں ماحولیاتی صورتحال تشویشناک ہے، خصوصاً کم بارشوں نے کئی اضلاع میں پانی کے ذخائر کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متعدد علاقوں میں خشک سالی کے خطرات بڑھ رہے ہیں جبکہ صوبائی وا........ بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

سوراپ مند تجارتی پوائنٹ طویل تعطل کے بعد دوبارہ بحال

بحالی سے اب تجارت، روزگار اور معاشی استحکام کے نئے امکانات روشن ہو گئے

مند (یو این اے) پاک ایران سرحد پر واقع سوراپ مند تجارتی پوائنٹ طویل تعطل کے بعد دوبارہ کھول دیا گیا، جس سے نہ صرف مند بلکہ پورے مکران ڈویژن میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے تجارتی پوائنٹ کی بندش کے باعث گزشتہ عرصے میں کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر ہوئیں اور بے روزگاری میں اضافہ دیکھنے میں آیا تھا۔ سوراپ تجارتی پوائنٹ کی بحالی سے اب تجارت، روزگار اور معاشی استحکام کے نئے امکانات روشن ہو گئے، مقامی .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ بگٹی، نصب دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے گھر کی دیوار کو نقصان

دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی میں گھر کے باہر نصب دھماکہ خیز مواد زوردار دھماکے سے پھٹ گیا۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ بگٹی میں نامعلوم افراد نے سماجی کارکن رشید نوسانی درمانی بگٹی کے گھر کے باہر دھماکہ خیز مواد نصب کر رکھا تھا جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس سے دیوار کو نقصان پہنچا اور کھڑکیوں کے شیشے ٹوٹ گئے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی ا........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

میئر کوئٹہ مسلم لیگ (ن) سے ہی ہوگا، جمال شاہ کاکڑ

پارٹی ورکرز بھرپور تیاری کے ساتھ انتخابات میں حصہ لیں، رکن اسمبلی کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ میئر کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن انشاء اللہ مسلم لیگ (ن) سے ہوگا پارٹی ورکرز بھرپور تیاری کے ساتھ انتخابات میں حصہ لیں۔ یہ بات انہوں نے لوکل باڈی الیکشن کے لیے بلائے گئے اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ پیر کے روز رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ وزیر اعظم شہباز شریف کی خصوصی ہدایت پر تیاریوں کا جائزہ لینے کے لئے........ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

گیس کی بندش شہریوں کیلئے باعث تکلیف ہے، مولانا رمضان مینگل

گیس کی بحالی یقینی نہ بنائی گئی تو احتجاج پر مجبور ہوجائیں گے، سربراہ سنی علماء کونسل

کوئٹہ (آن لائن) سنی علماء کونسل بلوچستان کے سربراہ صوبائی امیر مولانا محمد رمضان مینگل نے کہا ہے کہ شدید سردی کے موسم میں کوئٹہ اور ملحقہ علاقوں میں گیس کی عدم فراہمی کے باعث شہریوں کی زندگی اجیرن بن گئی حکمران اور سوئی سدرن گیس کمپنی کے حکام خواب خرگوش کے مزے لے رہے ہیں اگر گیس کی بحالی اور فراہمی یقینی نہ بنائی گئی تو علاقہ مکین احتجاج پر مجبور ہوں گے جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔ جاری بیان میں کہا کہ کوئٹہ بلو........ بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کی چینی کمپنی کے وائس چیئرمین سے ملاقات

ملاقات میں حب کے صنعتی علاقے میں منرل پروسیسنگ پلانٹ کے مجوزہ قیام سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سے چینی کمپنی China Zhonkhai Investment CompanyHujiye Mining Company Pvt Ltd کے وائس چیئرمین رانا علی قیصر خان نے ان کے دفتر میں اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں حب کے صنعتی علاقے میں منرل پروسیسنگ پلانٹ کے مجوزہ قیام سے متعلق امور پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ واضح رہے کہ چینی کمپنی .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

جے ٹی آئی نوجوانوں کی فکری دینی تربیت گاہ ہے، مولانا عبدالرحمان رفیق

آج کے چیلنجز بھرے ماحول میں نوجوانوں کی رہنمائی انتہائی ضروری ہے، رہنماء جمعیت

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام ہونے والی استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے امیر جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ مولانا عبدالرحمان رفیق جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس نو منتخب مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالمنان کاکڑ ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ صوبائی صدر حکمت اللہ حافظ حبیب الرحمان حافظ عابد اللہ اور دیگر رہنماؤں نے کہا کہ جے ٹی آئی نوجوانوں کی فکری دینی اور تنظیمی تربیت کا مضبوط قافلہ ہے جو ہر دور میں........ بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

مچھ میں پائپ لائن کی مرمت تیسرے روز بھی مکمل نہ ہوسکی

شدید سردی میں گیس بندش نے شہریوں کی زندگی مفلوج بنا کر رکھ دی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے مختلف اضلاع میں گیس بحران شدت اختیار کر گیا ہے، مچھ کے قریب 18 انچ قطر کی مرکزی گیس پائپ لائن میں خرابی کے باعث تیسرے روز بھی گیس کی فراہمی معطل ہے سوئی سدرن گیس کمپنی کے حکام کی جانب سے گزشتہ روز بحالی کی یقین دہانی کے باوجود پائپ لائن کی مرمت مکمل نہ ہوسکی جس کے سبب کوئٹہ، قلات، مستونگ، پشین اور زیارت سمیت متعدد اضلاع میں گیس کا بحران بدستور برقرار ہے۔ دشوار........ بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کی آواز دبانا حکمرانی نہیں بلکہ بحران پیدا کرنے کا فارمولہ ہے، مولانا عبدالواسع

صوبے کے تاجر خسارے میں مبتلا، پیداواری سرگرمیاں محدود اور چھوٹے کاروبار مکمل طور پر بیٹھ گئے، صوبائی امیر جے یو آئی

مواصلاتی نظام کی معطلی نے کاروباری زندگی شدید متاثر اور تعلیمی سرگرمیوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا، حکومت غیر ذمہ دارانہ اقدامات سے پرہیز کرے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان، سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ بلوچستان میں موجود بے چینی و اضطراب کی کیفیت براہ راست حکومت کی ناکام پالیسیوں اور عوام دشمن اقدامات کا نتیجہ ہے انہوں نے کہا کہ صوبے کی معاشی شہ رگ بارڈر پالیسیوں کی وجہ سے مفلوج ہو چکی ہے، تاجر شدید خسارے میں مبتلا ہیں، پیداواری سرگرمیاں محدود ہو کر رہ گئی ہیں اور چھوٹے کاروبار مکمل طور پر بیٹھ گئے ہیں، جبکہ حکومت خطے کی معاشی نبض پر ہاتھ رکھنے کی بجائے مسلسل دباؤ بڑھا رہی ہے مولانا عبدالواسع نے کہا کہ مواصلا........ بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اور ایران کے درمیان سیاسی مشاورت کا تیرہواں دور مکمل

تجارت، توانائی اور تعلیم میں تعاون پر اتفاق، سیاسی مشاورت کا اگلا دور تہران میں ہوگا، دفتر خارجہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد میں پاکستان اور ایران کے درمیان سیاسی مشاورت کا تیرہواں دور مکمل ہوگیا جس دوران دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کرتے ہوئے تجارت، توانائی، تعلیم اور عوامی رابطے بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستانی وفد کی قیادت سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ نے کی جبکہ ایرانی وفد کی قیادت نائب وزیر سیاسی امور مجید تخت روانچی نے کی، مشاورت کے دوران دوطرفہ تعلقات .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی حکومت نے تباہ کن سیلاب سے مالی نقصانات کی تفصیلات جاری کر دیں

جون تا ستمبر 2025ء کے سیلاب سے معیشت کو 822 ارب روپے سے زائد نقصان ہوا، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے تباہ کن سیلاب سے مالی نقصانات کی تفصیلات جاری کر دیں، جون تا ستمبر 2025ء کے سیلاب سے معیشت کو 822 ارب روپے سے زائد نقصان ہوا۔ سرکاری دستاویز کے مطابق رواں مالی سال کے دوران جی ڈی پی شرح نمو میں 0.3 سے 0.7 فیصد تک کمی کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ دستاویز میں بتایا گیا ہے کہ ترقی کی مجموعی شرح 4.2 فیصد سے کم ہو کر 3.5 فیصد تک آ سکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق سیلاب مہنگائی میں اضافے کا باعث بھی بنا، اگست سے اکتوبر تک مہنگائی کی شرح میں 2.6 فیصد .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

میرے دل میں نفرت کیلئے کوئی جگہ نہیں، طلحہ انجم

بھارتی پرچم لہرانے پر تنقید کے جواب میں معروف پاکستانی ریپر کا موقف

لاہور (بیورو رپورٹ) معروف پاکستانی ریپر طلحہ انجم نے حال ہی میں نیپال میں ہونے والے اپنے کنسرٹ کے دوران بھارتی پرچم اٹھانے کی ویڈیو وائرل ہونے کے بعد سوشل میڈیا پر ہونے والی بحث اور تنقید پر ردعمل دیا ہے۔ گزشتہ دنوں سوشل میڈیا پر طلحہ انجم کے نیپال میں ہونے والے ایک کنسرٹ کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی جس پر پاکستانی صارفین کی جانب سے شدید ردعمل دیکھنے میں آیا تھا۔ کئی صارفین نے ریپر کے اس عمل کو سیاسی تناظر میں دیکھا، جبکہ بعض مداحوں نے اسے فن اور ثقافت کی حدود سے بالاتر ایک اقدام قرار دیا۔ .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

تعمیرات کے نام پر متعدد شاہراہیں بند، کوئٹہ میں شدید ٹریفک جام

ہزاروں گاڑیاں اور ایمبولینس ٹریفک میں پھنس گئیں مریض خواتین بچے اور ضعیف العمر شہریوں کو شدید مشکلات

سیکورٹی کے نام پر کوئٹہ کی سڑکوں کو عوام کی آمدورفت کیلئے بند کر کے لوگوں کو مشکلات سے دوچار کرنا معمول بن گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کو سیکورٹی کے نام پر شاہراہوں انٹرنیٹ اور نیٹ کو بند کر کے شہر کو مقید گاہ بنا دیا گیا کئی گھنٹوں تک ٹریفک جام رہنے سے ہزاروں گاڑیاں اور ایمبولینس ٹریفک میں پھنس گئی جس کی وجہ سے مریض خواتین بچے اور ضعیف العمر شہری رول گئے حکومت انتظامیہ ٹریفک پولیس خواب خرگوش کے مزے لیتے رہے اور شہری بدترین ٹریفک میں پھنسے رہے جبکہ حکمرانوں اور ارباب اختیار عوام کو سیکورٹی کے نام پر مشکلات میں پھنسا کر خود عیاشیوں میں مصروف ہیں کوئٹہ جو کہ بلوچستان کا دارالحکومت ہے جو ماضی میں لٹل .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، ڈاکٹر آفتاب کاکڑ، روبیلا اور خسرہ مہم کے افتتاح کے موقع پر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

صحبت پور، گھر میں آگ لگنے سے بچہ جھلس کر جاں بحق

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ضلع صحبت پور کے علاقے میں ایک گھر میں آگ لگنے سے ایک بچہ جاں بحق جبکہ ہزاروں روپے نقدی تمام گھریلو سامان جل کر خاکستر ہو گیا پولیس کے مطابق ضلع صحبت پور کے علاقے فرید آباد کوٹھ امتیاز خان کولہ نصیر شاخ میں محمد شعبان کو بہر کے گھر اچانک آگ لگنے سے ان کا ایک معصوم بچہ امتیاز علی آگ کی لپیٹ میں آ کر ہلاک ہو گیا جبکہ ہزاروں روپے نقدی تمام گھریلو سامان جل کر راکھ ہو گیا متاثرہ خاندان نے حکومت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ سے اپیل کی ہے

بلوچستان کی خواتین پارلیمانی کاکس کو مزید مضبوط بنایا جائے، ڈپٹی سپیکر

غزالہ گولہ کی زیر صدارت اجلاس، فرح عظیم شاہ، شہناز عمرانی، شاہدہ رؤف، بی بی سلمیٰ کلثوم نیاز بھی شریک

کوئٹہ (اے پی پی) ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ کی زیر صدارت خواتین پارلیمانی کاکس کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں فرح عظیم شاہ، شہناز عمرانی، شاہدہ رؤف، بی بی سلمیٰ کلثوم نیاز بلوچ، سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، ایڈیشنل سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمان اور محکمہ قانون کے نمائندگان بھی موجود تھے اجلاس کا مقصد خواتین پارلیمانی کاکس کی مزید مضبوط .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

تربت، بانک چڑھائی کے قریب سے 2 افراد کی لاشیں برآمد

لاشوں کی شناخت ظریف لعل اور فاروق نعیم کے نام سے ہوئی، پولیس نے تحقیقات کا آغاز کر دیا

تربت (یو این اے) تربت نو پیدا رک روڈ کے قریب بانک چڑھائی سے دو افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں پولیس کے مطابق لاشوں کی شناخت بلور کے رہائشی ظریف لعل اور فاروق نعیم کے نام سے ہوئی ہے۔ مزید تحقیقات کیلئے لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، جبکہ پولیس نے واقعہ کی تحقیقات شروع کر دی ہیں اور ممکنہ محرکات و ملزمان کی تلاش کیلئے اقدامات جاری ہیں۔

بلدیاتی ادارے مسائل کے حل کیلئے خدمات انجام دے رہے ہیں، ایچ ڈی پی

کوئٹہ کے شہریوں کو بلدیاتی نمائندوں سے یکسر محروم رکھا گیا، مرکزی بیان

کوئٹہ (این این آئی) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں ضلع کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کو عوام کی ضرورت اور وقت کے تقاضوں کے عین مطابق قرار دیتے ہوئے کہا کہ صوبے بھر میں بلدیاتی ادارے عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے خدمات انجام دے رہے ہیں جبکہ کوئٹہ کے شہریوں کو بلدیاتی نمائندوں سے محروم رکھ کر ان پر جعلی صوبا........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی اسمبلی اجلاس میں بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا ترمیمی مسودہ قانون پیش کر رہے ہیں

قلات منشیات فروشوں کیخلاف کارروائی جاری، ٹرک سے 6 پیکٹ چرس برآمد ملزمان گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) قلات پولیس کی منشیات کے خلاف کارروائی، ٹرک سے 6 پیکٹ چرس برآمد ملزمان گرفتار، قلات پولیس کو اطلاع ملی کہ کوئٹہ سے کراچی جانے والے ایک ٹرک کے خفیہ خانوں میں منشیات چھپائی گئی ہے اس اطلاع پر ایس پی قلات سید زاہد حسین شاہ نے خصوصی پٹرولنگ ٹیموں کو متحرک کیا اور کوئٹہ سے آنے والے تمام ٹرکوں کی سخت چیکنگ کا حکم دیا، ایس ایچ او صدر جان محمد لانگو ایڈیشنل ایس ایچ او صدر شمس جمالی عبد المجید رئیسانی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے تقریبا 12/30 بجے، ایک ٹرک جس کا رجسٹریشن No.TKV-784، کرومائیٹ سے لدے ہوئے، کو روک کر چیک کیا گیا تلاشی کے دوران ٹرک کے ڈیزل ٹینک سے چھ پیکٹ چرس برآمد ہوئے جن کا وزن 6138 گرام تھا ٹرک میں موجود ڈرائیور اور کلینرز کو گرفتار کر لیا گیا

بڑھتی ہوئی آبادی پاکستان کی ترقی میں بڑی رکاوٹ ہے، وزیر خزانہ

پاکستان اب پائیدار اقتصادی نمو کی راہ پر گامزن ہے، آبادی کے لحاظ سے وسائل کا انتظام کرنا ہوگا

آبادی اور موسمیاتی تبدیلیاں پاکستان کیلئے دو بنیادی وجودی خطرات ہیں، سینیٹر اورنگزیب کا خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان استحکام کی منزل کے حصول کے بعد اب پائیدار اقتصادی نمو کی راہ پر گامزن ہے، آبادی کے لحاظ سے وسائل کا انتظام کرنا ہوگا، تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی اور موسمیاتی تبدیلیاں پاکستان کیلئے دو بنیادی وجودی خطرات ہیں۔ پیر کو یہاں پاپولیشن کونسل کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ ویلفیئر انڈیکس آف پاکستان کے اجراء کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان استحکام کی منزل کے حصول کے بعد اب پائیدار .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سکولوں اور کالجوں میں انٹرنیٹ کی فراہمی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان حکومت کسانوں کو سبسڈی پر کھاد کی فراہمی یقینی بنائے، کسان اتحاد پاکستان

گندم 4500 اور گنا 600 روپے ریٹ مقرر نہیں کئے گئے تو آئندہ سال کاشت میں کمی آئے گی، چیئرمین خالد حسین باٹھ

کپاس کی 38 لاکھ بیلز کی کمی سامنے آئی جو کل پیداوار 1 کروڑ 35 لاکھ گانٹھ ہوتی تھی اب 90 لاکھ کے قریب رہ گئی ہے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کسان اتحاد پاکستان کے چیئرمین خالد حسین باٹھ نے کہا ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں گندم کا ریٹ 4500 روپے فی من اور گنے کا ریٹ 600 روپے فی من مقرر کریں اگر حکومت نے ریٹ مقرر نہیں کیا تو کسان اگلے سیزن میں گندم کاشت نہیں کریں گے، پنجاب اور سندھ میں 41 میں سے پنجاب میں صرف 15 ملوں نے کرشنگ شروع کی ہے جبکہ باقی ملز تا حال بند پڑی ہیں، بلوچستان حکومت بھی سندھ کی طرح کسانوں کو سبسڈی پر کھاد کی فراہمی کو یقینی بنائے تا کہ کسان زیادہ سے زیادہ گندم کی کاشت .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

حیدر آباد، آتشبازی دھماکے کا ایک اور زخمی چل بسا، تعداد 10 ہوگئی

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) لطیف آباد میں آتش بازی کا سامان بنانے والے کارخانے میں دھماکے اور آتشزدگی کے واقعے کا ایک اور زخمی نوجوان جان کی بازی ہار گیا جس کے باعث ہلاکتوں کی تعداد 10 ہوگئی۔ سول اسپتال کے انچارج برنس وارڈ ڈاکٹر روشن چانڈیو کے مطابق 30 سالہ وقاص ولد ارشد سول اسپتال کے آئی سی یو میں زیر علاج تھا

کوئٹہ میں موسم سرد ہونے کے باعث شہری لنڈا بازار سے گرم ملبوسات خرید رہے ہیں

لاہور میں آسیان کانفرنس کا تاریخی انعقاد اہم پیشرفت ہے، محمد عبدالقادر

خطے میں اقتصادی، تجارتی اور سفارتی سطح پر نئے مواقع حاصل ہونے کی توقع ہے، سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ لاہور میں آسیان کانفرنس کا تاریخی انعقاد، علاقائی سفارت کاری میں انتہائی اہم پیش رفت ہے آسیان کانفرنس پاکستان کی سفارتی تاریخ میں ایک نمایاں سنگ میل حیثیت رکھتی ہے جہاں جنوب مشرقی ایشیائی ممالک کے مندوبین اور ماہرین شرکت کر رہے ہیں یہ پہلا موقع ہے کہ پاکستان میں اس سطح کی آسیان کانفرنس منعقد ہو رہی ہے جس کے ذریعے .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں امن و امان نام کی کوئی شے موجود نہیں، میر اسد بلوچ

حکومتی ارکان جو دعوے کر رہے ہیں وہ بے بنیاد اور جھوٹ پر مبنی ہیں، سربراہ بی این پی (عوامی)

بی این پی عوامی واحد جماعت جو عوام کے مفاد کیلئے آواز بلند کر رہی ہے، میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے سربراہ میر اسد بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن و امان نام کی کوئی چیز نہیں ہے اور نہ حکومتی رٹ ہے حکومتی ارکان امن و امان کے حوالے سے جو دعوے کر رہے ہیں وہ بے بنیاد اور جھوٹ پر مبنی ہیں حکومت اس حوالے سے سنجیدگی کے ساتھ کوشش کرے اور امن کی بحالی کیلئے اقدامات اٹھائے بی این پی عوامی واحد جماعت ہے جو دیگر اپوزیشن کی نسبت اسمبلی فلور پر عوام کے مفاد .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب، فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق

ژوب (آن لائن) ژوب فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، تفصیلات کے مطابق جامع مسجد کے قریب مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص اکرام اللہ قوم کاکڑ ساکن نیو آبادی موقع پر جاں بحق ہو گیا۔

سینیٹر شیخ سعید الحسن مندوخیل و دیگر اعلیٰ حکام اسمبلی اجلاس کی کارروائی دیکھ رہے ہیں

بلوچستان کے عوام حقوق و اختیارات سے محروم ہیں، مولانا ہدایت الرحمن

صوبے میں انٹرنیٹ، بارڈرز، تجارت، ریلوے بند، بلوچستان کے لوگ پریشان اور مایوسی کا شکار ہیں، صوبائی امیر جماعت اسلامی

بلوچستان میں ہر طرف مایوسی و پریشانی اور غربت و بے روزگاری کا دور دورہ ہے، مینار پاکستان اجتماع کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان بھر میں جماعت اسلامی کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے اجتماع عام کی تیاریاں تیزی سے جاری ہیں اسی سلسلے میں جماعت اسلامی بلوچستان کے ذمہ داران کا ایک اہم اجلاس جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹریٹ میں امیر صوبہ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امراء زاہد اختر بلوچ مولانا عبدالکبیر شاکر، مولانا محمد عارف دمڑ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری پروفیسر سلطان محمد کاکڑ، فنانس سیکرٹری سلطان محمد مختی، سیکرٹری اطلاعات عبدالولی خان شا........ بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر